# اتحاد و تعاون کے ساتھ

# توانائی کے مستقبل کی تشکیل

سالانہ رپورٹ 2020ء

شیل پاکستان لمیٹڈ

## بہتر کل کی طرف گامزن

شیل پاکستان، حکومت، توانائی کی صنعت اور معاشرے کے تعاون سے پائیدار توانائی کے مستقبل کی تعمیر پر یقین رکھتی ہے۔

جنوبی ایشیائی خطے میں 120 سال سے زیادہ کی میراث رکھنے والی، پاکستان کی ایک پرانی ملٹی نیشنل کمپنی ہونے کے ناتے، شیل ترقی اور ڈرائیونگ میں اختراعات لانے کے لیے قوم کے ساتھ اشتراک کرتی ہے۔

یہ ملک کے سب سے معروف برانڈز میں سے ایک ہے اور ملک میں توانائی کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے پُرعزم رہتے ہوئے، لوگوں، اثاثوں اور کمیونٹیز، جن میں ہم کام کرتے ہیں، کے لیے صحت، حفاظت اور ماحولیاتی تحفظ کے طریقوں کو ترجیح دیتا ہے۔

شیل دنیا بھر سے توانائی کی بہترین ٹیکنالوجی اور جدت طرازی کو پاکستان لانے کے لیے پُرعزم ہے۔ آیئے، آنے والے کل میں توانائی کے مستقبل کی تعمیر کے لیے ایک ساتھ مل کر اقدامات کریں۔

# فہرست


| | |
|---|---|
| گورننس اور کمپلائنس | 4 |
| کمپنی کی معلومات | 6 |
| نصب العین | 7 |
| عمومی کاروباری اصولوں کا بیان | 8 |
| چیئرپرسن کا ریویو | 12 |
| بورڈ آف ڈائریکٹرز | 15 |
| ڈائریکٹرز کی رپورٹ | 19 |
| سالانہ جنرل میٹنگ کا نوٹس | 22 |
| کمپلائنس کا بیان | 24 |
| آڈیٹرز کی غیر جانب دار جائزے کی رپورٹ | 27 |
| ہماری کارکردگی | 28 |
| ریٹیل | 29 |
| لبریکینٹس | 33 |
| ایوی ایشن | 35 |
| ایچ ایس ایس ای کارکردگی | 37 |
| ہمارے لوگ | 41 |
| سماجی کارکردگی | 43 |
| مالی معاملات | 47 |
| کارکردگی ایک نظر میں | 48 |
| آپریٹنگ اور مالی جھلکیاں | 50 |
| غیر جانب دار آڈیٹرز کی رپورٹ | 52 |
| مالی حیثیت کا بیان | 55 |
| نفع یا نقصان اور جامع آمدنی کا بیان | 56 |
| ایکویٹی میں تبدیلی کا بیان | 57 |
| نقدرقوم کے بہاؤ کا بیان | 58 |
| مالی گوشواروں کے بارے میں نوٹس | 59 |
| بورڈ کی حاضری | 111 |
| شیئر ہولڈنگ کا پیٹرن | 112 |
| پراکسی کا فارم | 117 |

## اختراعات کو بڑھاتے ہوئے

دس سال سے زیادہ عرصے سے، پاکستانی طلبا کی ٹیمیں قوم کی نمائندگی کر رہی ہیں اور دنیا کے سب سے بڑے انجینئرنگ اختراعات کے مقابلے شیل ایکو میراتھن (Shell Eco-marathon) میں حصہ لے رہی ہیں۔ نوجوان موجدوں (innovators) کو جدید اختراعات بارے میں سوچنے کی ترغیب دیتے ہوئے، یہ مقابلہ دنیا بھر کے طلبا کو چیلنج کرتا ہے کہ وہ سب سے زیادہ توانائی بچانے والی گاڑی ڈیزائن کر کے تیار کریں اور ان کی جانچ کر کے انھیں چلائیں۔

شیل ایکو میراتھن کے گزشتہ مقابلہ میں حصہ لینے والی پاکستانی طلبا میں سے ایک ٹیم نے 72 کلومیٹر فی لیٹر سفر کرنے والی کار کو ڈیزائن کیا اور چلایا۔ یہ 2010ء کے بعد سے شیل ایکو میراتھن مقابلوں میں حصہ لینے والی پاکستانی طلبا ٹیموں کی کامیابیوں میں سے ایک ہے۔ ہم اب منتظر ہیں کہ اس سال پاکستان کے نوجوان کیا بناتے ہیں۔

معاشی خوش حالی کے لیے لوگوں اور سامان کو موثر طور پر بحفاظت منتقل کرنا ناگزیر ہے۔ شیل ایکو میراتھن ہمارے صاف ستھرے فیولز کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ترقی میں حصہ لینے کے ہمارے مقصد کو زندگی دیتا ہے۔

# کمپنی کی معلومات

| | |
|---|---|
| بورڈ آف ڈائریکٹر | رفیع ایچ بشیر (چیئرپرسن)<br>ہارون راشد<br>پرویز غیاث<br>عمران آر ابراہیم<br>مدیحہ خالد<br>ظفر اے خان<br>جان کنگ چونگ لُو<br>عامر آر پراچہ<br>وقار آئی صدیقی<br>بدرالدین ایف ویلانی<br>فیصل وحید |
| چیف ایگزیکٹو | ہارون راشد |
| آڈٹ کمیٹی | عمران آر ابراہیم (چیئرپرسن)<br>رفیع ایچ بشیر<br>بدرالدین ایف ویلانی |
| کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے | ظفر اے خان (چیئرپرسن)<br>پرویز غیاث<br>ہارون راشد<br>وقار آئی صدیقی |
| کمپنی کے سیکرٹری | لالہ رخ حسین - شیخ |
| رجسٹرڈ دفتر | شیل ہاؤس،<br>6 چوہدری خلیق الزمان روڈ،<br>کراچی 75530<br>پاکستان |
| آڈیٹرز | ای وائے فورڈ رہوڈز |
| لیگل ایڈوائزرز | ویلانی اینڈ ویلانی، ایڈووکیٹس اینڈ سالیسیٹرز |
| رجسٹرار اور شیئر رجسٹریشن دفتر | فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ<br>8 ایف، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری،<br>بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس<br>شاہراہِ فیصل<br>کراچی-75400 |

# نصب العین

پاکستان میں توانائی کی صفِ اوّل کی کمپنی بننا

# عمومی کاروباری اصولوں کا بیان

شیل کے عمومی کاروباری اصول کا مطلب ہے کہ شیل گروپ، جس میں شیل پاکستان لمیٹڈ شامل ہے، اپنے معاملات کو کس طرح انجام دیتا ہے۔

## ہماری اقدار کے ساتھ رہنا

شیل گروپ میں شامل ہر کمپنی کے مقاصد تیل، گیس، کیمیکل اور دیگر منتخب کاروباروں میں مستعدی، ذمہ داری سے اور منافع بخش طور پر شامل ہونا نیز صارفین کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور دنیا کی ارتقاپذیر توانائی کی طلب کو پورا کرنے کے لیے توانائی کے دیگر ذرائع کی تلاش اور تیاری میں حصہ لینا ہے۔

ہم مسابقتی ماحول، جس میں ہم نے کام کرنے کا انتخاب کیا ہے، میں ایک مضبوط طویل مدتی اور نموپذیر حیثیت کو برقرار رکھتے ہوئے کارکردگی کا اعلیٰ معیار تلاش کرتے ہیں۔ ہم توانائی اور قدرتی وسائل کے زیادہ موثر اور پائیدار استعمال کی جانب بڑھنے کے لیے اپنے صارفین، پارٹنرز اور پالیسی سازوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ان اصولوں کا اطلاق یقین دہانی کے طریقہ کار کے ایک جامع مجموعے کے ذریعے کیا گیا ہے، جو اس امر کو یقینی بنانے کے لیے وضع کیے گئے ہیں کہ ہمارے ملازمین اور کاروباری شراکت دار ان اصولوں کو سمجھتے ہیں اور ان کے مطابق کام کرنے کی تصدیق کرتے ہیں۔ کاروباری اصول کئی برسوں سے بنیادی حیثیت کے حامل ہیں کہ ہم اپنے کاروبار کو کس طرح چلاتے ہیں اور ان کے مطابق زندگی گزارنا ہماری مسلسل کامیابی کے لیے اہم ہے۔



## ہماری اقدار

شیل کے ملازمین بنیادی اقدار کے ایک مجموعے - ایمانداری، سالمیت اور لوگوں کے لیے احترام - پر عمل کرتے ہیں۔ ہم بھروسے، کشادہ دلی، ٹیم ورک اور پیشہ ورانہ مہارت، اور اپنے کام پر فخر جیسے بنیادی اصولوں کی اہمیت پر بھی راسخ یقین رکھتے ہیں۔

## پائیدار ترقی

کاروباری اصول کے طور پر، ہم پائیدار ترقی میں حصہ لینے کا عزم رکھتے ہیں۔ اس کے لیے قلیل اور طویل مدتی مفادات میں توازن پیدا کرنے، اقتصادی، ماحولیاتی اور سماجی تحفظات کو کاروباری فیصلہ سازی میں ضم کرنا ضروری ہے۔

## ذمہ داریاں

شیل ذمہ داری کے پانچ شعبوں کی نشان دہی کرتی ہے۔ یہ انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ ترجیحات کا مسلسل جائزہ لے اور اس جائزے کی بنیاد پر ان ناگزیر ذمہ داریوں کو بجالائے۔

### الف۔ شیئر ہولڈرز کے لیے

شیئر ہولڈرز کی سرمایہ کاریوں کا تحفظ اور صنعت میں دیگر نمایاں کمپنیوں کے مقابلے میں طویل مدتی منافع کی فراہمی

### ب۔ صارفین کے لیے

قیمت، معیار، تحفظ، ماحولیاتی اور کمرشل مہارتوں کے لحاظ سے خوبیوں کی پیش کش کرنے والی پراڈکٹس اور خدمات کی تیاری اور فراہمی کے ذریعے صارفین کا دل جیتنا اور انھیں اپنے ساتھ رکھنا

### ج۔ ملازمین کے لیے

ہمارے ملازمین کے انسانی حقوق کا احترام اور انھیں کام کی اچھی اور محفوظ صورتِ حال اور ملازمت کی مسابقتی شرائط وضوابط فراہم کرنا۔ اپنے ملازمین کی صلاحیتوں کی ترقی اور ان کے بہترین استعمال کو فروغ دینے کے لیے کام کا ایک جامع ماحول پیدا کرنا جہاں ہر ملازم کو اپنی صلاحیتوں اور قابلیت کو بڑھانے کا مساوی موقع ملتا ہے۔ ملازمین کے کام کی منصوبہ بندی اور سمت بندی میں ان کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنا اور خدشات کی اطلاع کے لیے ذرائع مہیا کرنا۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ کمرشل کامیابی کا دارومدار تمام ملازمین کی مکمل وابستگی پر ہے۔

### الف۔ وہ جن کے ساتھ ہم کاروبار کرتے ہیں

کانٹریکٹرز، سپلائرز، اور مشترکہ اموریں اور شیل کے ان عمومی کاروباری اصولوں یا ان تعلقات میں مساوی اصولوں کے نفاذ کو فروغ دینا۔ ایسے تعلقات میں داخل ہونے یا ان کے قائم رہنے کے فیصلے میں ان اصولوں کو مؤثر طریقے سے فروغ دینے کی اہلیت ایک اہم عنصر ہوگی۔

### ب۔ معاشرے کے لیے

معاشرے کے ذمہ دار کارپوریٹ رکن کے طور پر کاروبار کرنا، قابلِ اطلاق قوانین وضوابط کی تعمیل کرنا، کاروبار کے قانونی کردار کے ساتھ بنیادی انسانی حقوق کی معاونت کرنا اور صحت، تحفظ، سلامتی اور ماحولیات کا مناسب طور پر خیال رکھنا۔

## اصول 1: کفایت

ہماری کاروباری مقاصد کو حاصل کرنے اور ہماری مستقل نمو کے لیے طویل مدتی نفع آوری لازمی ہے۔ یہ کارکردگی اور قیمت دونوں کی پیمائش ہے جو صارفین شیل کی مصنوعات اور خدمات کے

لیے ادا کرتے ہیں۔ اس سے لگاتار سرمایہ کاری کے لیے ضروری کارپوریٹ وسائل کی فراہمی ہوتی ہے جو صارفین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مستقبل میں توانائی کی ترسیل کی تیاری اور پیداوار کے لیے درکار ہوتی ہے۔ منافع اور مضبوط مالی بنیاد کے بغیر، ہماری ذمہ داریاں پوری کرنا ممکن نہیں ہوگا۔

سرمایہ کاری کرنے اور نہ کرنے کے فیصلوں کے معیارات میں پائیدار ترقی کے تحفظات (معاشی، سماجی اور ماحولیاتی) اور سرمایہ کاری کے خطرات کا اندازہ شامل ہے۔

## اصول 2: مسابقت

شیل کمپنیاں آزاد کاروبار کو سپورٹ کرتی ہیں۔ ہم منصفانہ اور اخلاقی طور پر اور مسابقت کے قابل اطلاق قوانین کے دائرہ کار میں رہ کر مقابلہ کرنا چاہتے ہیں؛ ہم دوسروں کو ہمارے ساتھ آزادانہ طور پر مسابقت کرنے سے نہیں روکیں گے۔

## اصول 3: کاروباری ربط

شیل کمپنیاں ہمارے کاروبار کے ہر پہلو میں ایمان داری، ربط، اور منصفانہ پن پر زور دیتی ہیں اور جن کے ساتھ بھی ہم کاروبار کرتے ہیں ان کے ساتھ تعلق میں یہی توقع کرتی ہیں۔ رشوت کی بلاواسطہ یا بالواسطہ پیش کش، ادائیگی، رشوت کی درخواست یا قبولیت کسی بھی شکل میں ناقابلِ قبول ہے۔

سہولت کاری کی ادائیگیاں بھی رشوت ہوتی ہیں اور یہ نہیں ہونی چاہئیں۔ ملازمین کو اپنی نجی سرگرمیوں اور کمپنی کے کاروبار کو چلانے میں ان کے حصے کے مابین مفادات کے تصادم سے گریز کرنا چاہیے۔ ملازمین کو اپنی آجر کمپنی کو مفادات کے ممکنہ تصادم کے بارے میں بھی واضح طور پر بتانا ہوگا۔ شیل کمپنی کی جانب سے تمام کاروباری لین دین کی عکاسی کمپنی کے کھاتوں میں درست اور منصفانہ انداز میں اور طے شدہ طریقہ کار کے مطابق ہوں، جن کے لیے آڈٹ اور انکشاف (disclosure) لازمی شرط ہیں۔

## اصول 4: سیاسی سرگرمیاں

### الف۔ کمپنیوں کی

شیل کمپنیاں ان ممالک کے قوانین کے تحت سماجی طور پر ذمہ دارانہ انداز میں کام کرتی ہیں جن میں ہم اپنے قانونی کمرشل مقاصد کے حصول میں کام کرتے ہیں۔

شیل کمپنیاں سیاسی جماعتوں، تنظیموں یا ان کے نمائندوں کو ادائیگی نہیں کرتی ہیں۔ شیل کمپنیاں پارٹی سیاست میں حصہ نہیں لیتی ہیں۔ تاہم، حکومتوں کے ساتھ معاملات کرتے وقت، شیل کمپنیوں کا یہ حق اور ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ کسی بھی معاملے میں، جو ہمیں، ہمارے ملازمین، ہمارے صارفین، ہمارے شیئر ہولڈرز یا مقامی کمیونٹیز کو متاثر کرتا ہو، میں ہماری بنیادی اقدار اور کاروباری اصولوں کے مطابق ہماری پوزیشن کو واضح کر سکیں۔

### ب۔ ملازمین کی

جہاں افراد کمیونٹی سرگرمیوں میں حصہ لینا چاہتے ہیں، بشمول حکومت بنانے کا انتخاب لڑنے کے لیے، تو جہاں یہ مقامی حالات کی روشنی میں مناسب ہوگا وہاں انھیں ایسا کرنے کا موقع دیا کیا جائے گا۔

## اصول 5: صحت، سیفٹی، سیکورٹی، اور ماحول

کارکردگی میں مسلسل بہتری کے حصول کے لیے شیل کمپنیاں صحت، سیفٹی، سیکورٹی اور ماحولیاتی انتظام کے لیے منظم انداز اختیار کرتی ہیں۔

اس مقصد کے لیے، شیل کمپنیاں ان معاملات کا انتظام اہم کاروباری سرگرمیوں کے طور پر کرتی ہیں، بہتری کے معیار اور اہداف طے کرتی ہیں، اور خارجی اعتبار سے کارکردگی کی پیمائش، تشخیص اور رپورٹ کرتی ہیں۔

ہم اپنے آپریشنز، مصنوعات اور خدمات کے ماحولیاتی اثرات کو کم کرنے کے لیے مستقل طور پر طریقے تلاش کرتے رہتے ہیں

## اصول 6: مقامی کمیونٹیز

شیل کمپنیوں کا مقصد ہے کہ وہ اچھے پڑوسی ثابت ہوں، ان طریقوں کو مستقل طور پر بہتر بناتے ہوئے جن سے ہم اُن کمیونٹیز کی عمومی بہبود میں بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر حصہ لیتے ہیں، جن میں ہم کام کرتے ہیں۔

ہم اپنی کاروباری سرگرمیوں کے معاشرتی اثرات کے بارے میں محتاط رہتے ہیں اور مقامی کمیونٹیز کے فوائد میں اضافے، نیز اپنی سرگرمیوں کے کسی بھی منفی اثرات کو کم کرنے کے لیے دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

مزید برآں، شیل کمپنیاں ان سماجی معاملات میں تعمیری دلچسپی لیتی ہیں جو ہمارے کاروبار سے بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق رکھتے ہیں۔

## اصول 7: ابلاغ اور تعلق

شیل کمپنیاں اس بات کو تسلیم کرتی ہیں کہ ہمارے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ باقاعدہ بات چیت اور تعلق ضروری ہے۔ ہم قانونی طور پر دلچسپی رکھنے والے فریقوں کو اپنی کارکردگی کی مکمل متعلقہ معلومات فراہم کرکے اطلاع دہندگی (رپورٹنگ) کے پابند ہیں، جو کاروبار کی رازداری کے کسی بھی اہم نظریے سے مشروط ہیں۔

ملازمین، کاروباری شراکت دار اور مقامی برادریوں کے ساتھ ہمارے میل جول میں، ہم ان کی رائے کو ایمانداری اور ذمہ داری کے ساتھ سننے اور ان کا جواب دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

## اصول 8: کمپلائنس

ہم جن ممالک میں ہم کام کرتے ہیں ان کے تمام قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرتے ہیں۔

# چیئرپرسن کا ریویو

**31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے**

## عزیز شیئر ہولڈرز

شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، میں 31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے پیش کرنا چاہوں گا۔

دورانِ سہ ماہی آپ کی کمپنی کی توجہ اپنی اسٹریٹیجک ترجیحات اور آپریشنل فضیلت پر مرکوز رہی اور ملک میں موجود کلی معاشی دشواریوں کے باوجود، ہم نے 2020 کی چوتھی سہ ماہی میں کامیابی کے ساتھ 1240 ملین روپے کا منافع بعد از ٹیکس حاصل کیا۔

2020 کے لیے کمپنی کی مجموعی کارکردگی میں، سال کی دوسری ششماہی کے دوران 3052 ملین روپے کے نفع بعد از ٹیکس کے ساتھ نمایاں بحالی دیکھنے میں آئی جبکہ سال کی پہلی ششماہی خاصی دشوار کُن تھی جس کی بنیادی وجہ ملک بھر میں لاک ڈاؤن کے اقدامات کے ساتھ غیر اہم کاروباری اداروں، فیکٹریوں اور عوامی نقل و حمل کی بندش تھی جس کے نتیجے میں فیول کی منڈی روبہ زوال رہی۔ تیل کی بین الاقوامی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ سے اس میں اضافہ ہوا۔ ان واقعات کے نتیجے میں، آپ کی کمپنی کے مالی نتائج پر بہت زیادہ اثر پڑا، اور سال کی دوسری ششماہی میں بحالی کے باوجود، آپ کی کمپنی کو 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے 4،821 ملین روپے کے بعد از ٹیکس خالص نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔

ان دشوار حالات میں، ہم ستمبر 2020ء میں ملک کے پٹرولیم قیمتوں کے طریقہ کار کی فریکوینسی (frequency) کو ماہانہ سے لے کر پندرہ ایام تک تبدیل کرنے اور ان کی پلیٹس آئل گرام (Platts Oilgram) میں شائع ہونے والے عرب گلف مین آئل (Arab Gulf Mean Oil) کی قیمتوں پر اساس بندی کے حکومتی اقدام کو تسلیم کرتے ہیں۔ یہ صنعت کے لیے بہت خوش آئند تبدیلی ہے کیونکہ یہ فیول کی قیمتوں میں منصفانہ مسابقت اور ہم آہنگی کو بین الاقوامی قیمتوں کے رجحانات کے ساتھ یقینی بناتا ہے اور قانونی قیمتوں کا تعین کرنے والے طریقہ کار جس کا انحصار پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی کی خریدی گئی کنسائمنٹ کی تاریخوں پر ہوتا ہے، کی وجہ سے ہونے والے اتار چڑھاؤ کو کم کرتا ہے۔ اس سال حکومت نے فیولز (ڈیزل اور موگیس) گریڈ کو یورو II کے معیار سے بڑھا کر یورو V کے معیار میں اپ گریڈ کر دیا جس کو 17-2016ء میں متعارف کرایا گیا تھا۔ اس سے موٹر گاڑیوں کے اخراج کو کم کر کے پاکستان کے لیے صاف ستھری ہوا کے معیار کی راہ ہموار ہوگی۔

صحت، سیفٹی، سیکورٹی اور ماحول (HSSE) کے معیارات کے لحاظ سے پاکستان میں صفِ اول کی آئل مارکیٹنگ کمپنی (OMC) ہونے کے ناتے، آپ کی کمپنی نے اپنی تمام سائٹوں پر حفاظت کو یقینی بنانے پر لگاتار توجہ مرکوز رکھی اور پاکستان بھر میں اپنے کاروبار کے محفوظ آپریشنز کو یقینی بنانے پر اپنی توجہ مرکوز کرتے ہوئے صنعت میں ممتاز مقام برقرار رکھا، نیز اپنے عملے، کاروباری شراکت داروں، اور صنعت کے شراکت داروں کے ساتھ مستقل انہماک، مشقوں اور ورکشاپس کے ذریعے سیکورٹی کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے؛ اس طرح ہم سیفٹی اور مطابقت کے معیارات کے لحاظ سے صنعت میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔

دورانِ سال، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کارپوریٹ گورننس کے موثر اور مضبوط نظام کے نفاذ کو یقینی بناتے ہوئے دشوار کُن حالات میں آپ کی کمپنی کو چلانے کے لیے قیادت فراہم کی۔

## لبریکینٹس

لبریکینٹس شیل پاکستان کے مجموعی کاروبار کے کلیدی عامل بنے رہے۔ گذشتہ سہ ماہی اور گذشتہ برس کی اسی سہ ماہی کے مقابلے میں 2020ء کی آخری سہ ماہی میں لبریکینٹس کے کاروبار میں نمایاں اضافہ ہوا۔

چونکہ معاشی سرگرمی عروج پر ہے، شیل ریمولا نے ایک دہائی پر محیط اپنی ساکھ کی روشنی میں ایک بار پھر صارفین کی توجہ اپنی طرف مبذول کروالی، جس کا آغاز حیدرآباد بیلٹ سے ہوتے ہوئے زرعی موسم کے آغاز کے ساتھ ہی یہ پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے، تاکہ برانڈ کو صارفین کے دلوں اور ذہنوں میں زندہ رکھنے کی کوشش کی جائے اور شیل پاکستان لمیٹڈ (ایس پی ایل) سال 2021ء کا آغاز مثبت طور پر پورے اعتماد کے ساتھ کرسکے۔

## ریٹیل

آپ کی کمپنی نے پاکستان میں اپنے نیٹ ورک میں مسلسل اضافے اور صارفین کو بے مثال فورکورٹ کے تجربے کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زندگی کے سفر کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کی۔ آپ کی کمپنی نے شیل وی پاور کے ساتھ تیار کردہ، اسپیشلسٹ موٹر آئلز شیل ہیلکس پاور اور شیل ہیلکس پروڈیکٹ کا آغاز کیا، تاکہ انجن کو طاقت اور نئی زندگی مل سکے۔ آپ کی کمپنی نے صارفین کو متاثر کرنے کے لیے نئی اور پہلے سے مربوط ریٹیل آفرز کے ذریعے نان فیول ریٹیلنگ میں اپنی مضبوط بنیاد کو مزید بڑھایا اور اہم ریٹیل سائٹس پر والز، لیز، پاکستان ٹوبیکو کمپنی، کیلوگز، لُو، ریڈبُل اور لاؤکر کے ساتھ شراکت داری پر دستخط کیے۔

حفاظت ہماری توجہ کا مرکز رہی ہے اسی لیے، آپ کی کمپنی نے کووڈ19 وبائی مرض کے دوران آگاہی پیدا کرنے اور سائٹ عملے کی فلاح و بہبود کے لیے مختلف اقدامات کیے، انھیں سائٹوں کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے لوازمات فراہم کرنے اور صارفین کی حفاظت کو یقینی بناتے ہوئے گلوبل شیل دنیا بھر میں اولین مارکیٹ بن گئی جس نے یہ اقدام کیا۔ آپ کی کمپنی نے یونی لیور کے اینٹی بیکٹیریل صابن برانڈ لائف بوائے کے ساتھ بھی باہمی اشتراک کیا اور شیل ریٹیل اسٹیشنوں کو جراثیم سے پاک کرنے کے لیے ڈومیکس کے ساتھ بھی اشتراک کیا۔ حفظان صحت اور بے رابطہ (contactless) خدمات پر توجہ بڑھانے کی ضرورت کے باعث، آپ کی کمپنی نے آئل کی تبدیلی، کارواش، کیبن کو جراثیم سے پاک کرنے، ٹائر کیئر اور دیگر قیمتی خدمات کی گھر کی دہلیز پر فراہمی کے حوالے سے صارفین کی سہولت کے لیے تین شہروں میں 'شیل@ہوم' شروع کیا ہے۔ کووڈ19 کے باعث ڈیجیٹل خدمات پر انحصار بڑھنے کی وجہ سے ہمارا ترسیل کا پارٹنر فوڈپانڈا، پر اب 15 شیل سلیکٹس موجود ہیں اور مزید پائپ لائن میں ہیں۔ 12 ہزار سے زائد صارفین کو خدمات فراہم کی جاچکی ہیں۔ ہمارے مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں، میڈیکل اسٹاف اور ہمارے روڈ ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کے کپتانوں کے لیے، ہمارے شیل سلیکٹ اسٹورز پر مفت سینیٹائزر اور اسنیکس تقسیم کیے گئے۔ ملکی محاذ پر اظہارِ یکجہتی کے لیے، آپ کی کمپنی نے آغا خان یونیورسٹی ہسپتال (اے کے یو ایچ) اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے لیے فیول کے مفت واؤچرز دیے ہیں۔

آپ کی کمپنی نے سلیکٹ برانڈز اسٹینڈرز پر 30 سے زیادہ اسٹورز چلائے۔ آپ کے کمپنی نے ہمارے نیٹ ورک میں منتخب سائٹوں پر بے نقدی (cash less) خدمات کے لیے ویزا (VISA) کے ساتھ تعاون کیا۔ آپ کی کمپنی نے منتخب مقامات پر آروی آئی ای (Retail Visual Identity Elements) کی تنصیب سے بجلی کی کھپت کو کم کیا نیز نکاسی کے ارتھنگ پوائنٹس کو بھی درست کرکے آپریشنز کی سیفٹی کو یقینی بنایا۔

2020ء کے دوران کلی معاشی چیلنجوں کے باوجود آپ کی کمپنی ہمارے ریٹیلرز اور صارفین کے مفاد میں محفوظ ریٹیل آپریشنز کو چلانے پر زور دیتی رہی ہے لہٰذا، آپ کی کمپنی نے دسمبر میں چوتھی سہ ماہی کے لیے شیل وی-پاور کی اب تک کی سب سے زیادہ فروخت کی۔ ہمارے لبریکینٹس پورٹ فولیو میں بھی گذشتہ برس کے مقابلے میں مقدار میں اضافہ ہوا۔

## سماجی سرمایہ کاری

شیل تعمیر نے این ای ڈی یونیورسٹی کے اشتراک سے اپنا پہلا ورچوئل بوٹ کیمپ لانچ کیا۔ انٹرپرائز ڈویلپمنٹ کے سات ای ماڈیولز پر 34 خواہش مند کاروباری افراد کو تربیت دی گئی جس میں پانچ کاروباری آئیڈیاز کو تسلیم کیا گیا جو توانائی کی جدت، تعلیم، آٹوموبائل خدمات اور مصنوعی ذہانت کے میدان میں قائم ہیں۔ دورانِ سال، توانائی اور غیر توانائی کے شعبے سے تعلق رکھنے والے 22 باضابطہ اور غیر رسمی کاروباری اداروں کی مدد کی گئی اور ان نوجوان کاروباریوں کے ذریعے ملک میں 108 ملازمتیں تخلیق کی گئیں۔ پاکستان سے تین شیل تعمیر کاروباری افراد نے دنیا کے 15 ممالک کی 136 انٹریز میں شیل گلوبل انوویشن ایوارڈ جیتا۔ ایوارڈ پیکیج میں انعامی رقم، عالمی شیل کے ماہر سے تربیتی رہنمائی اور شیل مارکیٹ کے رابطوں سے استفادے کا موقع شامل تھا۔

ہماری کمیونٹیز جن میں ہم کام کرتے ہیں، ان میں اپنی سرمایہ کاری کے تسلسل میں نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کی شراکت سے آپ کی کمپنی نے جنوبی پنجاب میں توانائی کے منصوبے تک رسائی (Access to Energy Project) کا نفاذ کیا ہے، جس میں ہم نے ایک گاؤں کو کلین انرجی سولیوشنز فراہم کیے ہیں۔ اس سال ہم نے پانی کی بلاتعطل فراہمی اور پیداواریت بڑھانے کے لیے ایک اور ٹیوب ویل لگایا اور گاؤں کی مقامی آٹا چکی کی مرمت کروائی۔ اس نے مستقل بنیادوں پر ان کی آمدنی کی سطح اور طرزِ زندگی پر پائیدار بنیادوں پر مثبت اثر ڈالا۔ جو خاندان کلین کُک اسٹوو پر منتقل ہوئے، ان میں سانس کی بیماریوں میں 30 فیصد کمی درج کی گئی۔ اس منصوبے کا مقصد اسے مستقل بنیادوں پر مالی اعتبار سے نمو پذیر بنانا ہے تاکہ بالآخر اس کی ذمہ داری کسی کمیونٹی پر مبنی تنظیم کے حوالے کردی جائے، جو وسیع تر اثرات کے ضمن میں دیگر دیہاتوں میں اسی نوعیت کی اصلاحات کے لیے ممکنہ ماڈل کا کام کرے گا۔

## واجبات، مالی لاگتیں اور ٹیکس کا نظام

آپ کی کمپنی کی مالیات حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجب الادا وصولیوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بھاری بوجھ سے متاثر رہی ہے۔ آپ کی کمپنی ان واجبات کی فنڈنگ کے لیے مالکاری لاگتوں کے ضمن میں بینک سے قرضے پر انحصار کرتی رہی ہے۔ تاہم، ہم کاروباری اداروں پر اثرات میں بہتری کے لیے شرحِ سود میں کمی کے حکومتی اقدام کا خیر مقدم کرتے ہیں، جب نومبر 2020ء کے اختتام پر زری پالیسی اعلان میں حکومت نے 7 فیصد کے پست پالیسی ریٹ کو اس کی سطح پر برقرار رکھا۔ 31 دسمبر 2020ء تک حکومت کی جانب سے مجموعی واجب الوصول واجبات 5331 ملین روپے ہیں۔ واجبات کی بازیابی، موثر انداز میں کاروبار چلانے اور پاکستان میں ترقی کے مواقع پر سرمایہ کاری کو یقینی بنائے رکھنے کے لیے کمپنی کی انتظامیہ متعلقہ حکام سے فعال اور مستقل رابطہ جاری رکھے ہوئے ہے۔

حکومتِ پاکستان نے مالیات ایکٹ 2019ء کے ذریعے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں پر قابلِ اطلاق کم سے کم ریٹ میں 0.25 فیصد اضافہ کیا۔ کم از کم ٹیکس کے نظام کی وجہ سے کمپنی اس مدت میں حاصل کیے گئے منافعوں کی سطح کے باوجود کارپوریٹ ٹیکس ادا کرتی ہے، جو ناجائز طور پر اس کے آپریٹنگ سود کو بڑھا دیتی ہے جبکہ باقاعدہ مارجنز میں کوئی اضافہ نہیں ہوتا۔ ٹرن اوور پر یہ کم از کم ٹیکس ہماری صنعت کے لیے کسی سزا سے کم نہیں اور اس کے نتیجے میں ہمارے انکم ٹیکس کے 29 فیصد کے معیاری کارپوریٹ ریٹ سے بہت بڑھ جاتا ہے۔ ہم آئل اور گیس کے شعبے ان کو الاؤنسز اور پست شرحوں کے مطابق لانے کے لیے ٹیکس حکام سے بات چیت جاری رکھے ہوئے ہیں جو پاکستان میں ان سے ملتے جلتے دیگر باضابطہ (ریگولیٹڈ) شعبوں کو حاصل ہیں۔ آپ کی کمپنی ٹیکس کے نظام میں تبدیلی کے لیے پُرامید ہے اور ہمیں توقع ہے کہ حکام اس اہم مسئلے کو حل کرنے کے لیے فوری اقدام کریں گے۔

## مستقبل کے امکانات

انتظامیہ سیفٹی کی کارکردگی میں گول زیرو کے حصول کی بنیادی سطح کے ساتھ ساتھ آپ کی کمپنی کی مستحکم مالی کارکردگی پر توجہ برقرار رکھنے کے لیے پُرعزم ہے۔

آئندہ برسوں میں کمپنی کی مستقل پائیداری اور نمو کو یقینی بنانے کے لیے آپ کی کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 9 دسمبر 2020ء کے اجلاس میں اپنے موجودہ شیئر ہولڈرز کو رائٹ شیئرز جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں ایک شیئر کے لیے ایک رائٹ شیئر کی شرح ہوگی جس کی مالیت 108 روپے فی شیئر (فی شیئر 98 روپے کا پریمیم) ہے۔ توقع ہے کہ رائٹ کے اجرا سے کمپنی کو بھرپور مالی اور نقد پوزیشن ملے گی جو اس کے جاری سرمائے کی ضروریات کو پورا کرنے اور کمپنی کے کاروباری منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے میں مدد فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مارکیٹ ویلیو سے نیچے رائٹ شیئرز کی آفر کرتے ہوئے شیئر ہولڈرز کی قدر کو بھی بڑھائے گی۔ ہم امید ہے کہ رائٹس کا پراسس 2021ء کی پہلی سہ ماہی تک مکمل ہو جائے گا۔

آپ کا بورڈ آف ڈائریکٹرز اور کمپنی کا نظم وضبط موجودہ چیلنجز کے اثرات کو کم کرنے اور تمام مواقع کو حاصل کرنے کے لیے فعال طور پر کام جاری رکھے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ کمپنی نفع مہیا کرے گی اور پاکستان کے توانائی کے مستقبل کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ کمپنی کے لیے لگن، مستقل معاونت اور اعتماد کے لیے ہم اپنے شراکت داروں، صارفین، عملے اور دیگر فریقوں کے شکر گزار ہیں۔ ہم پاکستان میں توانائی کی صفِ اول کی کمپنی بننے کے لیے اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہیں۔

**رفیع ایچ بشیر**

**چیئرپرسن**

# بورڈ آف ڈائریکٹرز

## رفیع ایچ بشیر

رفیع بشیر فی الوقت ایشیاپیسیفک کے لیے شیل کے لبریکینٹس اور فیولز ریٹیلنگ کاروبار کے فنانس منیجر ہیں اور سنگاپُور میں مقیم ہیں۔ رفیع مالیاتی پروفیشنل ہیں اور گذشتہ 20 سال سے شیل کے ساتھ متعدد مالیاتی عہدوں پر کام کرتے ہوئے پاکستان سے باہر اور سنگاپور میں رہتے ہوئے ملکی، علاقائی اور عالمی مالیات پر مرکوز متنوع ذمہ داریاں ادا کرچکے ہیں۔ وہ برطانیہ اور ویلز (آئی سی اے ای ڈبلیو) میں انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کے رکن ہیں اور شیل سے قبل لندن اور یو اے ای میں پروفیشنل اکاؤنٹینسی فرمز میں کام کرچکے ہیں۔

## ہارون راشد

ہارون راشد شیل پاکستان لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو اور منیجنگ ڈائریکٹر ہیں۔ وہ 2011ء سے شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ کے ڈائریکٹر رہے ہیں۔ وہ شیل پاکستان کے جنرل منیجر لبریکنٹس بھی ہیں۔ وہ 1995ء میں شیل پاکستان سے منسلک ہوئے اور پاکستان واپسی سے قبل اب تک مشرقِ وسطیٰ جنوب ایشیائی خطے کے لیے بطور جنرل منیجر سپلائی اینڈ ڈسٹری بیوشن، ڈاؤن اسٹریم کی مارکیٹنگ، کنسلٹنسی کے لیے رائل ڈچ شیل میں سینئر قیادت کے کئی عہدوں پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ہارون انسیڈ (INSEAD) اور لاہور یونیورسٹی آف منیجمنٹ سائنسز کے گریجویٹ ہیں۔



## پرویز غیاث

پرویز غیاث جنوری 2017ء سے حبیب یونیورسٹی فاؤنڈیشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ڈائریکٹر ہیں۔ حبیب یونیورسٹی فاؤنڈیشن ایک غیر منفعت بخش ادارہ ہے، جو حبیب یونیورسٹی کے کاموں کی نگرانی کرتا ہے۔ حبیب یونیورسٹی پاکستان میں لبرل آرٹس اینڈ سائنسز کے لیے مخصوص اولین ادارہ ہے جو liberal Core میں بین السّطحی تعلیم کی پیش کش کرتا ہے اور امریکہ کے آئیوی تعلیمی اداروں کے ساتھ مضبوط روابط کا حامل ہے۔

حبیب یونیورسٹی فاؤنڈیشن سے منسلک ہونے سے قبل (اگست 2005ء تا دسمبر 2016ء کے دوران) وہ انڈس موٹر کارپوریشن لمیٹڈ کے سی ای او (CEO) رہے، جو ہاؤس آف حبیب، ٹویوٹا موٹر کارپوریشن اور جاپان کی ٹویوٹا سوشو کارپوریشن کے مابین مشترکہ منصوبہ ہے اور جو ٹویوٹا برانڈ آٹوموبائل کی تیاری اور مارکیٹنگ سے منسلک ہے۔

وہ داؤد ہرکولیس کارپوریشن اور شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ میں بھی بطور نان ایگزیکٹو خدمات انجام دیتے ہیں۔

## عمران راشد ابراہیم

عمران راشد ابراہیم، گورنمنٹ کالج لاہور کے گریجویٹ ہیں، انھوں نے پوسٹ گریجویٹ کی تعلیم کراچی میں انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے) سے حاصل کی۔ وہ مختلف کاروباری شعبوں، جیسے بعض کثیر القومی اداروں کو مصنوعات کی تقسیم کے ساتھ ساتھ کپاس کی چھڑائی (ginning) اور خوردنی تیل کی کشید (extraction) جیسے متنوع شعبوں میں 46 سالہ تجربے کے حامل کاروباری فرد ہیں۔

وہ 2008ء تا 2017ء کے دوران شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں خدمات انجام دے چکے ہیں، اسی مدت میں وہ بورڈ کی آڈٹ کمیٹی کے رکن بھی تھے۔ وہ 2010ء تا 2014ء کے دوران پِک اسیٹ مینیجمنٹ کمپنی لمیٹڈ (PICIC Asset Management Company Limited) کے بورڈ آف ڈائریکٹر میں بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

## مدیحہ خالد

مدیحہ خالد شیل پاکستان لمیٹڈ کے ہیومن ریسورس کی سربراہ ہیں۔ انھوں نے 2005ء سے اے بی این ایمرو بینک سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ وہ 2006ء میں شیل پاکستان لمیٹڈ سے منسلک ہو کر مقامی وریجنل سطح پر ریکروٹمنٹ، کاروباری شراکت، انتظام تبدیلی اور ٹیلنٹ کے حوالے سے مختلف عہدوں پر فائز رہی ہیں۔ وہ 2012ء سے شیل پاکستان لمیٹڈ کے لیے بطور ہیڈ آف ہیومن ریسورس کام کر رہی ہیں اور پاکستان میں موجود تمام کاروباری اداروں کے لیے تنظیمی استعداد کی ایچ آر پارٹنر ہیں، جو اسٹرے ٹجک ایچ آر سپورٹ کی مکمل رینج کی فراہمی کے لیے ایچ آر پروفیشنلز کی ایک ٹیم کی سربراہی کرتی ہیں۔

مدیحہ چارٹرڈ انسٹیٹیوٹ آف پرسنیل اینڈ ڈویلپمنٹ (CIPD)، یوکے کی چارٹرڈ رکن اور ہیومن ریسورس میں ایم بی اے ڈگری کی حامل ہیں۔

## ظفر اے خان

ظفر اے خان نے پشاور یونیورسٹی سے کیمیکل انجینئرنگ میں گریجویشن مکمل کی اور اس کے فوراً بعد ہی ایکسون (Exxon) کیمیکلز سے منسلک ہو گئے جو اپنے ملازمین کے بیشتر حصص خریدنے کے بعد اینگرو کیمیکل پاکستان بن گئی۔ انھوں نے 35 سال کمپنی میں ملازمت کی، جس میں سے آخری 6 سال وہ بطور سی ای او کام کرتے رہے۔ ان کے کیریئر میں ایکسون کیمیکلز کی طرف سے ہانگ کانگ، سنگاپور اور امریکا میں پیٹروکیمیکلز کے کاروبار میں دس سالہ خدمات بھی شامل ہیں۔ اینگرو سے ریٹائرمنٹ کے بعد وہ پی ٹی سی ایل، کراچی اسٹاک ایکسچینج، اور پی آئی اے میں چیئرمین کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ فی الحال وہ جز وقتی پروفیسر آئی بی اے سے منسلک ہیں جہاں وہ ہیومن ریسورس مینیجمنٹ کی تعلیم دیتے ہیں۔

وہ ہوائی یونیورسٹی سے ایڈوانس مینیجمنٹ پروگرام مکمل کر چکے ہیں اس کے علاوہ وہ انسیڈ (INSEAD) اور ہارورڈ بزنس اسکول سے مختصر کورسز بھی کر چکے ہیں۔

ظفر اے خان نجی و سرکاری شعبے اور شہری انجمنوں کے کئی مختلف النوع بورڈز میں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ اس سے قبل 2017ء تک شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ میں تین بار خدمات انجام دے چکے ہیں۔ اس وقت وہ سیکورٹی پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، ڈیٹاچیک لمیٹڈ، ایکومین پاکستان اور پاکستان سینٹر فار فیلن تھراپی کے بورڈز میں تعینات ہیں۔

وہ اعلیٰ شہری اعزاز ستارۂ امتیاز بھی حاصل کر چکے ہیں۔

## جان کنگ چونگ لو

جان تیل و گیس اور پیٹرو کیمیکلز انڈسٹریز میں 28 سال سے زائد تجربہ رکھتے ہیں اور وہ ڈاؤن اسٹریم کے متنوع عہدوں پر کام کر چکے ہیں۔ ٹریڈنگ اور سپلائی آپریشنز کے جنرل منیجر کے طور پر جان مشرق وسطیٰ اور ایشیا میں شیل کے صارفین کو فیول کی تقسیم و ترسیل کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں، اس کے ساتھ ہی وہ بشمول ایل این جی کے عالمی آپریشنز، شیل ٹریڈنگ کے لیے سنگاپور اور دبئی میں کمرشل ٹریڈنگ آپریشنز کا انتظام کرتے ہیں۔

اپنے اس منصب سے پہلے وہ شیل ایوی ایشنز میں بطور جنرل منیجر آپریشنز اینڈ ٹیکنیکل کام کرتے تھے، جہاں وہ شیل کے عالمی ایوی ایشن بزنس کے امور کے لیے ذمہ دار نیز ایوی ایشن فیولز اور لبریکینٹس کے تحقیق و اختراع (ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ) پروگرام کے منتظم تھے۔

وہ ٹورانٹو یونیورسٹی، کینیڈا سے کیمیکل انجینئرنگ میں بیچلرز ڈگری رکھتے ہیں، اور بزنس اسکول آف یونیورسٹی آف ڈرہم سے ایم بی اے کی ڈگری لے چکے ہیں۔

جان شیل (جیانگ) پیٹرولیم ٹریڈنگ لمیٹڈ اور شیل انٹرنیشنل شپنگ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ کے بورڈ کے رکن بھی ہیں۔

وہ ذاتی مشاغل کے طور پر اپنا خیراتی ادارہ "ریڈ سائیکلنگ" بھی چلاتے ہیں۔

## عامر پراچہ

عامر پراچہ یونی لیور پاکستان لمیٹڈ کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیں۔ یونی لیور میں اپنی 20 سالہ مدت کے دوران وہ پاکستان اور دیگر منڈیوں میں سینئر منیجمنٹ کے متعدد عہدوں پر فائز رہے۔

انھوں نے 2000ء میں Wheel کے اسسٹنٹ برانڈ منیجر کے طور پر یونی لیور پاکستان میں شمولیت اختیار کی اور اس کے بعد لانڈری اور پرسنل کیئر کے مختلف زمروں میں کام کیا۔ 2006ء تا 2008ء کے دوران، عامر نے جی سی سی کلسٹر کے لیے یونی لیور شمالی افریقہ، مشرقِ وسطیٰ میں مارکیٹنگ کے قائدانہ عہدوں پر فائز رہے۔ اس کے بعد 2013 میں وہ نائب صدر برائے کسٹمر ڈویلپمنٹ کا عہدہ سنبھالنے سے قبل وہ پاکستان میں ہوم اور پرسنل کیئر ڈویژن کی قیادت کرنے کے لیے واپس آئے۔ سی ای او کا عہدہ سنبھالنے سے قبل، کسٹمر ڈویلپمنٹ کے نائب صدر کی حیثیت سے، انھوں نے کامیابی کے ساتھ مستقبل کے لیے تبدیلی کا ایک متاثر کن وژن پیش کرتے ہوئے ٹھوس نتائج کی فراہمی میں مدد کی۔ انہوں نے منتشر کاروباری ماڈلز کے ساتھ سرگرمی سے تجربہ کرنا جاری رکھا ہے اور پاکستان میں یونی لیور ایکو سسٹم کی شمولیت اور بہبود کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔

علاوہ ازیں، یونی لیور پاکستان لمیٹڈ میں بورڈ میں رہنے کے ساتھ ساتھ ، وہ یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈیوک آف ایڈنبرگ ایوارڈ فاؤنڈیشن پاکستان کے ٹرسٹی، نیشنل منیجمنٹ فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز کے رکن، پی ایس ڈی ایف کا پرواز، جو پاکستان میں ہنر کے فرق کو ختم کرنے سے متعلق قومی ایکسلریٹر ہے اور کراچی ووکیشنل ٹریننگ سنٹر کے شریک چیئرپرسن بھی ہیں۔ عامر نے رائل ڈچ شیل آئل کمپنی میں اپنے کیریئر کا آغاز جولائی 1996ء سے کیا۔ انہوں نے آئی بی اے سے بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز کیا ہے۔

## وقار آئی صدیقی

وقار آئی صدیقی بین الاقوامی تجربے کے حامل بورڈ کی سطح کے ایگزیکٹو ہیں جو شیل اور دیگر اہم اداروں کے ساتھ بزنس کی تشکیلِ نو کے مستحکم ریکارڈ کے حامل ہیں۔ پٹرولیم ڈاؤن اسٹریم میں ان کے 24 سالہ تجربے کے ساتھ وہ کاروباری ترسیل، تنظیمی تبدیلی، حکمتِ عملی کی تیاری، مشترکہ امور اور انضمام کے ذریعے ملٹی ملین ڈالر کمرشل اداروں کی کامیابی سے رہنمائی کر چکے ہیں۔

وقار جون 2001ء میں شیل سے منسلک ہوئے۔ شیل میں وہ مقامی و بین الاقوامی سطح پر سینئر لیڈرشپ عہدوں پر رہتے ہوئے مختلف کاروباری ڈویژنوں میں متنوع کردار ادا کر چکے ہیں۔ اس وقت وہ پی ٹی شیل انڈونیشیا میں شیل ڈاؤن اسٹریم ریٹیل کے منیجنگ ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ مثالی اسٹیک ہولڈر منیجمنٹ کے تجربے کا ٹھوس ریکارڈ رکھتے ہیں؛ حکومتی ضابطہ کاروں میں قابلِ اعتماد مشیر کے طور پر جانے جاتے ہیں اور اعلیٰ سطح کے کاروباری اداروں اور پائیدار ترقی کے پروگراموں میں ان سے باقاعدہ مشاورت کی جاتی ہے۔

وہ کیمیکل انجینئرنگ میں بی ایس اور مارکیٹنگ میں ایم بی اے کی ڈگری کے حامل ہیں۔ مزید برآں، وہ ہارورڈ بزنس اسکول اور یونیورسٹی آف برٹش کولمبیا سے تعلیمی اور پیشہ ورانہ اسناد کے حامل ہیں۔

## بدرالدین ایف ویلانی

بدرالدین ایف ویلانی لوبوروبونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (Loughborough University of Technology) سے کیمیکل انجینیرنگ میں آنرز گریجویٹ اور مڈل ٹیمپل (لندن) کے بیرسٹر ایٹ لاء بھی ہیں۔ 1982ء میں انھیں وکالت کا اجازت نامہ ملا اور اس کے فوراً بعد انھوں نے کراچی میں لیگل (قانونی) پریکٹس شروع کردی۔

ان کا نام پاکستان کی عدالت عظمی میں بطور وکیل درج ہوچکا ہے اور وہ قانونی فرم ویلانی اینڈ ویلانی کے سینئر پارٹنر ہیں۔ وہ اپنی لیگل پریکٹس کے علاوہ ایف ایم سی جی، مینوفیکچرنگ، ریٹیل، اور فارماسوٹیکل کے شعبے میں کئی ملٹی نیشنل کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے بطور رکن اور متعدد رفاہی انجمنوں اور اداروں کے بورڈز سے بھی منسلک ہیں۔

## فیصل وحید

فیصل وحید شیل پاکستان لمیٹڈ میں چیف فنانشل آفیسر اور فنانس ڈائریکٹر ہیں۔ وہ 2013ء میں شیل پاکستان لمیٹڈ میں اپنے موجودہ عہدے پر فائز ہوئے اور تب سے شیل پاکستان بورڈ میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (IBA)، کراچی سے مالیات میں ایم بی اے اور چارٹرڈ انسٹیٹیوٹ آف منیجمنٹ اکاؤنٹنٹس، یوکے اور ایسوسی ایشن آف کارپوریٹ ٹریژرر، یوکے کے ایسوسی ایٹ رکن ہیں۔ شیل سے منسلک ہونے سے قبل وہ یونی لیور پاکستان اور یونی لیور، یوکے، اور اینگرو کارپوریشن میں فنانس سے متعلق مختلف عہدوں پر رہتے ہوئے 20 سال سے زائد تجربے کے حامل ہیں۔ شیل سے منسلک ہونے سے قبل وہ اینگرو کارپوریشن کے ایک ذیلی ادارے میں چیف فنانشل آفیسر کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے۔

وہ پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ اور شیل اومان مارکیٹنگ لمیٹڈ کے بورڈز پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

# عزیز شیئر ہولڈرز

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹران 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور اپنی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہیں۔

یہ سال کمپنی اور بحیثیتِ مجموعی پورے ملک میں کاروبار کے لیے ایک مشکل سال رہا ہے۔ سال کی پہلی ششماہی کورونا وائرس کے وبائی مرض سے بہت متاثر ہوئی تھی۔ حکومت کی جانب سے ملک بھر میں کیے گئے لاک ڈاؤن کے اقدامات، جن میں غیر اہم کاروباری اداروں، فیکٹریوں اور پبلک ٹرانسپورٹ کی بندش شامل تھی، کے باعث پاکستان میں فیولز کی منڈی زوال پذیر تھی، جس کا اثر تیل کی صنعت میں بھی محسوس کیا گیا۔ پاکستان میں آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (او ایم سی) کو تیل کی کھپت میں کمی اور اس کے ساتھ ساتھ تیل کی بین الاقوامی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کا سامنا کرنا پڑا، جس نے آپ کی کمپنی کی مجموعی مالی کارکردگی کو متاثر کیا۔ تاہم، سال کی دوسری ششماہی میں یکسر تبدیلی دیکھنے میں آئی، جب آپ کی کمپنی نے سال کے آخری چھ مہینوں کے لیے نفع بعد از ٹیکس حاصل کیا۔ حکومتِ پاکستان کی جانب سے عائد کردہ لاک ڈاؤن کی پابندیوں میں نرمی کے ساتھ ساتھ آپ کی کمپنی نے اپنی اسٹریٹیجک ترجیحات اور آپریشنل برتری پر توجہ مرکوز کی۔ تاہم، پہلی ششماہی میں ہونے والے نقصانات نے آپ کی کمپنی کی مجموعی مالی کارکردگی کو بہت متاثر کیا اور آپ کی کمپنی کے انتظامی امور، مارکیٹنگ اور تقسیم کاری کے اخراجات، مالی اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے بعد 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے نقصان درج ذیل تھا:

| | روپے ملین میں |
|---|---|
| **نقصان قبل از ٹیکس** | **(4815)** |
| ٹیکس | **(6)** |
| **31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کا نقصان** | **(4821)** |
| | **روپے** |
| **نقصان فی شیئر۔ بنیادی اور سیال (diluted)** | **(45.05)** |

ذخائر کی کارروائی (موومنٹ) اور تصرفات ان مالی گوشواروں کے صفحہ [-] پر ایکویٹی میں تبدیلیوں بیان میں ظاہر کیے گئے ہیں۔

ڈائریکٹران تصدیق کرتے ہیں کہ:

1. بورڈ 11 ارکان پر مشتمل ہے، جس میں چیف ایگزیکٹو شامل ہیں، جنھیں ڈائریکٹر سمجھا گیا ہے۔ بورڈ ایک خاتون رکن اور 10 مرد ارکان پر مشتمل ہے، جس کی ہیئتِ ترکیبی یہ ہے:

**خاتون رکن:**

1. محترمہ مدیحہ خالد

**مرد ارکان**

1. جناب رفیع ایچ بشیر
2. جناب جان لُو
3. جناب پرویز غیاث
4. جناب وقار صدیقی
5. جناب ہارون راشد
6. جناب ظفر خان
7. جناب عمران ابراہیم
8. جناب عامر پراچہ
9. جناب بدرالدین ایف ویلانی
10. جناب فیصل وحید

**خودمختار ڈائریکٹران:**

1. جناب پرویز غیاث
2. جناب عامر پراچہ
3. جناب ظفر خان
4. جناب عمران ابراہیم

**نان ایگزیکٹو ڈائریکٹران:**

1. جناب رفیع ایچ بشیر
2. جناب وقار صدیقی
3. جناب بدرالدین ایف ویلانی
4. جناب جان لُو

**ایگزیکٹو ڈائریکٹران:**

1. جناب ہارون راشد
2. محترمہ مدیحہ خالد
3. جناب فیصل وحید

2. دورانِ مدت محترمہ ناز خان صاحبہ کے استعفیٰ دینے کے بعد ایک اتفاقی اسامی خالی ہوئی۔ بورڈ نے اس خالی اسامی کو مجوزہ مدت کے اندر پُر کر لیا؛ اور کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر جناب عامر پراچہ صاحب کا انتخاب کیا گیا۔

3. بورڈ تصدیق کرتا ہے کہ کمیٹیاں درج ذیل اراکین پر مشتمل ہیں:

**الف۔ آڈٹ کمیٹی**

ا۔ جناب عمران ابراہیم (چیئرپرسن)

ب۔ جناب بدرالدین ایف ویلانی

ج۔ جناب رفیع ایچ بشیر

**ب۔ کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے**

ا۔ جناب ظفر خان (چیئرپرسن)

ب۔ جناب پرویز غیاث

ج۔ جناب وقار صدیقی

د۔ جناب ہارون راشد

4. کمپنی کی انتظامیہ کی طرف سے تیار کیے گئے مالی گوشوارے واضح طور پر اس کے معاملات، اس کے امور کے نتائج، رقوم کا بہاؤ اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کو پیش کرتے ہیں۔

5. کمپنی کے تمام مالیاتی کھاتے برقرار رکھے گئے ہیں۔

6. مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں مناسب حسابی طریقہ کار کا ہمیشہ اطلاق کیا گیا ہے ماسوا مالی گوشواروں کے نوٹ [ ] میں بیان کی گئی ان تبدیلیوں کے جو معیارات کے ابتدائی اطلاق اور پہلے سے موجود معیارات میں کی گئی ترامیم اور تشریحات کے نتیجے میں عمل میں آئیں۔ حسابی تخمینے مناسب اور محتاط فیصلوں کی بنیاد پر کیے گئے ہیں۔

7. بین الاقوامی مالیاتی رپورٹنگ کے معیارات، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، ان مالیاتی دستاویزات کی تیاری میں ان پر عمل کیا گیا ہے اور اگر کچھ ترک بھی کیے گئے ہیں تو ان کو ظاہر کیا گیا ہے۔

8. داخلی کنٹرول کا نظام (سسٹم آف انٹرنل کنٹرول) اپنے طور پر بے نقص ہے اور اس پر مستعدی سے عمل درآمد کروایا گیا اور اس کی نگرانی کی گئی ہے۔

9. بلاشبہ کمپنی ایک منافع بخش کاروبار کی حیثیت سے جاری رہنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

10. کارپوریٹ گورننس (Corporate Governance) کے ضابطوں پر مکمل عمل کیا گیا ہے، جو اس کے ضابطوں کی فہرست میں تفصیل سے درج ہیں۔

11. گزشتہ سات سال کے اہم آپریٹنگز اور مالیاتی ڈیٹا کا خلاصہ صفحہ 57 پر ظاہر کیا گیا ہے۔ دورانِ سال نقصان کی وجوہات اور پچھلے سال کمپنی کے امور کے نتائج میں کیے گئے اہم انحراف پر بحث صفحہ 12 پر چیئرمین کے ریویو میں کی گئی ہے۔

12. مستقبل کے امکانات کی مناسب نشاندہی (ریزن ایبل انڈیکیشن) کے بارے میں صفحہ 12 پر چیئرمین کے ریویو میں تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔

13. 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے بغیر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی بنیاد پر پراویڈنٹ، گریچوایٹی اور پنشن فنڈز کی مقدار پر سرمایہ کاری کا بیان مالی گوشواروں کے نوٹ 33.4 میں شامل کیا گیا ہے۔

14. سال بھر کے دوران منعقد ہونے والی بورڈ اور کمیٹیوں کے اجلاس اور ان میں ہر ڈائریکٹر کی شرکت کی تعداد صفحہ 111 ظاہر کی گئی ہے۔

15. نان ایگزیکٹو / خود مختار ڈائریکٹران، ماسوا وہ جو شیل گروپ کی کمپنیوں میں ایگزیکٹو عہدیدار ہیں، کو بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کے اجلاس میں شرکت پر ادائیگی کی جاتی ہے۔ ڈائریکٹرز کی تنخواہوں کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز ایکٹ اور ضوابط سے ہم آہنگ رسمی پالیسی اور شفاف طریقہ کار کے حامل ہیں۔

16. 2019ء کے لیے کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کو۔ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جانب سے دورانِ سال بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کی کارکردگی کا ایک رسمی جائزہ لیا گیا۔

17. جناب رفیع ایچ بشیر، جناب پرویز غیاث، جناب بدرالدین ایف ویلانی، جناب ہارون راشد اور جناب فیصل وحید، مس مدیحہ خالد، جناب عمران آر ابراہیم، جناب عامر آر پراچہ پہلے ہی پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (پی آئی سی جی) سے ڈائریکٹرز ٹریننگ سرٹیفیکیشن حاصل کر چکے ہیں جبکہ جناب ظفر خان مستثنیٰ ہیں۔ کمپنی ڈائریکٹرز کی سرٹیفیکیشن کو یقینی بنانے کے لیے فہرستی کمپنیوں کے ضوابط 2019ء (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے تقاضوں کی پابندی کرتی رہے گی تا کہ ڈائریکٹران کی مطلوبہ تعداد سند یافتہ ہو۔

18. حصص یافتگی (شیئر ہولڈنگ) کے طریقہ کار (پیٹرن) اور حصص یافتگی کے طریقہ کار سے متعلق اضافی معلومات صفحہ 112 ظاہر کی گئی ہیں۔ یہ کمپنی شیل پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، لندن (امیڈیٹ ہولڈنگ کمپنی) کا ذیلی ادارہ ہے جو کہ رائل ڈچ شیل (الٹیمیٹ ہولڈنگ کمپنی) کا ایک ذیلی ادارہ ہے جو برطانیہ میں قائم کی گئی تھی۔

19. ایس ای سی پی کی جانب سے گذشتہ برس جاری کیے گئے نظر ثانی شدہ آڈیٹنگ کے معیارات کے نفاذ کے بعد آڈیٹرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ آڈٹ کے اہم معاملات کا اپنی آڈیٹرز رپورٹ میں بیان کریں۔ یہ اہم آڈٹ معاملات ان مالیاتی گوشواروں کے صفحہ نمبر 58 بیان کیے گئے ہیں۔

20. 31 دسمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے مالی گوشواروں کے اعداد و شمار کا کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کی جانب سے آڈٹ کیا جا چکا ہے۔

21. بورڈ نے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی ہدایت پر 31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے لیے ایم / ایس ای وائے فورڈ روڈز کو بطور ایکسٹرنل آڈیٹر برقرار رکھنے کی سفارش کی ہے۔

22. ڈائریکٹرز، سی ای او، سی ایف او، کمپنی کے سیکریٹری، انٹرنل آڈٹ کے سربراہ، دیگر ملازمین اور ان کے زوجین، اور نابالغ بچوں کی کمپنی کے حصص (شیئرز) میں تجارت کی تفصیل صفحہ 114 درج ہے۔
23. مالی سال کے دوران کمپنی کی اختیار کردہ کارپوریٹ سماجی ذمہ داری اور دیگر سرگرمیاں صفحہ نمبر 37 تا 46 ظاہر کی گئی ہیں۔

جذبے، مستقل معاونت اور کمپنی پر اعتماد کے لیے ہم اپنے شیئر ہولڈرز، کسٹمرز، عملے اور دیگر فریقوں کے شکر گزار ہیں، اور ہم پاکستان کی سب سے بڑی انرجی کمپنی بننے کا اپنا سفر جاری رکھیں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

**رفیع ایچ بشیر**
چیئرپرسن

**ہارون راشد**
چیف ایگزیکٹو

کراچی: 2 مارچ 2021ء

# ویڈیو کانفرنس کے ذریعے ہونے والی
# سالانہ جنرل میٹنگ کا نوٹس

اطلاع دی جاتی ہے کہ شیل پاکستان لمیٹڈ کی 52ویں سالانہ جنرل میٹنگ بدھ، 21 اپریل، 2021ء کی صبح 10:30 بجے ہوگی، جس میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل امور پر بات کی جائے گی:

1. 31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ کھاتوں کے ساتھ ڈائریکٹران اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو وصول کرکے، اس پر غور و فکر کے بعد اسے اختیار کرتے ہوئے منظوری۔
2. یکم جنوری تا 31 دسمبر 2021ء کے مالی سال لیے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کے معاوضے کا تعین۔

بحکم بورڈ

کراچی: 2 مارچ 2021ء

لالہ رخ حسین شیخ
سیکریٹری

شیل ہاؤس
6، چوہدری خلیق الزماں روڈ
کراچی۔ 75530

## نوٹس :

اگرچہ بہت سے لوگوں کو اس وائرس کی ویکسین پلائی جاچکی ہے، تاہم کورونا وائرس وبائی مرض ابھی بھی ایک چیلنج بنا ہوا ہے۔ ایک ذمہ دار کمپنی کی حیثیت سے، ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں اپنے لوگوں اور تمام شرکاء کی حفاظت کے لیے ان کے تحفظ کو فوقیت دینا ہوگی، اور اسی وجہ سے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر 6 / 2021ء بتاریخ 3 مارچ 2021ء کے مطابق، بورڈ نے فیصلہ کیا ہے کہ 52واں سالانہ جنرل میٹنگ ورچوئلی کی جائے گی، جیسا کہ ہم نے گذشتہ برس کیا تھا۔

i. بدھ 7 اپریل 2021ء تا بدھ 21 اپریل 2021ء (اس میں دونوں دن شامل ہیں) تک اراکین کا رجسٹر بند رہے گا۔ سالانہ جنرل میٹنگ میں شرکت کے مقصد سے 6 اپریل 2021ء سے قبل جو ٹرانسفرز ہمارے شیئر رجسٹرار آفس، فیمکو (FAMCO) ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی - 75400 پر موصول ہوں گے انھیں اجلاس میں شرکت اور منافع منقسمہ (dividend) کی ادائیگی کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

ii. میٹنگ میں شریک ہونے کے لیے اراکین کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو نمبر، درست ای میل ایڈریس، اور شیئرز کی تعداد کو ذیل کے پتے پر ای میل کردیں۔ SHELLPK-AGM2020@shell.com، جبکہ ای میل کا سبجیکٹ یہ ہوگا۔ "Registration for SPL's AGM"

iii. اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا اختیار رکھنے والے رکن کو اجلاس میں شرکت، پول طلب کرنے یا کسی طلب کی ہوئی پول میں شرکت کرنے اور اس کی جگہ مخاطب ہونے اور ووٹ دینے کے لیے کسی کو بطور نمائندہ تعینات کرنے کا حق حاصل ہوگا؛ اور متعین کردہ نمائندے کو اجلاس میں شرکت، مخاطب ہونے اور ووٹ دینے کے حقوق اسی طرح حاصل ہوں گے جیسا کہ خود رکن کو دستیاب ہیں۔ نمائندوں کے نفاذ کے لیے ان کے نام رجسٹرڈ آفس کو اجلاس سے 48 گھنٹے پہلے موصول ہونا ضروری ہیں۔ شیئر ہولڈر کی جانب سے نمائندے کا ای میل ایڈریس اور متعلقہ معلومات (حسبِ ذیل) کے ساتھ نمائندے کو مجاز بنانے کے لیٹر کی دستخط شدہ اسکین شدہ نقل کے ذریعے بھی نمائندے کو متعین کیا جاسکتا ہے، جسے SHELLPK-AGM2020@shell.com پر ای میل کیا جائے گا۔ نمائندے کے لیے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں۔

iv. اراکین کو بھیجے جانے والے اجلاس کے نوٹس کے ساتھ نمائندے کا (پراکسی) فارم بھی منسلک ہے۔

v. صرف انھی اراکین / نمائندوں کو وڈیو لنک اور لاگ ان کی معلومات فراہم کی جائیں گی جن کی ای میلز درکار کوائف کے ساتھ دیے گئے پتے پر 19 اپریل 2021ء تک / سے قبل موصول ہوجائیں گی۔ شیئر ہولڈرز اے جی ایم کے ایجنڈے سے متعلق اپنی رائے اور سوالات کا اظہار اس ای میل ایڈریس پر کرسکتے ہیں: CompanySec@shell.com

vi. فزیکل شیئرز کے حامل ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کے لیے ہمارے شیئر رجسٹرار آفس، فیمکو (FAMCO) ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی-75400 پر فوری طور پر اطلاع دیں۔

vii. اراکین یا ان کے نمائندوں کے لیے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے شرکت کی شناخت (ID) اور اکاؤنٹ نمبر (نمبروں) کے ساتھ اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ضروری ہے۔

viii. 31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ کھاتے اور سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کردی گئی ہے۔

ix. اراکین کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ ایس 143-145 کی شرائط اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ضوابط 2018ء کے مطابق ای ووٹنگ کا حق استعمال کرسکتے ہیں۔

# کمپلائنس کا بیان

## فہرستی کمپنیز (کارپوریٹ نظم و نسق کے ضابطے) کے ساتھ
## ضوابط 2019ء (ضوابط)

31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی)

کمپنی درج ذیل انداز میں ضوابط کے تقاضوں کی تعمیل کر چکی ہے :

اے) مرد: دس (10)

بی) خواتین: ایک (01)

بورڈ کی ہیئتِ ترکیبی درج ذیل ہے :

| زمرہ | نام |
|---|---|
| خود مختار ڈائریکٹر | پرویز غیاث |
| | عمران آر ابراہیم |
| | ظفر اے خان |
| | عامر آر پراچہ |
| ایگزیکٹو ڈائریکٹر | ہارون راشد |
| | مدیحہ خالد |
| | فیصل وحید |
| نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر | رفیع ایچ بشیر |
| | جان کنگ چونگ لو |
| | وقار صدیقی |
| | بدرالدین ایف ویلانی |
| خواتین ڈائریکٹرز | مدیحہ خالد |

- ڈائریکٹرز نے تصدیق کی ہے کہ ان میں سے کوئی بھی، بشمول اس کمپنی کے، سات سے زائد فہرستی کمپنیز میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا ہے؛
- کمپنی نے ایک ضابطہ اخلاق تیار کیا ہے اور اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ اس کی معاون پالیسیوں اور طریقہ کار کے ساتھ اس ضابطہ اخلاق کی پوری کمپنی میں ترویج کے لیے مناسب اقدامات کیے گئے ہیں؛
- بورڈ نے ایک نصب العین / مشن کا بیان، مجموعی کارپوریٹ حکمتِ عملی اور کمپنی کی اہم پالیسیاں وضع کی ہیں۔ بورڈ نے یقین دہانی کروائی ہے کہ اہم پالیسیوں کی منظوری کی تاریخ یا اپ ڈیٹ سمیت معلومات کا مکمل ریکارڈ کمپنی کے پاس برقرار ہے؛
- بورڈ کے تمام اختیارات کو قانونی طور پر استعمال کیا گیا ہے اور بورڈ / شیئر ہولڈرز کی جانب سے متعلقہ امور کے بارے میں اسی طرح فیصلے لیے گئے ہیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء (ایکٹ) کی متعلقہ دفعات اور ان ضوابط کے ذریعے تفویض کیا گیا تھا؛
- بورڈ کی میٹنگز کی سربراہی چیئرمین نے اور ان کی غیر موجودگی میں بورڈ کی جانب سے اس مقصد کے لیے منتخب کردہ ڈائریکٹر نے کی۔ بورڈ نے بورڈ کی میٹنگوں کی تعداد، ریکارڈنگ اور میٹنگ کے منٹس کے

ضمن میں ایکٹ اور قواعد وضوابط کی تعمیل کی ہے؛

- ڈائریکٹرز کے معاوضے کے لیے بورڈ کے پاس ایکٹ اور ضابطے کے مطابق باقاعدہ پالیسی اور شفاف طریقہ کار موجود ہے۔
- بورڈ گیارہ (11) ڈائریکٹرز پر مشتمل ہے، جن میں سے درج ذیل آٹھ (8) ڈائریکٹرز ٹریننگ پروگرام کے تحت سند یافتہ ہیں:

1. رفیع ایچ بشیر
2. پرویز غیاث
3. بدرالدین ایف ویلانی
4. ہارون راشد
5. فیصل وحید
6. مدیحہ خالد
7. عمران آر ابراہیم
8. عامر آر پراچہ

- بورڈ نے چیف فنانشل آفیسر، کمپنی سکریٹری اور اندرونی آڈٹ کے سربراہ کی تقرری کی منظوری دے دی ہے جس میں ان کے معاوضے اور ملازمت کی شرائط وضوابط شامل ہیں اور ضابطے کے متعلقہ تقاضوں کی تعمیل کی گئی ہے؛
- چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف مالیاتی افسر نے بورڈ کی منظوری سے قبل کمپنی کے مالی بیانات کی قانونی طور پر تائید کی؛
- بورڈ نے ذیل میں دیے گئے ارکان پر مشتمل کمیٹیاں تشکیل دی ہیں:

**آڈٹ کمیٹی**

1. عمران آر ابراہیم (چیئرپرسن)
2. بدرالدین ایف ویلانی
3. رفیع ایچ بشیر

**کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے**

1. ظفر اے خان (چیئرپرسن)
2. جناب پرویز غیاث
3. جناب ہارون رشید
4. جناب وقار آئی صدیقی

- مذکورہ کمیٹیوں کے حوالے سے شرائط وضوابط کی تشکیل، دستاویزات بندی کرلی گئی ہے اور کمیٹی کو عمل درآمد کی ہدایت کردی گئی ہے؛
- کمیٹی کے اجلاسوں کی تعداد (سہ ماہی / ششماہی / سالانہ) مندرجہ ذیل تھیں:
  1. **آڈٹ کمیٹی:** دورانِ سال سہ ماہی میٹنگوں کا انعقاد کیا گیا۔
  2. **کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے:** دورانِ سال ایک سالانہ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔

- بورڈ نے داخلی آڈٹ کے عمل کے لیے بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی کو آؤٹ سورس کیا ہے جو اس مقصد کے لیے مناسب طور پر اہل اور تجربہ کار سمجھے جاتے ہیں اور کمپنی کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے ساتھ متفق ہیں؛
- کمپنی کے قانونی آڈیٹرز نے تصدیق کی ہے کہ انھیں انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے کوالٹی کنٹرول ریویو پروگرام کے تحت اطمینان بخش ریٹنگ دی گئی ہے اور ان کا آڈٹ اوور سائٹ

بورڈ آف پاکستان کے ساتھ اندراج کیا گیا ہے، کہ وہ اور ان کے تمام ضابطہ اخلاق کے بارے میں پارٹنرز انٹرنیشنل فیڈریشن آف اکاؤنٹنٹس (آئی ایف اے سی) کی ہدایات کی تعمیل کرتے ہیں جیسا کہ ادارہ برائے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان نے اختیار کی ہیں، اور یہ کہ اس فرم کے آڈٹ میں شریک پارٹنرز میں سے کوئی بھی کوئی چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر، داخلی آڈٹ کے سربراہ، کمپنی سکریٹری یا کمپنی کے ڈائریکٹر کا قریبی رشتہ دار (شریک حیات، والدین، زیرِ کفالت اور غیر زیر کفالت اولاد) نہیں ہے؛

- قانونی آڈیٹرز یا ان سے وابستہ افراد کی تعیناتی ایکٹ، اس کے ضوابط یا کسی اور ضوابطی تقاضے کے مطابق توقع کی جانے والی خدمات کی فراہمی کے علاوہ کسی اور کام کے لیے نہیں کی گئی ہے، اور آڈیٹرز نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ انھوں نے اس ضمن میں آئی ایف اے سی کے رہنما اصولوں کا مشاہدہ کیا ہے؛

- ہم تصدیق کرتے ہیں کہ ضوابط کے دیگر تمام تقاضوں پر عمل کیا گیا ہے۔

رفیع ایچ بشیر

چیئرپرسن

تاریخ: 15 مارچ 2021ء

# آڈیٹرز کی غیر جانب دار جائزے کی رپورٹ

**شیل پاکستان لمیٹڈ کے ارکان کے لیے**

**فہرستی کمپنیز (ضابطہ برائے کارپوریٹ نظم ونسق) کے ضوابط 2019ء میں موجود کمپلائنس کے بیانات پر جائزہ رپورٹ**

ہم نے 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے فہرستی کمپنیز (ضابطہ برائے کارپوریٹ نظم ونسق) کے ضوابط 2019ء (جنھیں اب سے 'ضوابط' کہا جائے گا) کے ضابطے 36 کی ضروریات کے مطابق ضوابط اور ان کے ساتھ منسلک شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تیار کردہ کمپلائنس کے بیان کا جائزہ لیا ہے۔

ضابطے کی تعمیل کی ذمہ داری کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہے۔ ہماری ذمہ داری اس بات کا جائزہ لینا ہے کہ کیا کمپلائنس کا بیان ضوابط کی شرائط کے ساتھ کمپنی کے کمپلائنس کی صورتِ حال کی عکاسی کرتا ہے اور اگر اس کی تعمیل نہیں ہوتی تو اس کی اطلاع دینا اور ضوابط کی شرائط کی عدم تعمیل پر روشنی ڈالنا ہے۔ ایک جائزہ بنیادی طور پر کمپنی کے ملازمین سے پوچھ گچھ اور قواعد وضوابط کی تعمیل کے لیے کمپنی کی تیار کردہ مختلف دستاویزات کے جائزے تک محدود ہے۔

مالیاتی بیانات کے ہمارے آڈٹ کے ایک حصے کے طور پر، ہمیں آڈٹ کی منصوبہ بندی اور آڈٹ کی مؤثر انداز میں تیاری کے لیے اکاؤنٹنگ اور اندرونی کنٹرول سسٹم کے بارے میں تفہیم حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت نہیں کہ داخلی کنٹرول سے متعلق بورڈ آف ڈائریکٹرز کا بیان تمام خطرات اور کنٹرول کا احاطہ کرتا ہے یا ان داخلی کنٹرولز، کمپنی کے کارپوریٹ نظم ونسق کے طریقہ کار اور خطرات کے بارے میں رائے قائم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

قواعد وضوابط کے تحت کمپنی کو اپنے متعلقہ فریق کے ساتھ لین دین کو آڈٹ کمیٹی کے سامنے رکھنا ہوگا، اور آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر، جائزے اور منظوری کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر ہمیں صرف متعلقہ فریق کے ساتھ لین دین کی بورڈ آف ڈائریکٹرز سے منظوری کی حد تک اس شرط کی تعمیل کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔

ہم نے اپنے جائزے کی بنیاد پر یہ سمجھتے ہیں کہ، ہماری توجہ میں ایسا کچھ بھی نہیں آیا ہے جس کی وجہ سے ہمیں یقین ہوتا کہ کمپلائنس کا بیان کمپنی کے کمپلائنس کی مناسب طور پر عکاسی نہیں کرتا ہے، نیز ضوابط میں موجود تقاضے، تمام مادی اعتبار سے، 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی میں لاگو ہیں۔

EY Ford Rhodes

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس

مقام: کراچی

تاریخ: 15 مارچ 2021ء

# ہماری کارکردگی

## کاروبار کرنے کی اہلیت

آج کی دنیا تیزی سے بدل رہی ہے۔ معاشرے کو موجدوں، کام کرنے کے مختلف طریقوں اور ایسے افراد کی ضرورت ہے جو پہلے سے کہیں زیادہ بہتری لاتے ہوں، خاص طور پر جب ہمیں عالمی وبائی بیماری اور ماحولیاتی تبدیلی کے طویل مدتی چیلنج کا سامنا ہے۔ شیل ہمیشہ سے ایک جدت کار رہا ہے اور آج ہم جدت اور کاروبار کرنے کی صلاحیت کے لیے داخلی اور بیرونی دونوں جگہوں پر سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ تبدیلی کے اس دور میں ہم سیکھنا اور اسے اپنی طاقت بنانا چاہتے ہیں۔

شیل 1982ء سے شیل لائیو وائر چلا رہی ہے اور "مستقل، جامع اور پائیدار معاشی نمو، مکمل اور پیداواری روزگار اور سب کے لیے مہذب کام کو فروغ دینے" کے اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی مقصد کی حمایت کرتی ہے۔ یہ کاروباری افراد کے خیالات کو حقیقت میں بدلنے میں مدد کر کے مقامی معیشتوں کو مستحکم اور متنوع بنانے کی کوشش کرتی ہے۔

2003ء میں "تعمیر" کے نام سے پاکستان میں شروع کیا گیا یہ پروگرام 8 لاکھ سے زیادہ نوجوانوں تک پہنچا ہے۔

گلوبل شیل لائیو وائر ٹاپ ٹین انوویٹرز 2020ء پروگرام میں 15 ممالک کے 139 شرکا میں سے تین پاکستانی کاروباری نوجوانوں کو تسلیم کیا گیا۔

# شیل ریٹیل

ملک بھر میں 740 سے زیادہ خوردہ سائٹیں واقع ہونے کے ساتھ، شیل پاکستان اپنی روزمرہ کی گاڑیوں کی ضروریات کو پورا کرنے اور زندگی کے سفر کو بہتر بنانے کے لیے اعلیٰ معیار، تکنیکی طور پر جدید مصنوعات اور خدمات کی فراہمی کے لیے ریٹیل کاروبار میں اضافے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہمارا یقین ہے کہ ریٹیل سائٹ عملہ اور کاروباری شراکت داروں کے ساتھ باہمی تعاون کے ذریعے کسٹمر سروس کی فضلیت کو مستقل طور پر فراہم کرنا کامیابی کی کلید ہے۔ مزید برآں، فیول کی وسیع اقسام، جیسے سپر ان لیڈیڈ اور ڈیزل کی پیش کش کے علاوہ، جدید پریمیم فیولز، جیسے ڈائنافلیکس ٹیکنالوجی کے ساتھ شیل وی پاور، اور اعلی معیار کی لبریکینٹ مصنوعات کے ساتھ، ہماری ریٹیل سائٹیں نان فیولز ریٹیلنگ سہولتیں بھی فراہم کرتی ہیں جو ہمارے صارفین کے لیے بہت آسانی لاتی ہیں۔

## 2020ء کی جھلکیاں

### کووڈ19 کے دوران آپریشنل فضیلت

وبائی مرض کے دوران ہماری ترجیح ہماری سائٹ عملے، ساتھیوں اور صارفین کی حفاظت اور بہبود ہے۔ شیل ریٹیل سائٹوں نے کووڈ19 اور حکومتی لاک ڈاؤن کے ساتھ تیزی سے موافقت اختیار کی، اور وبائی امراض کے دوران محفوظ طریقے سے کام کرنے کے لیے پروٹوکول کی تیز رفتار اور جدید تخلیق کو یقینی بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال کیا۔ شیل نے ریٹیل سائٹ عملے اور سروس چیمپئنز کے لیے ایک تربیتی ویڈیو کے ذریعے اپنی سائٹ کے عملے اور سروس چیمپئنز میں کووڈ19 کے بارے میں آگاہی پیدا کی، اور سائٹوں پر حفاظتی اقدامات اور سماجی فاصلے کے لیے ایک کووڈ19 چیک لسٹ نافذ کی۔

## صارفین کی حفاظت اور ریٹیل سائٹوں کے لیے شراکت داری

کووڈ19 سے بچانے کے لیے ہاتھ دھونے سے متعلق آگاہی اور اہمیت کو بڑھانے میں مدد کے لیے، شیل نے منتخب سائٹوں پر لائف بوائے، اینٹی بیکٹیریل صابن سے ہاتھ دھونے والے برقی اسٹیشنوں کو نصب کرنے کے لیے یونی لیور کے ساتھ اشتراک کیا۔ ان کوششوں کے ساتھ ساتھ، ڈومیکس، ایک جراثیم کُش برانڈ کا استعمال کرتے ہوئے 9 شہروں میں ریٹیل سائٹوں کی گہرائی سے صفائی کے لیے ایک ڈس انفیکشن مہم چلائی۔ سائٹس کو ڈومیکس مہیا کیا گیا تھا اور ان کو تیار کرنے کے لیے تربیت فراہم کی گئی جس سے انھیں اس سرگرمی کو معمول کی بنیاد پر انجام دینے میں مدد مل سکے۔

ماڈل ٹاؤن فلنگ اسٹیشن سے تعلق رکھنے والے ایک سروس چیمپیئن، اقبال مسیح نے کار کی ڈس انفیکشن کا نظام شروع کیا جس کے نتیجے میں اس سائٹ پر کار واش کی فروخت میں اضافہ ہوا۔ شیل کی جانب سے اس اقدام کا اعتراف کیا گیا اور اسے صارفین کے لیے حفاظت کو بہتر بنانے کے لیے کام کرنے پر عالمی ایوارڈ ملا۔

## پاکستان کے صفِ اول کے اور نگہداشتِ صحت کے پیشہ ور افراد کی معاونت

ہم وبائی مرض کے دوران پاکستان کے ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کے زبردست کام کی تعریف کرتے ہیں اور ان کا براہ راست شکریہ ادا کرنے کے لیے مزید کام کرنا چاہتے تھے۔ ہم نے ڈاکٹروں، نرسوں، ایمبولینس ڈرائیوروں، میڈیکل ٹیموں اور قانون نافذ کرنے والے پیشہ ور افراد کو شیل سلیکٹ اسٹورز کا دورہ کرنے پر مفت سینیٹائزر اور اسنیکس تقسیم کیے۔

## معیاری فیول کے علاوہ: لوگوں کی دیکھ بھال

شیل نے ایک 'شیل وی پاور دی نیشن' مہم کا آغاز کیا، اور اپنے صارفین کی مدد سے، مستحق خاندانوں کو راشن کی فراہمی میں حصہ لیا۔ مقامی این جی اوز کے اشتراک سے، کھانے کے راشن اور اشیائے ضروریہ کی اشیا پاکستان بھر میں تقسیم کی گئیں۔ سائٹ کے عملے اور ڈرائیوروں کے لیے راشن کی مہم بھی چلائی گئیں۔

## آپ کی گاڑی کو طاقت اور تحفظ دینا

شیل ریٹیل نے 2020ء کا آغاز ایک دلچسپ انجن آئل پروڈکٹ کے دو متبادلات شیل ہیلیکس پاور اور شیل ہیلیکس پروٹیکٹ کے افتتاح سے کیا۔ شیل ہیلکس پاور اور شیل ہیلکس پروٹیکٹ، کو شیل وی پاور فیول کے ساتھ تیار کیا گیا ہے۔ شیل ریٹیل سائٹوں کے لیے مخصوص، یہ اعلی معیار کے آئل ہیں اور انجنوں کی طاقت کو برقرار رکھنے اور ان کی بحالی کے لیے بنائے گئے ہیں۔ جب لاک ڈاؤن میں نرمی آئی تو ہم نے شیل ہیلکس پاور اور پروٹیکٹ کی ہر خریداری پر صارفین کے لیے ایک مفت بیگ فراہم کرنے کی ایک مہم متعارف کروائی۔

## شیل کو آپ تک لانا

حفظانِ صحت اور بے رابطہ خدمات پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے شیل نے اپنے صارفین کی سہولت کے لیے شیل@ہوم کا آغاز کیا ہے۔ شیل@ہوم گاڑی کو جراثیم سے پاک کرنے / صفائی، آئل کی تبدیلی، کار کی دھلائی، ٹائرز کی حفاظت اور گاڑی کی دیگر خدمات براہِ راست آپ کے دروازے پر فراہم کرتا ہے۔ سماجی فاصلہ برقرار رکھنے اور ہمارے صارفین کو محفوظ سفر کی خدمات فراہم کرنے کے لیے شیل@ہوم نے شیل@ہوم ٹیبلیٹ پر براہ راست ویڈیو کے ذریعے خدمات کا مشاہدہ کرنے کا آپشن دیتا ہے۔ جب ان کی گاڑی کی سروس کی جارہی ہو تو وہ دستی ریڈیو ڈیوائس کا استعمال کرتے ہوئے ہمارے ماہرین سے بات چیت کرسکتے ہیں۔

## ڈجیٹل اقدامات کا آغاز

ڈجیٹل پلیٹ فارم کو اپنانے اور بے رابطہ خدمات کی ضرورت کے ساتھ، وبائی مرض کے دوران صارفین کی خریداری کا انداز تبدیل ہو گیا ہے۔ فوری طور پر اس تعطل کو اپنانے اور صارفین کو سہولت اور تحفظ فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، شیل نے دو ڈجیٹل خدمات کا آغاز کیا۔ شیل سلیکٹ نے پانڈا کے ساتھ تعاون کیا، جو آن لائن ترسیل کی ایک معروف سروس ہے، تاکہ صارفین کو ضروری سامان اور اشیائے خوردونوش کی فراہمی کی پیش کش کی جائے جو وہ عام طور پر سلیکٹ سے خریدیں گے۔ شیل نے منتخب سائٹس پر بنا نقدی (کیش لیس) خریداری کے فروغ کے لیے ویزا (VISA) سے اشتراک کیا جہاں صارفین گاڑیوں کی دیکھ بھال، لبریکینٹس اور سلیکٹ اسٹورز پر خریداری کے لیے کیو آر کوڈ استعمال کرکے ادائیگی کرسکتے ہیں۔

## شیل سلیکٹ کے ذریعے خدمت

شیل سلیکٹ نے والز، لیز، پاکستان ٹوبیکو کمپنی، کیلوگز، لُو، ریڈ بل اور لوکرز کے ساتھ شراکت داری کی اور مستحکم تعلق قائم کیا، جس نے صارفین کے لیے مشترکہ آفرز پیش کیں۔ رمضان کے دوران، شیل سلیکٹ نے ہمارے صارفین کے لیے خصوصی رعایتی شرح پر ضروری اشیا کے ساتھ پروموشنل گروسری ہیمپرز کی پیش کش کی۔

# شیل لبریکینٹس

شیل لبریکینٹس نے تیار شدہ لبریکینٹس کے نمایاں عالمی سپلائر کی حیثیت سے مسلسل 14 برس تک کامیابیاں رقم کی ہیں۔ یہ تنظیم کے اپنے صارفین کو اولیت دیتے ہوئے ان کے صارفی تجربے کو مسلسل بہتر بنانے اور جدید ٹیکنالوجی، برانڈ اور مارکیٹنگ میں فضیلت پر سرمایہ کاری کرنے کی وجہ سے ہوا ہے۔

## کاروباری کارکردگی

عالمی وبائی بیماری کے کاروباری امور کو متاثر کرنے اور دشوار معاشی پس منظر کے باوجود، شیل لبریکینٹس کا کاروبار روز افزوں ترقی کر رہا ہے، اپنی برانڈ کی مضبوط موجودگی کی وجہ سے شیل لبریکینٹس نے صارفین اور صنعتی کاروبار میں اپنے مارکیٹ شیئر کو برقرار رکھنے میں کامیابی حاصل کی ہے اور ایڈوانس، ہیلیکس، ریمولا میں اپنے ترجیحی برانڈ شیئر کو برقرار رکھا۔

مصنوعات تک رسائی اور پیش کش کے لیے فعال طریقوں کے ذریعے برانڈ کی کارکردگی میں استحکام ممکن بنایا گیا۔ شیل لبریکینٹس نے صارفین تک رسائی کے لیے ای کامرس کے ذریعے ورچوئل راہیں تلاش کیں۔ صنعتی صارفین کے لیے، شیل لبریکینٹس نے مائیسلا ایس 7 این الٹرا کے لیے اپنی پہلی ورچوئل لانچ کا اہتمام کیا۔

شیل لبریکینٹس مسلسل 13 سال سے تیار شدہ لبریکینٹس کے نمایاں عالمی سپلائر کی حیثیت سے اپنی کامیابیوں کو نشان زد کر رہے ہیں۔ اپنے صارفین کے تجربے کو فوقیت دینے اور جدید ٹیکنالوجی، برانڈ اور مارکیٹنگ کی فضیلت میں سرمایہ کاری کر کے اپنے تنظیم کو بہتر بنانے کی لیے مستقل کام کر رہی ہے۔

## شیل ہیلکس

پاکستانی صارفین کی اقتصادی صورتِ حال کو مد نظر رکھتے ہوئے، شیل ہیلکس نے یونی لیور کے ساتھ شراکت داری کی اور صارفین کو کیئر پیکیجز کے انعام دیے، جن میں شیل ہیلکس لبریکینٹس کی خریداری پر یونی لیور کی ذاتی نگہداشت کی اشیا شامل تھیں۔

جیسے ہی لاک ڈاؤن کی پابندیوں میں کمی آئی، شیل ہیلکس نے اپنی برانڈ خود مختار ورکشاپوں اور کلیدی کھاتوں کے لیے کووڈ 19 سے آگاہی کے پروگرام اور تجارتی ڈس انفیکشن مہم شروع کیں تا کہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ ہمارے شراکت دار محفوظ ماحول میں کاروبار کرتے ہیں۔

## شیل ایڈوانس

شیل ایڈوانس نے ایکس اسٹار (AXStar) کے افتتاح سے سال کا آغاز کیا۔ معاشی حالات سے وابستہ بصیرت کے ذریعے اس پراڈکٹ کی ضرورت کی نشان دہی کی گئی تھی، جس کی وجہ سے ایک نیا صارفی سیٹ تشکیل پایا، جو اضافۂ قدر کے روپے پر مبنی تھا۔ ایکس اسٹار کو صارفین کی قوتِ خرید میں آنے والی تبدیلی سے ہم آہنگ رکھا گیا تھا۔

## شیل ریمولا

2020ء کے آغاز میں، ہمارے زرعی صارفین کو ملک بھر میں ان دکانوں کی بندش کا سامنا کرنا پڑا جو انھیں گندم کی کٹائی جاری رکھنے کے لیے لبریکینٹس سمیت ضروری مصنوعات مہیا کرتی ہیں۔ کاشت کاروں کے ساتھ کام کرتے ہوئے، ہماری لبریکینٹس ٹیم نے متبادل انتظامات کرنے کے لیے طریقے اختیار کیے تاکہ یہ یقینی بنائے کہ کٹائی اور ٹریکٹر چلتے رہنے کے لیے انہیں درکار مصنوعات مل سکیں۔ شیل ریمولا نے محفوظ اور مستحکم انداز میں، 'شیل ریمولا آپ کی دہلیز پر' کے اقدام کے ذریعے مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی کو آسان بنانے کے لیے قدم بڑھایا۔ اس اقدام کی رسائی 350000 صارفین تک پھیل گئی، جس سے ٹیم کو شیل ریٹیل اسٹیشنوں کے ساتھ اشتراک اور شیل ڈیزل کی پیش کش کرتے ہوئے اس سفر کے دوسرے مرحلے میں شامل ہونے کی ترغیب ملی۔

## کمیونٹی کی بہبود

شیل ریمولا نے اپنی میکینکس کمیونٹی میں راشن کے ڈبے تقسیم کیے، جن کا روزگار لاک ڈاؤن کی وجہ سے بہت متاثر ہوا تھا۔ 100 مکینوں میں تقسیم کیے جانے والے ان راشن کے ڈبوں میں 500 افراد کے لیے گھروں کی بنیادی ضروریات ہیں، جو ان کے اہل خانہ کو ایک مہینے تک کے لیے کافی تھیں۔

## نئی شراکتیں قائم کرنا: آن بورڈ اور آن لائن

نئے ذرائع کے ذریعہ کاروبار کین رفتار بڑھانے کے لیے، معروف کمپنیوں کے ساتھ نئے منصوبوں کی کھوج کی گئی۔ کاریم کے فلیٹ کی ضروریات کے لیے شیل لبریکینٹس نے کریم کے ساتھ اشتراک کیا۔ شراکت کا دائرہ کار یم ڈرائیوروں پر محیط ہے، جس میں انھیں مسابقتی قیمت پر شیل لبریکینٹس کے آئل کی تبدیلی فراہم کی جاتی ہے۔ اس سہولت کا اہل بنانے کے لیے شیل لبریکینٹس نے ڈرائیور کے ہیٹ میپ پر مبنی ریٹیلرز کو بھی منصوبے میں شامل کر لیا۔

دراز، جو پاکستان کا سب سے بڑا ای کامرس پورٹل ہے، کے ساتھ ایک ای کامرس پلیٹ فارم قائم کیا گیا تھا۔ دراز پر شیل لبریکینٹس کا فلیگ شپ اسٹور تنظیم کو اپنی رسائی بڑھانے کے قابل بناتا ہے اور صارفین کے لیے بحفاظت اور باسہولت طور پر ان کے گھروں تک اصلی لبریکینٹس اور خصوصی آفرز فراہم کرتا ہے۔ اسٹور نے صارفین کے لیے اپنے طور پر آئل کی تبدیلی کا انتظام کرنے کی مہارت فراہم کرنے کے لیے "خود کام کریں" کا مواد فراہم کرتے ہوئے اپنی خدمات کا دائرہ مزید بڑھایا ہے۔

# شیل ایوی ایشن

شیل ایوی ایشن ہوابازی کے فیولز، لبریکینٹس اور تکنیکی خدمات کا ایک عالمی سپلائر ہے، جو ہوابازی کے تمام زمروں میں صارفین کی خدمت کر رہا ہے۔ 100 سے زائد برسوں میں، اس نے 60 ممالک میں موجودگی کے ساتھ، عالمی معیار کی سیفٹی اور آپریشنز اور سپلائی سیکیورٹی فراہم کرنے والے ایک قابل اعتماد ساتھی کے طور پر اپنی ساکھ قائم کی ہے۔

## پاکستان میں شیل ایوی ایشن

پاکستان میں شیل ایوی ایشن کی تاریخ 1932ء سے شروع ہوتی ہے، جب برما شیل کو برصغیر پاک و ہند میں پہلی ایئر میل کی افتتاحی پرواز کی ری فیولنگ کا اعزاز حاصل تھا۔ اپنے قیام کے بعد سے اب تک اس نے، کراچی سمیت ملک کے چار اہم ہوائی اڈوں پر جیٹ فیول اور ہوائی جہازوں کی ری فیولنگ کی خدمات فراہم کرتے ہوئے اپنے آپ کو پاکستان کی ہوابازی کی صنعت میں ایک اہم فریق ثابت کیا ہے۔ کاروبار پاکستان میں ٹربائن انجن آئل، پسٹن انجن آئل، فلوڈز اور گریس سمیت اعلیٰ معیار کے ایروشیل لبریکینٹس کا پورٹ فولیو بھی پیش کرتا ہے۔ پاکستان میں شیل ایوی ایشن کی کامیابی کی وجہ عالمی مہارت اور مقامی تجربہ ہے، جو ہم پیش کرتے ہیں۔ فروخت، فراہمی اور آپریشن ماہرین کی ایک ٹیم، جو مقامی مارکیٹ کی خدمت کے لیے وقف ہے، تک براہ راست رسائی کے ساتھ صنعت کے اسٹیک ہولڈرز اور صارفین بہترین ایجادات اور فیول کی سیفٹی اور آپریشنز میں مسلسل جدت سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

## 2019ء کی جھلکیاں

25 سے زائد ملکی اور بین الاقوامی صارفین کے ساتھ، ہم نے ملک میں دوسری بڑی جیٹ فیول سپلائر کے طور پر بہتر کارکردگی جاری رکھی۔ اس وبائی مرض کے دوران، شیل ایوی ایشن سائٹوں نے پاکستان میں آپریشنز جاری رکھے، جس سے اہم گیٹ وے کے طور پر پاکستان میں کارگو، طبی سامان اور مسافروں کو آنے جانے کے لیے مدد ملی۔ فاؤدی (FAUDI) ایوی ایشن کے اشتراک سے شیل ایوی ایشن نے پاکستان میں تمام سائٹس میں شیل جیٹ پروٹیکشن تیار اور متعارف کروایا۔ اس صنعت کی معروف ٹیکنالوجی کو اپنانے سے طیارے کی ری فیولنگ کے دوران داخل ہونے والے، سپر ابزاربینٹ پولیمر (ایس اے پی) کا خطرہ دور ہو جاتا ہے، جو فی الحال فلٹر مانیٹر میں استعمال ہوتا ہے۔ ہم نے کامیابی کے ساتھ نئے صارفین کو حاصل کیا اور ہوائی اڈوں پر موجودہ معاہدوں کی تجدید کی، جو ہمارے صارفین کا ہماری مصنوعات اور خدمات پر اعتماد کا ثبوت ہے۔

سیفٹی پر اپنی توجہ مرکوز رکھتے ہوئے شیل ایوی ایشن نے پاکستان میں ہماری ایئرپورٹ سائٹس پر سیفٹی کا مضبوط ریکارڈ برقرار رکھا۔ گول زیرو کے حصول کے لیے ہمارا عزم ایک ایسا سفر ہے جو ان ممالک، جہاں ہم کام کرتے ہیں، میں مستقل بہتری اور باہمی تعاون کے ذریعے آپریشنل فضیلت کے حصول میں ہماری ساکھ پر قائم ہے۔ ہم دوران سال مختلف انفراسٹرکچرل اور آپریشنل اپ گریڈیشن پروجیکٹس کے ذریعے اپنی تمام سائٹس پر بین الاقوامی معیار کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

# ایچ ایس ایس ای کارکردگی

شیل میں، ہم معاشرے کی توانائی کی ضروریات کو ان طریقوں سے پورا کرنا چاہتے ہیں جو معاشی، ماحولیاتی اور سماجی طور پر ذمہ دار ہوں۔ ماحولیات اور معاشرے پر اپنے آپریشنز اور منصوبوں کے اثرات کے انتظام کے لیے، ہمارے پاس کاروباری اصولوں اور سخت معیارات کا ایک جامع مجموعہ موجود ہے، جن میں صحت، حفاظت، تحفظ، ماحولیات اور سماجی کارکردگی کا احاطہ کیا گیا ہے۔

## پاکستان میں ایچ ایس ایس ای

شیل پاکستان صحت، سیفٹی، سیکورٹی اور ماحول (ایچ ایس ایس ای) کے حوالے سے مربوط نقطۂ نظر رکھتا ہے۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ ایک محفوظ کاروبار ہی بہتر کاروبار ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ محفوظ اور اخلاقی طریقے سے کاروبار کرنا، اور مقامی اور داخلی تحفظ کے معیارات کی تعمیل کرنا، ہمارے کام کرنے کے لائسنس اور مستقبل کی نمو کی حکمت عملی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ اس کی تکمیل کے لیے، ہم اپنی سرگرمیوں میں سب سے زیادہ خطرات کے حامل حفاظت کے تین شعبوں پر توجہ دیتے ہیں: ذاتی، پراسس اور ٹرانسپورٹ کی سیفٹی۔

## کووڈ19 کی تخفیف

2020ء کے آغاز کے بعد سے، شیل پاکستان، باقی ملک کی طرح، کووڈ19 کی وبا اور ملک بھر میں لگنے والے لاک ڈاؤن سے متاثر ہوا۔ اپنے لوگوں کی صحت اور حفاظت کو ترجیح قرار دیتے ہوئے، سخت ہنگامی صورت حال اور کاروباری تسلسل کے منصوبوں پر عمل درآمد کیا گیا، جن سے یہ یقینی بنایا گیا کہ ہم پاکستان بھر میں ضروری مصنوعات اور خدمات کی فراہمی جاری رکھ سکتے ہیں۔ شیل پاکستان بھر کی ٹیموں نے آپریشن کو رواں طور پر جاری رکھنے، رسدی زنجیروں کو بلارکاوٹ، اور اہم فضائی کارروائیوں کو تیز کرنے کے لیے سخت محنت کی۔

ایک اہم کاروبار کے طور پر، ملک بھر میں لاک ڈاؤن کے دوران شیل پاکستان کی ریٹیل سائٹیں اور ٹرمینلز کھلے رہے اور ان پر کام جاری رہا۔ کام کرنے کے محفوظ ماحول کو یقینی بنانے کے لیے ٹرمینلز اور ٹرکوں کی کمپنیوں نے باقاعدگی سے سہولتوں، ٹینک لاریوں اور ملاقات والے مقامات پر صفائی اور جراثیم کشی کے اصول نافذ کیے۔ درجہ حرارت کی اسکیننگ، سینیٹائزر کی فراہمی، چہرے کے ماسک اور دستانے تمام ضروری عملے کو فراہم کیے گئے تھے تاکہ توانائی کی صنعت کے پہیے کو روانی اور محفوظ طریقے سے چلایا جا سکے۔

فرنٹ لائن عملے اور صارفین کے لیے ریٹیل سائٹوں پر حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے گئے۔ ریٹیل سائٹوں پر کووڈ19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کی گئیں۔ مطلوبہ ذاتی حفاظت کا سامان پہننے، سماجی فاصلے کو برقرار رکھنے اور کثرت سے بلند ٹچ پوائنٹس پر جراثیم کشی کے ذریعے فرنٹ لائن کے عملے نے حفاظتی ہدایات اور مقامی طریقہ کار پر عمل کیا تاکہ صارفین کی بات چیت کے دوران حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔ ٹیریٹری منیجرز نے باقاعدہ حفاظت کی جانچ پڑتال اور اپنی سائٹ کے انکشاف کو کم کرنے کے طریقے تلاش کرنے کے ساتھ ریٹیلرز کے ساتھ آن لائن جائزے کا انعقاد کیا۔

سڑک، ریل، سمندر اور ہوا کے ذریعے مصنوعات منتقلی اپنے ساتھ نقل وحمل کی حفاظت سے متعلق خطرات لاتی ہے۔ بذریعہ سڑک ہائیڈروکاربن کی نقل وحمل پاکستان میں آئل کی صنعت کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ نقل وحمل کے عمل میں حفاظت کے حوالے سے صنعت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے شیل پاکستان مقامی حکام کے ساتھ کام کر رہا ہے۔ ملک بھر میں ٹرکوں کی کمپنیوں (ہاؤلیئرز) اور ڈرائیوروں کے لیے تھکاوٹ، خطرے کی نشاندہی، بریک لگاؤ جان بچاؤ (ہارش بریک مہم)، موسم گرما اور مون سون کے موسم میں حفاظت اور نگہداشت کا احاطہ کرنے والی تربیتی / آگاہی مشقیں کروائی جاتی ہیں۔

پروجیکٹ پاسبان، جو ہمارے بذریعہ سڑک نقل وحمل میں بہتری کا منصوبہ ہے، کے ذریعے ہم نے اپنے صارفین کو محفوظ طریقے سے مصنوعات کی فراہمی کو یقینی بنانا جاری رکھا ہے، اور مضبوط یقین دہانیوں کے ساتھ پاکستان میں تحفظ اور حفاظت سے مربوط بذریعہ سڑک پائیدار نقل وحمل کے آپریشنز کو ممکن بناتے ہیں۔ 2018ء میں 'پاسبان' کے آغاز کے بعد سے اس کے ذریعے بہت سارے اہم سنگ میل عبور کیے گئے، جن میں فلیٹ (fleet) اور ٹیکنالوجی کی جدت، جیسے کیمروں کی تنصیب، ہمارے ٹرمینل اور ریٹیل انٹرفیس کی مؤثریت، بذریعہ سڑک نقل وحمل کے شراکت داروں کی استعداد کاری، اور فلیٹ کے ڈرائیوروں کی دیکھ بھال اور احترام کے لیے ہاؤلیئرز کی سطح پر اقدامات جن میں آرام کے مقامات کا معیار، بہتر تربیتیں، اور انعامات وتوصیف شامل ہیں۔

کراچی سے محمود کوٹ تک جانے والی وائٹ آئل پائپ لائن، جس کے ذریعے ملک بھر میں ڈیزل کی منتقلی کی جاتی ہے، کو ملٹی گریڈ میں تبدیل کیا جارہا ہے، تاکہ اسے موٹر گیسولین کی نقل و حمل کے قابل بنایا جاسکے۔ بذریعہ سڑک فیول کی بنیادی منتقلی میں کمی لانے سے روڈ سیفٹی پر اس کا نمایاں اثر پڑے گا۔ ملٹی گریڈ وائٹ آئل پائپ لائن کی تیاری کے لیے، شیل پاکستان نے شکارپور اور ماچھیکے تنصیبات پر دو پائپ لائنز مکمل کیں، دونوں کو پاک عرب ریفائنری لمیٹڈ (پارکو) ٹرمینلز سے منسلک کیا تاکہ موٹر گیسولین کی ملک بھر میں نقل و حمل کی جاسکے۔ اس کے علاوہ، ہماری موٹر گیسولین ذخیرہ کرنے کی گنجائش کو بڑھانے کے لیے، شکارپور اور ماچھیکے تنصیبات میں دو بڑے ٹینکوں کی تعمیر کا کام شروع ہو گیا ہے۔

## ہنگامی ردعمل کی مشق

ہنگامی ردعمل کے طریقہ کار کی تیاری اور ان کو برقرار رکھنا تحفظ کے مضبوط رواج کی تعمیر کا ایک اہم عنصر ہے۔ ہم ہنگامی ردعمل کے منصوبوں کو برقرار رکھے ہوئے ہیں، اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ فیول کے گرنے، لیک ہونے، آگ یا دھماکوں سے نمٹنے کے لیے ہمارے پاس ضروری وسائل موجود ہیں۔ ہم ممکنہ حادثات سے نمٹنے کے لیے اپنے ہنگامی ردعمل کے منصوبے باقاعدگی سے تیار کرتے اور ان کی مشق کرتے ہیں۔ ہم اپنے ہنگامی ردعمل کے منصوبوں کا جائزہ لیتے ہیں، مقامی خدمات اور ضوابطی اداروں کے ساتھ کی جانے والی سیفٹی کی مشقوں میں ان کی جانچ کرتے ہیں، جو حقیقی واقعہ پیش آنے پر مددگار ہوں گے۔ ہم آئی سی ایس (حادثے کا کمانڈ سسٹم) کا استعمال جاری رکھے ہوئے ہیں، جو ہنگامی ردعمل کے کمانڈ، کنٹرول اور ہم آہنگی کے لیے عالمی سطح پر معیاری طریقہ کار ہے۔ 2020ء میں، ہمارے ریٹیل اور شعبۂ صحت کے مطابق کووڈ 19 وبائی مرض کے حوالے سے مختلف پہلو اور منظرناموں، جیسے ملک بھر میں جاری لاک ڈاؤن کے دوران کم ملازمین کے ساتھ آپریشن جاری رکھنا، کا احاطہ کرتے ہوئے ہم نے مسلح افواج اور سرکاری ایجنسیوں کے ساتھ مل کر حقیقی منظرنامے (سمولیشن) پر مبنی ہنگامی مشقیں کیں۔

## سیفٹی ڈے 2020ء

ہم اپنی حفاظت کی ثقافت کو شیل کے سالانہ سیفٹی ڈے جیسے پروگراموں کے ذریعے مسلسل تقویت دیتے ہیں۔ یہ ایک عالمی پروگرام ہے، جو شیل کے عملے اور ٹھیکیداروں پر مرکوز ہے تاکہ وہ حفاظت کے لیے اپنے عزم کی توثیق کریں اور انہیں خطروں اور اندیشوں کے انتظام کے بارے میں سیکھنے اور خیالات اور اچھے طریقوں کا اشتراک کرنے کا موقع فراہم کریں۔

انسانی کارکردگی کو بہتر بنانے کے مختلف امکانات پر معیاری بحث کے ساتھ انسانی کارکردگی اور سیکھنے والی ذہنیت کے تصورات کو متعارف کرایا گیا جبکہ اس دوران بالخصوص وبائی امراض کے دوران ہمیں درپیش مشکلات پر غور کیا گیا۔ ملک بھر میں ہمارے ٹرمینل کی صفِ اول کی افرادی قوت، سمندری جہازوں کے سنبھالنے والوں (میرین ویسل ہینڈلرز)، بذریعہ سڑک نقل و حمل کے ہاؤلیئرز، اور انجینئرنگ کے ٹھیکیداروں نے مختلف منصوبوں اور دیکھ بھال کی سرگرمیوں میں حصہ لیا اور گفتگو میں شرکت کرتے ہوئے ایک ٹیم کے طور پر حل نکالے۔

10 جون کو ملک بھر میں یوم سیفٹی کی تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ سیفٹی سے متعلق چھوٹی سرگرمیاں سیفٹی کی ذہنیت کو بڑھانے میں زیادہ موثر ثابت ہو سکتی ہیں۔ ہم نے ہر ایک کے لیے سیفٹی ڈے کو مرکزی حیثیت دی ہے، تمام ملازمین اور کانٹریکٹرز، ایک دوسرے کے ساتھ بطور ٹیم یک جا ہو کر اس حوالے سے بات چیت کرتے ہیں کہ وہ خود کو اور اپنے ساتھ کام کرنے والے دوسرے لوگوں کو کس طرح محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ ہماری ملاقات کے عنوانات معمول کے خطرے سے نمٹنے، الجھنوں کو دور کرنے، اور ان واقعات میں ملازمین، ڈسٹری بیوٹرز، ریٹیلرز، کانٹریکٹرز اور صارفین کی دیکھ بھال کا مظاہرہ کرنے سے متعلق غیر رسمی اور ایک لیڈر پر مبنی گفتگو پر مشتمل تھے۔

شیل پاکستان اپنے ملازمین، پارٹنرز، کانٹریکٹرز، اور کمیونٹیز کے حفاظتی سفر میں مدد کے لیے اپنے مختلف پروگراموں اور اقدامات کے ذریعے اندرونی اور بیرونی طور پر سیفٹی کی اہمیت کو اجاگر کرتا رہتا ہے۔

## شیل صحت

کووڈ19 نے 2020ء میں غیر معمولی چیلنجز پیش کیے، اور اس دوران شیل ہیلتھ کی ترجیح عملے اور ان کے اہل خانہ کی حفاظت اور فلاح و بہبود تھی۔

ہیلتھ ٹیم نے کووڈ19 سے متاثرہ ملازمین کو مدد اور رہنمائی فراہم کی۔ ٹیم صحت یابی تک ان کی صحت کی حالت کی نگرانی اور تجزیہ کرتی رہی۔

شیل ہیلتھ نے عملے کو کووڈ19 سے منسلک طبی پیشرفت سے آگاہ اور اپ ڈیٹ رکھا۔ آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کے ڈاکٹروں کے ساتھ عملے کے باقاعدہ سیشنز کا اہتمام کیا گیا تاکہ ابھرتے ہوئے سوالات کے جواب اور معلومات دی جا سکیں جبکہ اور غلط معلومات کو دور کیا جا سکے۔

2020ء کی دوسری ششماہی کے دوران، جیسے ہی ملک بھر میں انفیکشن کے کیسز کم ہونے لگے، شیل ہیلتھ نے دفاتر میں کام پر واپس آنے کے لیے ہدایات کا جامع جائزہ لیا، تاکہ ہمارے ملازمین کو محفوظ رکھا جا سکے، کیونکہ دفاتر جزوی طور پر کھولے گئے تھے۔

# ہمارے لوگ

سب سے زیادہ مسابقتی اور جدید توانائی کی کمپنی بننے کے لیے ہماری حکمتِ عملی کی فراہمی اور پیش رفت میں ہمارے لوگ مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ توانائی کے ترقی پذیر منظر نامے میں مسابقتی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے اہل اور بااختیار افراد کی ضرورت ہوتی ہے جو مل جل کر شیل پاکستان میں محفوظ طریقے سے کام کریں۔ ہم یقین ہے کہ باہمی تعاون کی ثقافت کی تشکیل سے، ہم انسانی اختراع پسندی اور تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ ہماری توجہ اس حکمت عملی کے مطابق لوگوں کو بھرتی، تربیت اور معاوضہ دینے پر مرکوز ہے جس کا مقصد صحت مند مقابلے کی حوصلہ افزائی کرنا، پیداواری تنظیم کو برقرار رکھنا، ہمارے لوگوں کی ترقی کی رفتار کو تیز کرنا، ہماری قائدانہ صلاحیتوں کو نمو اور تقویت بخشنا، اور مضبوط تعلق کے ذریعے ملازمین کی کارکردگی کو بڑھانا ہے۔

## بلند کارکردگی والی افرادی قوت تخلیق کرنا

شیل اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی ثقافت کی تشکیل اور اسے برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ اپنے لوگوں کو اہل بنانے کے لیے، ہم اپنے ملازمین کو ان کی شراکت کا معاوضہ دیتے ہوئے، ان کی بھرپور مصروفیت کے ذریعے تربیت اور معاونت پر توجہ دیتے ہیں۔ شیل کے ساتھ اپنے پورے کیریئر کے دوران ہم ان کی آپریشنل کارکردگی، پیشہ ورانہ تربیت اور ہماری باٹم لائن کو بہتر بنانے کے لیے واضح، مرکوز اہداف مقرر کرتے ہیں۔ قائدین (لیڈرز) کو اپنی ٹیموں کی کارکردگی بڑھانے کے بارے میں مستقل مشاورت اور رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔

ہمارے لوگوں کی بھرتی، تربیت اور ملازمت ہماری اس حکمت عملی کے مطابق کی جاتی ہے جو ہماری طویل مدتی کاروباری حکمت عملی کی معاونت کریں اور پائیدار طریقے سے زیادہ توانائی فراہم کریں۔

2020ء میں، ہم نے باصلاحیت ٹیلنٹ کی تلاش جاری رکھی۔ انٹیگریٹڈ ریسورسنگ ٹیم نے جامعات میں مہمات کیں، ملک کے پانچ بہترین انجینئرنگ اور بزنس اسکولوں کا دورہ کیا تاکہ بہترین ٹیلنٹ کو راغب کیا جا سکے۔ ہمارے گیمیفائیڈ تشخیص کے طریقہ کار کے ذریعے، ہم بہترین ممکنہ امیدواروں کی نشاندہی میں کامیاب ہوئے جو شیل پاکستان میں مختلف عہدوں کے لیے منتخب کیے گئے ہیں۔

ملک بھر میں 27 سے زائد گریجویٹس اور تجربہ کار پیشہ ور افراد کو بھرتی کیا گیا۔ امیدوار کے تجربے کو بہتر بنانا شیل میں ایک ترجیح رہی ہے اور ورک ڈے کے نفاذ کے ساتھ، امیدواروں کو نوکری کی درخواست جمع کروانے سے لے کر سیٹ پر آنے کے پہلے دن اور آگے چل کر ہموار تجربہ ملے گا۔

شیل پاکستان نے ریٹائرمنٹ کی 5 فیصد کی شرح کو برقرار رکھا جو مارکیٹ کی اوسط شرح سے بھی کم ہے۔

## متنوع اور جامع (ڈی اینڈ آئی) ماحول کا قیام

لوگ ہی جو ہمارا کاروبار قائم رکھتے ہیں۔ ہماری کامیابی کا انحصار متنوع ٹیلنٹ کی حامل افرادی قوت کو راغب کرنے، ان کی حوصلہ افزائی اور انھیں ملازمت پر برقرار رکھنے کی صلاحیت پر منحصر ہے۔ ہم متنوع افرادی قوت اور جامع ماحول کی خواہش رکھتے ہیں جو ہمارے تمام لوگوں کا احترام اور ان کی اعانت کرتے ہوئے ہماری کاروباری کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد کرے۔ ہماری ڈی اینڈ آئی اپروچ ٹیلنٹ کے حصول ، ان کی نمو اور برقراری، قیادت، اور جامع ثقافت پر مرکوز ہے۔

ہمارے رہنماؤں کا مقصد ڈی اینڈ آئی کے لیے رول ماڈل بننا اور مسلسل کامیابی کے لیے خود احتسابی اپنانا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ جامع رہنماؤں کی قیادت میں متنوع ٹیمیں زیادہ مصروفِ عمل رہتی ہیں، اور اس وجہ سے بہتر سیفٹی اور کاروباری کارکردگی فراہم کرتی ہیں۔ ڈی اینڈ آئی کو اپنے آپریشنز میں شامل کرکے، ہم اپنے ملازمین کی ضروریات کے ساتھ ساتھ دنیا میں اپنے متنوع صارفین، شراکت داروں اور اسٹیک ہولڈرز کی ضروریات کی بہتر تفہیم رکھتے ہیں۔

ہم ایک ایسا ماحول بنانے کے لیے بھی پرعزم ہیں جو تمام ملازمین کو حالات سے قطع نظر، بہترین کام کرنے کے قابل بناتا ہے۔ یہ سوچ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ہم خصوصی افراد کے ساتھ کس طرح کام کرتے ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ انھیں ان کی حقیقی صلاحیت تک پہنچنے کے لیے مساوی پلیٹ فارم دیا جائے اور وہ مستقبل میں زبردست اختراع کار (innovator) بن سکیں۔ 2020ء میں، ہم نے اپنے پہلے پی ڈبلیو ڈی (خصوصی افراد) کو اس سال کے لیے بھرتی کیا اور کیریئر میلے میں شرکت کے لیے این او ڈبلیو پی ڈی پی (ایک ایسی تنظیم جو مختلف اہلیتوں کے حامل (خصوصی) افراد کو بااختیار بنانے کے ذریعے معاشرے میں ان کی شمولیت پر مرکوز ہے) کے ساتھ شراکت کی۔

ہم ایک متنوع افرادی قوت کے حصول کے اپنے سفر میں کامیابی کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں اور ہماری کل بھرتیوں میں سے 40 فیصد خواتین ہیں۔ 2014ء میں، شیل پاکستان میں کام کرنے والی خواتین کی ترقی کی حوصلہ افزائی اور انھیں چیمپیئن بنانے کے لیے پہلا پروفیشنل نیٹ ورک تشکیل دیا گیا۔ 2020ء میں، ہم نے شیل ویمنز نیٹ ورک، جسے اب اڑان نیٹ ورک کہا جاتا ہے، کو ہم خیال مردوں اور عورتوں کی صنفی متوازن نمائندگی کے ساتھ نئے سرے سے ترتیب دیا۔ اس نیٹ ورک کے ذریعے ہم مسلسل مواقع فراہم کریں گے، خواتین رہنماؤں کو تیار کریں گے اور یکساں تجربات کے اشتراک کے لیے ایک محفوظ مقام فراہم کریں گے۔ ورکشاپس، سیمینارز اور تربیتوں کے ذریعے ہمارا مقصد آگاہی بڑھانا اور نیٹ ورکنگ اور ترقی کے متعدد مواقع فراہم کرنا ہے۔

## شیل کو کام کا ایک زبردست مقام بنانا

شیل پاکستان کو پسندیدہ آجر بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ہمارا مقصد ایک ایسا ماحول فراہم کرنا ہے جہاں ملازمین اپنی قدر اور شمولیت کو محسوس کرتے ہوں، جو انفرادی طور پر اور باہمی تعاون کی ٹیم کے طور پر اپنی صلاحیتوں کو پروان چڑھا سکیں۔ ہمارے ملازم کی قدر کے احساسات کو مزید مضبوط بنانے اور صلاحیتوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور برقرار رکھنے کے لیے خاندان دوستانہ پالیسیاں ترتیب دی گئی ہیں۔

2020ء میں، شیل پاکستان نے خواتین کا عالمی دن پاکستان کے پہلے آل گرل کامیڈی ٹروپ کے ساتھ منایا، جسے تمام ملازمین نے سراہا۔

عالمی وبائی مرض کے دوران بھی ملازمت کے بہترین تجربے کو یقینی بنانے کے لیے، شیل پاکستان نے نئے ملازمین کی انڈکشن کو نئی شکل دی اور تیزی سے ورچوئل سیٹ اپ کی طرف بڑھا، جس سے ٹیموں کے باہمی رابطے اور ہمارے نئے شامل ہونے والوں کو منفرد طریقوں سے کاروبار کے بارے میں جاننے میں مدد ملی۔

## ملازمین کی نگہداشت

جب کووڈ 19 کی وجہ سے دنیا نے ترجیحات کو تبدیل کیا، ہماری قیادت نے اپنے ملازمین کی دیکھ بھال، تسلسل اور مالی مدد پر بھرپور توجہ دیتے ہوئے سپورٹ کا اظہار کیا۔ ایک نگہداشت کمیٹی تشکیل دی گئی جو ملازمین سے رابطہ رکھتے ہوئے اندازہ لگا سکے کہ وہ کیسا محسوس کر رہے ہیں اور ان حالات سے کیونکر نمٹ رہے ہیں۔ عام رجحانات اور غالب موضوعات، جیسے فلاح و بہبود، رابطہ اور تشکر کی بنیاد پر، نگہداشت کمیٹی نے مختلف اقدامات وضع کیے جو ملازمین کے لیے ورچوئلی ہم آہنگ اور مؤثر تھے۔

# سماجی کارکردگی

شیل ان کمیونٹیز کے لیے سرمایہ کاری کرتا ہے جہاں ہم کام کرتے ہیں۔ شیل کے سماجی سرمایہ کاری کے پروگراموں کا انتظام ہماری سماجی کارکردگی کی ٹیم کرتی ہے۔ یہ پروگرام پائیدار کاروباری ماحول تخلیق کرتے ہوئے معاشی ترقی سے حاصل ہونے والے فوائد کے کیمونٹیز کے ساتھ اشتراک کے قابل بناتے ہیں۔ ہماری مقامی کیمونٹیز میں سرمایہ کاری کیمونٹی کی ضروریات اور شیل کے کاروباری مقاصد سے ہم آہنگ ہیں۔

## توانائی کے ذریعے زندگی کو طاقت دینا

توانائی معاشی اور سماجی ترقی کے لیے اہم ہے، دنیا بھر کے لوگوں کی زندگی اور معاش کو بہتر بنا سکتی ہے۔ شیل، مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر توانائی کی مصنوعات اور خدمات کے لیے مقامی منڈیوں کو کھولنے میں مدد کرنے والے توانائی کے منصوبوں تک رسائی کا ڈیزائن وضع کرتا اور ان کو نافذ کرتا ہے۔

2019ء میں، شیل پاکستان لمیٹڈ نے جنوبی پنجاب میں نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (این آر ایس پی) کی شراکت سے توانائی تک رسائی کا منصوبہ شروع کیا، جہاں ہم نے صاف توانائی کے سولیوشنز فراہم کیے جس میں دو شمسی توانائی سے چلنے والے کیمونٹی ادارے شامل ہیں: ایک ٹیوب ویل اور فلور مل، صاف چولہے اور شمسی لیمپ۔ 2020ء میں، ہم نے ایک اور شمسی توانائی سے چلنے والا ٹیوب ویل فراہم کیا تاکہ پانی کی بلاتعطل فراہمی اور پیداواری صلاحیت کو بڑھایا جاسکے۔ ہم نے گاؤں کی شمسی توانائی سے چلنے والی مقامی فلور مل کی بھی تزئین و آرائش کی جس سے مستقل بنیادوں پر آمدنی کی سطح اور طرز زندگی پر مثبت اثر پڑے گا۔ جن خاندانوں نے صاف چولہے اپنائے، ان میں سانس کی بیماریوں میں 30 فیصد کمی آئی ہے۔ اس منصوبے کا مقصد یہ ہے کہ ان کیمونٹی اداروں کی مستقل بنیادوں پر آمدنی ہو، تاکہ اسے کیمونٹی پر مبنی تنظیم کے حوالے کیا جاسکے۔

## شیل تعمیر کے ذریعے قدر کی تعمیر

شیل لائیو وائر شیل کے عالمی سماجی سرمایہ کاری کے پروگراموں میں سے ایک ہے جو نوجوانوں کو اپنا کاروبار شروع کرنے اور روزگار پیدا کرنے کے قابل بناتا ہے۔ 2003ء میں پاکستان میں "تعمیر" کے نام سے یہ پروگرام شروع کیا گیا، اس کے بعد سے یہ پروگرام 8 لاکھ سے زائد نوجوانوں (18 تا 35 سال کی عمر) تک پہنچ چکا ہے اور کاروباری تربیت کے ذریعے ساڑھے بارہ ہزار نوجوان کاروباری افراد کو شامل کیا گیا ہے جس کے نتیجے میں 1000 سے زائد اسٹارٹ اپ اور کاروباری اداروں میں توسیع ہوئی ہے۔ شیل تعمیر کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کیجیے https://tameer.shell.com.pk :

## شیل لائیو وائر دس اولین انوویٹر ایوارڈ

شیل لائیو وائر ٹاپ ٹین انووایٹرز ایوارڈز ایک عالمی مقابلہ ہے جو ان کاروباری اداروں کو انعام دیتا ہے جو جدت میں مہارت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ یہ تاجروں کو ایک عالمی پلیٹ فارم پر چمکنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔
عالمی شیل لائیو وائر ٹاپ ٹین انووایٹرز 2020ء پروگرام میں شریک 15 ممالک کے 139 شرکا میں سے شیل تعمیر کے تعاون سے چلنے والے تین کاروباری اداروں کو تسلیم کیا گیا۔
ایکوا ایگرو نے ماحولیات اور گردشی معیشت کے زمرے میں گولڈ ایوارڈ حاصل کیا۔ ان کی مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی کسانوں کو اپنی پیداواری صلاحیت بڑھانے اور پانی بچانے میں مدد دیتی ہے۔

ای این ای این ٹی نے سلور ایوارڈ جیتا۔ یہ ایک کلین ٹیک الیکٹرانکس اسٹارٹ اپ ہے، جو جدید مصنوعات کے ڈیزائن پر مرکوز ہے۔ یہ بجلی کے بلوں اور بجلی کے ضیاع کو 20 فیصد تک کم کرسکتا ہے۔

توانائی کی منتقلی، ماحولیات اور گردشی معیشت، مقامی خوشحالی کے ان تین زمروں کے علاوہ منصفین (ججز) نے ایک کاروباری ادارے کو آؤٹ اسٹینڈنگ اچیومنٹ ایوارڈ دیا جس نے عالمی ضروریات کو تبدیل کرنے کے شیل کے عزم کے جواب میں کووڈ19 کے سماجی و اقتصادی اثرات سے نمٹنے میں تعاون کیا۔ پاکستان کے ایڈوون (EDVON) نے کووڈ19 سے لڑنے والے روبوٹ، جو صفائی کو بہتر بناتا اور صحت کی دیکھ بھال کی ترتیبات سے مطابقت پیدا کرتا ہے، کے ساتھ ساتھ کے 12 کے طالب علموں کے لیے ورچوئل سٹیم (سائنس، ٹکنالوجی، انجینئرنگ، آرٹ اور ریاضی) کے نصاب اور ڈی آئی وائے (خود کرو) روبوٹکس کٹس کی تیاری پر 10 ہزار ڈالر جیتے۔

تمام دس فاتحین کے لیے شیل ایکسپرٹ کی طرف سے نگرانی کی معاونت، شیل مارکیٹ روابط سے استفادے کا موقع اور شیل یا شیل کے صارفین کے وینڈر کے طور پر سمجھے جانے کا امکان بھی ایوارڈ پیکیج میں شامل کیا گیا ہے۔

## ورچوئل کاروبار کی تربیت کا پروگرام

شیل تعمیر ایک ورچوئل مینٹورنگ پلیٹ فارم کے ذریعے نوجوان پاکستانی کاروباری اداروں تک پہنچا تاکہ وہ موضوع کے ماہرین کے منتخب کردہ گروپ کے اشتراک سے اپنے کاروباری نظریات کی تعمیر اور اصلاح کر سکیں۔ پروگرام کے ذریعے، 15 کاروباری افراد کے ایک متنوع گروپ نے اپنے اپنے منفرد کاروباری خیال کے لیے آٹھ ہفتوں کے دوران چار گھنٹے کی رہنمائی حاصل کی۔

## ورچوئل پچ کلینک

شیل لائیو وائر گلوبل ٹریننگ بعنوان 'اپنے خیالات کو کیسے آگے بڑھایا جائے' سے چار تعمیر اسٹارٹ اپس نے استفادہ کیا۔ معروف بین الاقوامی ترقیاتی کمپنی ڈی اے آئی کے ماہرین کی ٹیم نے تعمیر سٹارٹ اپ بزنس ماڈل پریزنٹیشنز پر خصوصی تربیت فراہم کی۔ اسٹارٹ اپس کو یہ بھی موقع ملا کہ وہ ماہرین کے عالمی پینل کے سامنے اپنی پچنگ کی مہارت کو بہتر بنائیں۔

## اسٹرے ٹجک اشتراک

شیل تعمیر نے این ای ڈی یونیورسٹی کے تعاون سے اپنے پہلے ورچوئل بُوٹ کیمپ کا آغاز کیا۔ مسلسل دو برسوں سے، تعمیر نوجوان انجینئرز کو انٹرپرائز ڈویلپمنٹ کی تربیت دے رہا ہے تاکہ ان کے فائنل ایئر کے آئیڈیاز کو پائیدار کاروباری منصوبوں میں تبدیل کیا جا سکے۔ 2020ء میں، پہلی بار، یونیورسٹی نے ایسے طلبا کے لیے داخلے کھولے جو انٹرپرینیور شپ کے بطور کیریئر انتخاب کے خواہشمند تھے۔ 30 سے زیادہ خواہشمند انٹرپرینیور کو داخلہ دیا گیا، اور توانائی کے اختراع، تعلیم، آٹو موبائل خدمات اور مصنوعی ذہانت (IoT) کے حوالے سے چھ کاروباری آئیڈیاز وضع کیے گئے۔ شیل، انڈسٹری اور تعلیمی اداروں کے ججوں کے ایک تجربہ کار پینل نے سرفہرست پانچ کاروباری خیالات کے انتخاب میں مدد کی:

1۔ ڈاکٹر فرخ عارف–توانائی کی بچت کے سمولیٹرز کی تیاری۔ ایک ویب پر مبنی پورٹل جو کہ ورچوئل انرجی آڈٹ س، سینسر پر مبنی فاصلاتی معاونت اور توانائی کی بچت کے لیے سمولیشنز فراہم کرتا ہے۔
2۔ زرمین خان: دنیا کو بدلنے کی تربیت۔ کمیونٹی پر مبنی ایک سماجی انٹرپرائز ہے، جو کھیلوں کے کم قیمت، قابلِ رسائی اور قابل قبول پلیٹ فارم کے ذریعے صحت مند طرز زندگی کو فروغ دیتا ہے۔
3۔ یونیس علی: یوٹیک–بچوں کی تعلیم۔ بچوں کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی تعلیمی پلیٹ فارم، تاکہ انہیں معیاری تعلیم فراہم کی جائے اور تیزی سے بدلتی دنیا کے لیے تیار کیا جا سکے۔
4۔ مصطفیٰ نظامی: ایک منٹ واش۔ ایک آٹو موٹو موٹر سائیکل واش سروس جس کا مقصد صرف ایک منٹ میں سستی اور وقت بچانے والی صفائی کی خدمات فراہم کرنا ہے۔
5۔ حافظ ارقم ملک IoT Smatties: فضلے کا انتظام۔ ایک نوجوان جدت پسند نے فضلے کو توانائی اور نامیاتی کھاد میں تبدیل کرنے کا تصور پیش کیا۔

## آفات کے دوران مدد میں معاونت

اس عالمی وبا کے دوران، شیل پاکستان کی تمام تر کاوشیں ہمارے ملازمین، صارفین اور ان کمیونٹیز، جہاں ہم کام کرتے ہیں، کی صحت، حفاظت اور فلاح و بہبود کو یقینی بنانے پر مرکوز رہی ہیں۔ شیل پاکستان نے تنظیموں کی امدادی سرگرمیوں کو متحرک کرنے کے لیے فیول کوپن عطیہ کیے۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے)، جسے حکومت کی جانب سے آفات کے دوران انتظامی سرگرمیوں کی ذمہ داری سونپی گئی، کو 8 لاکھ روپے دیے گئے۔ اور آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، جو وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے، کو 5 لاکھ روپے دیے گئے۔

## شیل ایکو میراتھن

2020ء میں، شیل پاکستان نے شیل ایکو میراتھن (ایس ای ایم) 2020ء میں حصہ لینے کا ارادہ رکھنے والی انجینئرنگ یونیورسٹیوں کی پاکستانی ٹیموں کو مدعو کیا تاکہ ایک مقامی مقابلے "race for your money" میں اپنے خیالات راسخ کر کے اپنی حکمت عملی کو تشکیل دے سکیں۔ اسلام آباد اور کراچی کی سات طلبا ٹیمیں اپنی توانائی سے چلنے والی کاریں بنانے کے حوالے سے اسپانسر شپ جیتنے کے لیے ججز کے ایک پینل کے سامنے پیش ہوئیں۔ ایس ای ایم سائنس توانائی کے کفایتی استعمال سے موثر گاڑیاں ڈیزائن کرنے اور بنانے کے لیے ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی کے طلبا کے لیے انتہائی منفرد توانائی کا پروگرام ہے۔ اس کا مقصد کم سے کم توانائی کا استعمال کرتے ہوئے سفر کرنے کے مقابلے کے لیے تیار کرنا ہے۔ ٹاپ 3 ٹیمیں، غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (GIKI)، نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (NUST) اور نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی - پاکستان نیوی انجینئرنگ کالج (NUST PNEC) نے اپنی گاڑیوں میں سرمایہ کاری کے لیے ساڑھے 6 لاکھ روپے حاصل کیے۔ ایس ای ایم ایشیا 2020ء کی عالمی تقریب کو کووڈ 19 کی وجہ سے ملتوی کر دیا گیا، جس سے ہماری طلبا ٹیموں کو اگلی ریس کے لیے فاتح کاروں کو ڈیزائن کرنے کے لیے کافی وقت ملا۔

# مالی جھلکیاں

## ترقی کو استحکام دیتے ہوئے

آج کی دنیا تیزی سے بدل رہی ہے۔ معاشرے کو موجدوں، کام کرنے کے مختلف طریقوں اور ایسے افراد کی ضرورت صارفین کو آنے والی کئی دہائیوں تک تیل اور گیس کی ضرورت رہے گی، لیکن جیسے جیسے توانائی کا نظام تبدیل ہو گا، ہمارے صارفین کی ضروریات بدلتی رہیں ہیں۔ شیل دنیا کی ضروریات کے لیے تیل اور گیس کی فراہمی میں مدد کرتا رہے گا، لیکن کمپنی کے لیے معاشرے کے ساتھ قدم بڑھانا لازمی ہے۔ ہمارے صارفین کی خدمت کے لیے کاروباری اختراع پسندی کے استعمال، تعاون اور تکنیکی کامیابی کا ہماری ٹریک ریکارڈ آنے والی دہائیوں میں تبدیلی کو اپنانے اور ترقی کرنے کی ہماری صلاحیت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

اور ہماری کمپنی کا نصب العین تبدیلی کے اس وقت سے ہم آہنگ ہے: توانائی کے زیادہ اور صاف تر سولیوشنز فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ترقی کو استحکام دینا۔ اس کا مطلب ہے بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے زیادہ توانائی اور ماحولیاتی تبدیلی اور آلودگی سے نمٹنے کے لیے صاف تر توانائی۔

پاکستان میں، شیل کے پاس 740 سے زائد سائٹس کے نیٹ ورک، ملک بھر میں اسٹوریج کی سہولتیں، عالمی لبریکینٹس برانڈز کا وسیع پورٹ فولیو اور ملکی و غیر ملکی ایئرلائنز کو جیٹ فیول فراہم کرنے والے چار بڑے ایئر فیلڈز موجود ہیں۔



# کارکردگی ایک نظر میں

31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والا سال

نفع آوری (روپے ملین میں)




شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی (روپے ملین میں)



### آمدنی/(نقصان) فی حصہ (روپے فی حصہ)

### محاصل (روپے ارب میں)




### فی حصہ مالیت (روپے)



# آپریٹنگ اور مالیاتی جھلکیاں

## پراڈکٹ کے لحاظ سے حجم (میٹرک ٹنز) اور مارکیٹ میں حصہ (فیصد)

ہائی اسپیڈ ڈیزل کا حجم




تبدیل شدہ فیولز کا حجم




موٹر گیسولین کا حجم



# 31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والا سال

| جھلکیاں | | 2019ء | 2018ء |
|---|---|---|---|
| فروخت کا حجم | ٹن | **1,765,896** | 2,093,700 |
| فروخت کے محاصل | ملین روپے | **165,140** | 199,719 |
| نقصان قبل از ٹیکس | ملین روپے | **(4,815)** | (140) |
| نقصان بعد از ٹیکس | ملین روپے | **(4,821)** | (1,486) |
| معین سرمائے کے اخراجات | ملین روپے | **3,104** | 2,501 |
| شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی | ملین روپے | **(651)** | 4,291 |
| نقصان فی حصہ - بنیادی | روپے | **(45.05)** | (13.88) |

31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والا سال

| مالیاتی شماریاتی خلاصہ | | | 2019ء | 2018ء | 2017ء | 2016ء | 2015ء | 2014ء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سرمائے کا شیئر | ملین روپے | **1,070** | 1070 | 1,070 | 1,070 | 1,070 | 1,070 | 1,070 |
| ذخائر | ملین روپے | **(1,721)** | 3,221 | 5,283 | 9,128 | 10,040 | 4,911 | 4,825 |
| شیئر ہولڈر کی ایکویٹی | ملین روپے | **(651)** | 4,291 | 6,353 | 10,198 | 11,110 | 5,981 | 5,895 |
| بریک اپ ویلیو | روپے | **(6)** | 40 | 59 | 95 | 104 | 56 | 55 |
| منقسمہ فی شیئر | روپے | **-** | - | 7 | 24 | 34 | 10 | 8 |
| بونس | تناسب | **-** | - | - | - | - | - | - |
| منافع / (نقصان) قبل از ٹیکس | ملین روپے | **(4,815)** | (140) | (60) | 4,323 | 5,706 | 2,345 | 546 |
| منافع / (نقصان) بعد از ٹیکس | ملین روپے | **(4,821)** | (1,486) | (1,102) | 3,183 | 6,764 | 911 | (1,067) |
| آمدنی / (نقصان) 10 روپے فی حصہ | روپے | **(45.05)** | (13.88) | (10.30) | 29.74 | 63.22 | 8.51 | (9.97) |

| جاری سرمایہ | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موجودہ اثاثے تا موجودہ واجبات | تعداد | **0.6** | 0.7 | 0.7 | 0.8 | 0.9 | 0.8 | 0.9 |
| اسٹاک کے دنوں کی تعداد | دن | **31** | 34 | 32 | 23 | 25 | 26 | 23 |
| تجارتی قرضوں کے دنوں کی تعداد | دن | **9** | 8 | 6 | 7 | 4 | 2 | 3 |

| کارکردگی | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منافع / (نقصان) قبل از ٹیکس بطور شیئر ہولڈر کی ایکویٹی کا فیصد | فیصد | **(264.9)** | (27.9) | (13.3) | 29.9 | 79.2 | 15.3 | (16.3) |
| فروخت کی لاگت بطور فروخت کا فیصد | فیصد | **95.4** | 92.4 | 91.7 | 91.2 | 71.5 | 75.0 | 83.5 |
| منافع / (نقصان) قبل از ٹیکس بطور فروخت کا فیصد | فیصد | **(2.92)** | (0.07) | (0.03) | 2.6 | 2.7 | 0.9 | 0.2 |
| منافع / (نقصان) قبل از ٹیکس بطور فروخت کا فیصد | فیصد | **(2.92)** | (0.7) | (0.6) | 1.5 | 3.1 | 0.4 | (0.4) |
| مجموعی قرضے کا تناسب | تناسب | **1.1** | 0.7 | 0.6 | 0.04 | – | 0.3 | 0.6 |

# غیر جانب دار آڈیٹرز کی رپورٹ

## شیل پاکستان لمیٹڈ کے ارکان کے لیے مالی بیانات کے آڈٹ پر رپورٹ

### ہماری رائے

ہم نے شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کی مالی صورتِ حال کے منسلک مالی بیانات، جو 31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کی مالی صورتِ حال، نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیانات، ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیانات، اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے رقوم کے بہاؤ کے بیانات، اور مالی بیانات کے نوٹس، بشمول نمایاں اکاؤنٹنگ پالیسیوں اور دیگر توضیحی معلومات پر مشتمل ہیں، کا جائزہ لیا ہے۔ ہم بیان کرتے ہیں کہ ہم نے وہ ساری معلومات اور وضاحتیں حاصل کیں جو ہماری معلومات اور یقین کے مطابق آڈٹ کے مقاصد کے لیے ضروری تھیں۔

ہماری رائے اور ہماری معلومات نیز ہمیں دی گئی توضیحات، مالی صورتِ حال کا بیان، نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیانات، ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیانات، رقوم کے بہاؤ کے بیانات، کے ساتھ منسلک نوٹس، کے مطابق، یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے عین مطابق ہیں جیسا کہ ان کا مالی رپورٹنگ کے لیے پاکستان میں اطلاق ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017ء (19 برائے 2017ء) میں درکار معلومات درست انداز میں دیتے ہیں، اور 31 دسمبر 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال پر کمپنی کے معاملات کی کیفیت، اور نقصان اور دیگر جامع آمدنی، ایکویٹی میں تبدیلیوں اور سال کے اختتام کے لیے اس کی رقوم کے بہاؤ کا سچا اور شفاف تناظر دیتے ہیں۔

### ہماری رائے کی بنیاد

ہم نے اپنا جائزہ آڈیٹنگ کے بین الاقوامی معیارات (آئی ایس ایز) کے مطابق کیا ہے، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ ان معیارات کے تحت ہماری ذمہ داریوں کو ہماری رپورٹ کے مالی بیانات کے آڈٹ کے لیے آڈیٹر کی ذمہ داریوں میں مزید بیان کیا گیا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (کوڈ) کا اختیار کردہ بین الاقوامی اخلاقی معیارات کے بورڈ برائے اکاؤنٹنٹس کے ضابطہ اخلاق برائے پروفیشنل اکاؤنٹنٹس کے مطابق ہم اس کمپنی کے لیے غیر جانب دار ہیں اور ہم نے ضابطہ اخلاق کے مطابق اپنی دیگر اخلاقی ذمہ داریوں کو نبھایا ہے۔ . ہمارا ماننا ہے کہ آڈٹ کے جو شواہد ہم نے حاصل کیے ہیں وہ ہماری رائے کو بنیاد فراہم کرنے کے لیے کافی اور مناسب ہیں۔

### آڈٹ کے کلیدی امور

ہمارے پیشہ ورانہ فیصلوں میں کلیدی آڈٹ امور وہ امور ہیں جو موجودہ دور کے مالی بیانات کے ہمارے آڈٹ میں سب سے زیادہ اہمیت رکھتے تھے۔ ان امور کو مجموعی طور پر ہمارے مالی بیانات کے آڈٹ کے تناظر میں اور اس پر اپنی رائے قائم کرنے کے سلسلے میں حل کیا گیا تھا، اور ہم ان امور پر کوئی علیحدہ رائے فراہم نہیں کرتے ہیں۔

### کلیدی آڈٹ امور درج ذیل ہیں:

| کلیدی آڈٹ امور | ہمارے آڈٹ نے ان کلیدی آڈٹ امور کو کیسے حل کیا |
|---|---|
| **1۔ حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجبات**<br><br>جیسا کہ نوٹ 14 میں مالی بیانات میں ظاہر کیا گیا ہے، 31 دسمبر 2020ء تک پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اور دیگر ڈیوٹیز اور قیمت کے فرق کے دعووں کی وجہ سے کمپنی کے بالترتیب 1،380،029 ہزار اور 2،600،528 ہزار روپے حکومت پاکستان کی جانب سے واجب الادا ہیں، جو برآمدی سیلز اور متعدد صارفین کو رعایتی نرخوں پر اور پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کے ضمن میں حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجب الادا ہیں۔ متعلقہ وزارتوں کے ساتھ کمپنی کے فالو اپ کے باوجود، یہ واجبات طویل عرصے سے باقی ہیں اور جن کی گذشتہ کچھ برسوں سے کوئی خاطر خواہ بازیابی نہیں ہوئی۔ کمپنی ان واجبات کی وصولی کے لیے متعلقہ سرکاری حکام سے رابطے میں ہے۔<br><br>درج بالا مسئلے کے تناظر میں، مذکورہ واجبات مالی بیانات میں اہمیت کے حامل ہیں اس لیے انھیں آڈٹ کا کلیدی امر سمجھا گیا ہے۔ | ان واجبات کی بازیابی اور ان کی متوقع میعاد کے بارے میں ہمارے خیال کے مطابق، ہم نے مندرجہ ذیل آڈٹ طریقہ کار کے ذریعہ دیے گئے حالات کی روشنی میں انتظامیہ کے فیصلوں کی درستی کی جانچ کی:<br><br>• کمپنی اور متعلقہ حکام کی مراسلت کا جائزہ لیا، اور متعلقہ واجبات کی بازیابی اور چکتائی کی میعاد کے بارے میں ان کے خیالات کا تنقیدی جائزہ لینے کے لیے منیجمنٹ کی موزوں سطح پر بحث و تمحیص کی گئی؛<br>• واجبات کی مضرت کے جائزے کے لیے منیجمنٹ کے عمل کو سمجھا، ان کے کیے گئے فیصلوں پر بات چیت کی، اور اس حوالے سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کی پڑتال کی؛<br>• بورڈ آف ڈائریکٹرز اور بورڈ کی آڈٹ کمیٹی کے منٹس کا جائزہ لیا اور واجبات کی بازیابی کے لیے دورانِ سال واقعات اور منیجمنٹ کے اقدامات کے بارے میں منیجمنٹ کی موزوں سطح پر بحث و تمحیص کی؛ اور<br>• قابل اطلاق مالی رپورٹنگ فریم ورک کے تقاضوں کی تعمیل کے لیے ڈسکلوژرز کی درستی اور موزونیت کا جائزہ لیا۔ |

| کلیدی آڈٹ امور | ہمارے آڈٹ نے ان کلیدی آڈٹ امور کو کیسے حل کیا |
|---|---|
| 2۔ کووڈ19 کا اثر | |
| | جیسا کہ مالی بیانات کے نوٹ 1.4 میں بیان کیا گیا ہے، کووڈ19 وبائی مرض کی وجہ سے حکومت کی ہدایات کے مطابق مارچ سے مئی 2020ء کے دوران معاشی اور سماجی سرگرمیوں میں نمایاں اور بے مثال کمی ہوئی۔ اس صورت حال نے عالمی سطح پر اور پاکستان میں معیشت کے مختلف شعبوں میں کاروباری اداروں کے لیے کاروباری اور مالی دشواریاں پیدا کیں۔<br>کووڈ 19 سے پیدا ہونے والے حالات کی وجہ سے کمپنی کے کام میں تعطل آیا جس کی وجہ سے تیل کی بین الاقوامی قیمتوں میں بہت زیادہ اتار چڑھاؤ اور طلب میں خلل پڑا جس کے نتیجے میں کمپنی کو سال کی پہلی ششماہی میں 112،108،8 ہزار روپے کا قبل از ٹیکس نقصان ہوا۔ جیسا کہ مالی بیانات کے نوٹ 1.5 میں ظاہر کیا گیا ہے۔<br>ان واقعات کی منفرد نوعیت اور کاروباری امور اور مالی رپورٹنگ پر اس کے ممکنہ اثرات کے پیش نظر ہم سمجھتے تھے کہ یہ ہماری آڈٹ حکمت عملی پر ممکنہ طور پر اثرانداز ہوگا اس لیے اسے آڈٹ کا کلیدی امر سمجھا گیا ہے۔ | ہمارے آڈٹ کے طریقہ کار، بشمول دیگر، کمپنی کے کاروباری امور، مالی صورتِ حال، سیالیت اور آپریٹنگ کارکردگی پر کووڈ19 سے متعلق واقعات کے اثرات کے بارے میں سینئر مینجمنٹ کے ساتھ بات چیت شامل ہے۔ مزید، ہم نے یہ معلومات حاصل کیں:<br>-مناسب آڈٹ حکمت عملی کا تعین کرنے کے لیے مالی رپورٹنگ کے پراسس اور بنیادی کنٹرول میں تبدیلیوں کی مجموعی تفہیم حاصل کی گئی؛<br>-اس بات کا جائزہ لیا گیا کہ آیا کسی مضرت کے اشارے موجود ہیں جو مادی اثاثوں کی خرابی کا باعث بن سکتے ہیں؛<br>31 دسمبر 2020ء کو منعقد ہونے والی انوینٹری اقدار کے حصول کا اندازہ کرنے کے لیے سال کے اختتام کے بعد انوینٹریوں کی فروخت کا جائزہ لیا گیا؛<br>-آئی ایف آر ایس 9 مالی آلات' کے تقاضوں کے مطابق انتظامیہ کی طرف سے طے شدہ متوقع کریڈٹ خساروں کے لیے حساب کی جانچ پڑتال کی۔ ہم نے اس طرح کے تخمینوں کے لیے انتظامیہ کے استعمال کردہ مفروضوں کا جائزہ لیا جن میں ان کی معقولیت اور اس حوالے سے استعمال کیے جانے والے معاون معاشی اور تاریخی اعداد و شمار شامل ہیں؛<br>-منظور شدہ بجٹ / مستقبل میں نقد آمدنی کے تخمینوں کا جائزہ لیتے ہوئے جاری رہنے والے کاروبار کے طور پر انتظامیہ کی صلاحیت کا اندازہ لگایا کہ آیا یہ مفروضہ مناسب ہے؛ اور<br>- قابل اطلاق مالی رپورٹنگ فریم ورک کی ضروریات کی تعمیل کے لیے انکشافات کی موززونیت اور مناسبیت کا جائزہ لیا گیا۔ |

## مالی بیانات اور آڈیٹرز کی رپورٹ کے علاوہ دیگر معلومات

دیگر معلومات کے لیے انتظامیہ ذمہ دار ہے۔ سالانہ رپورٹ میں شامل معلومات دیگر معلومات میں شامل ہیں، لیکن اس میں مالی بیانات اور ہمارے آڈیٹرز کی رپورٹ شامل نہیں ہے۔

مالی بیانات کے بارے میں ہماری رائے دیگر معلومات کا احاطہ نہیں کرتی ہے اور ہم اس پر کسی بھی قسم کی یقین دہانی کے نتیجے کا اظہار نہیں کرتے ہیں۔

مالی بیانات کے ہمارے آڈٹ کے سلسلے میں، ہماری ذمہ داری ہے کہ دیگر معلومات کو پڑھیں اور، ایسا کرتے ہوئے، اس بات پر غور کریں کہ آیا دیگر معلومات مالی بیانات یا آڈٹ میں حاصل کردہ ہمارے علم سے مادی طور پر مطابقت رکھتی ہے یا نہیں، بصورت دیگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس میں حقائق کا غلط استعمال کیا گیا ہے۔ اگر، ہم نے جو کام انجام دیا ہے اس کی بنیاد پر، ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ ان دیگر معلومات میں ردوبدل کی گئی ہے، تو ہمیں اس حقیقت کی اطلاع دینے کی ضرورت ہے۔ ہمارے پاس اس حوالے سے اطلاع دینے کے لیے کچھ نہیں ہے۔

## مالی بیانات کے لیے مینجمنٹ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ذمہ داریاں

پاکستان میں قابل اطلاق اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیار اور کمپنیز ایکٹ، 2017ء (19 برائے 2017ء) کی ضروریات اور اس طرح کے داخلی کنٹرول کے لیے جیسا کہ مینجمنٹ نے تعین کیا ہے، اور جس کا انتظام طے کرتا ہے کہ مالی بیانات کی تیاری مادی حقائق کی غلط تشہیر سے پاک ہے، خواہ دھوکہ دہی یا غلطی کی وجہ سے ہو، کے مطابق مالی بیانات کی تیاری اور منصفانہ پریزنٹیشن کے لیے مینجمنٹ ذمہ دار ہے۔

مالیاتی بیانات کی تیاری میں، کمپنی کے ایک جاری رہنے والے کاروبار کے طور پر کمپنی کی صلاحیت کا جائزہ لینے، ظاہر کرنے،، جہاں قابلِ اطلاق ہو، جاری کاروبار ہونے سے متعلق امور، اور اکاؤنٹنگ کی بنیاد پر جاری کاروبار کو استعمال کرنے سے متعلق امور کے لیے، تاوقتیکہ مینجمنٹ کے پاس کمپنی کو دیوالہ کرنے یا آپریشنز روک دینے، یا اور کے سوا کوئی حقیقت پسندانہ متبادل نہیں ہو، کے لیے مینجمنٹ ذمہ دار ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کمپنی کی مالی رپورٹنگ کے عمل کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں۔

## مالی گوشواروں کے آڈٹ کے لیے آڈیٹرز کی ذمہ داریاں

اس امر کی مناسب یقین دہانی کہ مالی گوشوارے مجموعی اعتبار سے کسی بھی مادی غلط بیانی سے، جو خواہ کسی دھوکے بازی کی وجہ سے ہو یا سہو کی، پاک ہیں، اور ہماری رائے شامل کرتے ہوئے آڈیٹرز رپورٹ جاری کرنا، ہمارے مقاصد ہیں۔ مناسب یقین دہانی یقین کی بلند سطح ہے، تاہم اس بات کی ضمانت نہیں کہ آئی ایس ایز، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، کے مطابق کیا گیا آڈٹ، ہمیشہ ہی کسی مادی غلط بیانی کی شناخت کر سکے گا۔ غلط بیانی کسی دھوکے یا سہو دونوں وجوہ سے ہو سکتی ہیں، اور مادی سمجھی جاتی ہیں، اگر ان کی وجہ سے انفرادی یا مجموعی طور پر، ان مالی گوشواروں کی بنیاد پر استعمال کنندگان کے لیے گئے اقتصادی فیصلوں پر اثرانداز ہونے کی توقع ہو۔

آئی ایس ایز، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، کے مطابق کیے گئے آڈٹ کے ایک حصے کے طور پر، ہم پیشہ ورانہ فیصلے پر عمل پیرا ہوتے ہیں اور پورے آڈٹ میں پیشہ ورانہ شکوک وشبہات کو برقرار رکھتے ہیں۔ ہم درج ذیل امور بھی ملحوظ رکھتے ہیں:

- مالی گوشواروں کی مادی غلط بیانی کے خطرات کی شناخت اور ان کا اندازہ کرنا، چاہے دھوکہ دہی یا غلطی کی وجہ سے، ان خطرات کے جواب میں آڈٹ کے طریقہ کار کو وضع کرنا اور انجام دینا، اور آڈٹ کے ایسے شواہد حاصل کرنا جو ہماری رائے کو بنیاد فراہم کرنے کے لیے کافی اور مناسب ہوں۔ دھوکہ دہی کے نتیجے میں کسی مادی غلط بیانی کی نشاندہی نہ کرنے کا خطرہ غلطی کے نتیجے میں ہونے والی غلط بیانی سے کہیں زیادہ ہوتا ہے، کیوں کہ دھوکہ دہی میں ملی بھگت، جعل سازی، ارادی غلطی، غلط توضیح یا داخلی کنٹرول کی تنسیخ شامل ہو سکتا ہے،
- آڈٹ سے متعلق اندرونی کنٹرول کی تفہیم حاصل کرنا تا کہ آڈٹ کے طریقوں کو وضع کیا جاسکے جو ان حالات کے مطابق موزوں ہوں،
- تاہم یہ اس مقصد کے لیے نہیں کہ کمپنی کے داخلی کنٹرول کی اثر انگیزی پر اپنی رائے کا اظہار کریں۔
- استعمال کی گئی اکاؤنٹنگ پالیسیوں کے مناسب ہونے اور اکاؤنٹنگ کے تخمینوں اور منیجمنٹ کے متعلقہ ڈسکلوژرز کی موزونیت کا جائزہ لینا۔
- جاری رہنے والے کاروبار کی اکاؤنٹنگ کی بنیاد اور حاصل کردہ آڈٹ شواہد کی بنا پر، چاہے کوئی مادی غیر یقینی صورت حال واقعات یا حالات سے متعلق ہو، جو کمپنی کی جاری کاروبار کی حیثیت سے جاری رکھنے کی صلاحیت پر نمایاں شبہات ڈال سکتی ہے، کے لیے انتظامیہ کے استعمال کی درستی پر نتیجہ اخذ کرنا۔ اگر ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ مادی غیر یقینی صورت حال موجود ہے تو، ہمیں مالی گوشواروں میں متعلقہ ڈسکلوژرز پر اپنے آڈیٹرز کی رپورٹ میں توجہ مبذول کروانے کی ضرورت ہے یا، اگر اس طرح کے ڈسکلوژر ناکافی ہیں تو، اپنی رائے میں تبدیلی لانا ہو گی۔ ہمارے نتائج ہمارے آڈیٹرز کی رپورٹ کی تاریخ تک آڈٹ شواہد پر مبنی ہوتے ہیں۔ تاہم، مستقبل میں ہونے والے واقعات یا حالات کمپنی کے ایک جاری کاروبار کی حیثیت سے جاری نہ رہنے کا سبب بن سکتی ہے۔
- ڈسکلوژرز سمیت مالی بیانات کی مجموعی پریزنٹیشن، ساخت اور مواد کا جائزہ لینا، اور یہ کہ آیا مالی بیانات بنیادی لین دین اور واقعات کی نمائندگی اس انداز میں کرتے ہیں کہ منصفانہ پریزنٹیشن حاصل ہو سکے۔

ہم دیگر معاملات کے ساتھ ساتھ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ساتھ آڈٹ کی منصوبہ بندی کا دائرہ کار اور وقت اور آڈٹ کے اہم نتائج، بشمول اندرونی کنٹرول میں کسی بھی اہم خامیوں، جو ہمیں دورانِ آڈٹ پتا چلیں، سے متعلق بھی بات چیت کرتے ہیں۔

ہم بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ بیان بھی فراہم کرتے ہیں کہ ہم نے غیر جانب داری کے حوالے سے متعلقہ اخلاقی تقاضوں کی تعمیل کی ہے، اور ان تمام تعلقات اور دیگر امور کے متعلق ان سے بات چیت کرنا جو ہماری غیر جانب داری، اور جہاں قابل اطلاق ہو، متعلقہ حفاظتی اقدامات پر معقول طور پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بتائے جانے والے معاملات سے، ہم ان معاملات کا تعین کرتے ہیں جو موجودہ مدت کے مالی بیانات کے آڈٹ میں انتہائی اہمیت کے حامل تھے اور اسی وجہ سے وہ آڈٹ کے اہم امور میں شامل ہیں۔ ہم ان امور کو اپنی آڈیٹرز کی رپورٹ میں بیان کرتے ہیں جب تک کہ کوئی قانون یا ضابطہ اس امر کے بارے میں پبلک ڈسکلوژر کو روکتا ہے یا جب، انتہائی غیر معمولی حالات میں، ہم طے کرتے ہیں کہ کسی معاملے کو ہماری رپورٹ میں نہیں بتایا جانا چاہیے کیونکہ ایسا کرنے سے مفادِ عامہ کے ضمن میں منفی نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

## دیگر قانونی وضوابطی تقاضوں پر رپورٹ

اپنے آڈٹ کی بنیاد پر ہم مزید یہ رپورٹ کرتے ہیں کہ، ہماری رائے میں:

الف) کمپنیز ایکٹ 2017ء (19 برائے 2017ء) کے تقاضوں کے مطابق کمپنی کے کھاتے برقرار رکھے گئے ہیں؛

ب) مالی صورتِ حال کا بیان، نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیانات، ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیانات، رقوم کے بہاؤ کے بیانات، اور مالی بیانات کے ساتھ، منسلک نوٹس، اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء (19 برائے 2017ء) کے مطابق ہیں اور اکاؤنٹس کے کھاتوں اور گوشواروں کی توثیق کرتے ہیں؛

ج) کی گئی سرمایہ کاریاں، ہونے والے اخراجات اور دورانِ سال دی گئی ضمانتیں کمپنی کے کاروبار کے مقصد سے تھیں؛ اور

د) زکوۃ اور عشر آرڈیننس 1980ء (18 برائے 1980ء) کے تحت کوئی قابلِ کٹوتی زکوۃ باقی نہیں ہے۔

اس غیر جانب دار آڈیٹرز کی رپورٹ کے نتیجے میں ہونے والے آڈٹ کے شریک کار شیخ احمد سلمان ہیں۔

EY Ford Rhodes

**چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس**

مقام: کراچی

تاریخ: 15 مارچ 2021ء

# مالی صورتِ حال کا بیان

**31 دسمبر 2020ء تک**

| | نوٹ | 2020ء | 2019ء |
|---|---|---|---|
| | | ----------------(ہزار روپے) | ---------------- |
| **اثاثے** | | | |
| **غیر حالیہ اثاثے** | | | |
| جائیداد، پلانٹ اور آلات | 4 | 14,958,627 | 13,176,996 |
| حقِ استعمال کے اثاثے | 5 | 5,174,286 | 4,861,724 |
| غیر محسوس اثاثے | 6 | 8,405 | 11,557 |
| طویل مدتی سرمایہ کاریاں | 7 | 4,936,422 | 4,631,252 |
| طویل مدتی قرضے | 8 | 29,131 | 33,585 |
| طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | 9 | 158,799 | 159,759 |
| مؤخر ٹیکس | 10 | 1,020,840 | 425,467 |
| | | 26,286,510 | 23,300,340 |
| **جاری اثاثے** | | | |
| زیرِ تجارت اسٹاک | 11 | 13,510,164 | 17,413,439 |
| تجارتی قرضے | 12 | 3,971,807 | 4,544,062 |
| قرضے اور بیعانے | 13 | 98,893 | 131,099 |
| قلیل مدتی پیشگی ادائیگیاں | | 618,934 | 544,129 |
| دیگر واجبات | 14 | 7,616,623 | 8,016,827 |
| نقد اور بینک بیلنس | 15 | 2,542,876 | 2,319,546 |
| | | 28,359,297 | 32,969,102 |
| **مجموعی اثاثے** | | 54,645,807 | 56,269,442 |
| **ایکویٹی اور واجبات** | | | |
| **ایکویٹی** | | | |
| سرمایہ حصص | 16 | 1,070,125 | 1,070,125 |
| پریمیم حصص | | 1,503,803 | 1,503,803 |
| عمومی ذخائر | | 207,002 | 207,002 |
| جمع شدہ (نقصان) / غیر مختص نفع | | (2,829,185) | 1,995,276 |
| بعد استعمال نوپیائش فوائد– حقیقی نقصان | | (597,904) | (485,073) |
| دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت [FVOCI] کے طور پر درجہ بند ایکویٹی سرمایہ کاری کی نوپیائش پر غیر حصولی نقصان | 7.4 | (5,000) | - |
| **مجموعی ایکویٹی** | | (651,159) | 4,291,133 |
| **واجبات** | | | |
| **غیر حالیہ واجبات** | | | |
| اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری | 17 | 157,748 | 138,322 |
| طویل مدتی مالکاری | 18 | 4,000,000 | - |
| طویل مدتی اجارہ واجبات | 19 | 4,209,046 | 3,675,474 |
| بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی | 33 | 171,566 | 173,067 |
| | | 8,538,360 | 3,986,863 |
| **حالیہ واجبات** | | | |
| تجارتی و دیگر واجب الادا | 20 | 39,023,387 | 38,496,084 |
| بے دعویٰ مقسومہ | | 257,548 | 165,094 |
| غیر اداشدہ مقسومہ | | 59,396 | 154,623 |
| مجموعی مارک اپ | 21 | 1,936 | 11,747 |
| قلیل مدتی قرض گیری- محفوظ | 22 | 6,150,510 | 8,154,343 |
| ٹیکس–خالص | | 522,870 | 559,652 |
| طویل مدتی اجارہ واجبات کا حالیہ حصہ | 19 | 742,959 | 449,903 |
| | | 46,758,606 | 47,991,446 |
| **اتفاقی مصارف و معاہدے** | 23 | | |
| **مجموعی ایکویٹی اور واجبات** | | 54,645,807 | 56,269,442 |

منسلک نوٹس 1 تا 45 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں

**عمران آر ابراہیم**
ڈائریکٹر

**ہارون راشد**
چیف ایگزیکٹو

**فیصل وحید**
چیف فنانشل آفیسر

# نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کا بیان

**31 دسمبر 2020ء تک**

| | نوٹ | 2020ء | 2019ء |
|---|---|---|---|
| | | (ہزار روپے) | |
| سیلز | 24 | **194,665,379** | 234,040,872 |
| دیگر محاصل | | **546,212** | 765,436 |
| | | **195,211,591** | 234,806,308 |
| سیلز ٹیکس | | **(30,071,676)** | (35,087,707) |
| خالص محاصل | | **165,139,915** | 199,718,601 |
| فروخت شدہ مصنوعات کی لاگت | 25 | **(157,590,280)** | (184,621,127) |
| **مجموعی نفع** | | **7,549,635** | 15,097,474 |
| تقسیم کاری اور مارکیٹنگ کے اخراجات | 26 | **(6,810,619)** | (7,388,212) |
| انتظامی اخراجات | 27 | **(5,139,484)** | (5,042,971) |
| دیگر اخراجات | 28 | **(557,613)** | (2,791,907) |
| دیگر آمدنی | 29 | **582,840** | 557,612 |
| **آپریٹنگ نقصان / نفع** | | **(4,375,241)** | 431,996 |
| مالی لاگتیں | 30 | **(1,514,063)** | (1,522,768) |
| | | **(5,889,304)** | (1,090,772) |
| معاون کے منافع کا حصہ - ٹیکس کا خالص | 7 | **1,074,043** | 950,806 |
| **قبل از ٹیکس نقصان** | | **(4,815,261)** | (139,966) |
| ٹیکس | 31 | **(5,766)** | (1,345,801) |
| **دورانِ مدت خالص نقصان** | | **(4,821,027)** | (1,485,767) |
| دیگر جامع آمدنی | | | |
| ایسی اشیا جن کی منافع یا نقصان کے لیے دوبارہ درجہ بندی نہیں کی جائیں گی | | | |
| ملازمت کے بعد کے فوائد پر حقیقی (نقصان) / فائدہ - دیگر جامع آمدنی (ایف وی او سی آئی) کے ذریعے عرفی مالیت کے طور پر درجہ بندی کردہ ایکویٹی آلے کی باز پیمائش پر | 7.4 | **(112,831)** | 10,985 |
| خالص ٹیکس نقصان | | | |
| ایسی اشیا جن کی منافع یا نقصان کے لیے دوبارہ درجہ بندی نہیں کی جائیں گی | | **(5,000)** | - |
| معاون کے جامع نقصان کا حصہ - ٹیکس کا خالص | 7.1 | (3,434) | - |
| **سال کے لیے مجموعی نقصان** | | (4,942,292) | (1,474,782) |
| | | (ہزار روپے) | |
| | 32 | (45.05) | (13.88) |

منسلک نوٹس 1 تا 45 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں

**عمران آر ابراہیم**
ڈائریکٹر

**ہارون راشد**
چیف ایگزیکٹو

**فیصل وحید**
چیف فنانشل آفیسر

# ایکویٹی میں تبدیلیوں کا بیان

## 31 دسمبر 2020ء کے لیے

| | | محفوظ سرمایہ | محفوظ محاصل | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | سرمایہ حصص | پریمیم حصص | عمومی ذخائر | مجموعی (نقصان)/ غیر مختص نفع | بعد استعمال منافع پر حقیقی نقصان | سرمایہ کاریوں کی نوقدرپیائی پر غیر حصولی (نقصان) | کُل |
| | ------------------------(ہزار روپے)------------------------ | | | | | | |
| **31 دسمبر 2018ء کے اختتام پر بیلنس (آڈٹ شدہ)** | 1,070,125 | 1,503,803 | 207,002 | 4,068,450 | (496,058) | - | 6,353,322 |
| آئی ایف آر ایس 9 کے ابتدائی اطلاق کے بعد اکاؤنٹنگ پالیسی میں تبدیلی کا اثر۔ خالص ٹیکس | - | - | - | (587,407) | - | - | (587,407) |
| **یکم جنوری 2019ء پر بیلنس (ردوبدل شدہ)** | **1,070,125** | **1,503,803** | **207,002** | **3,481,043** | **(496,058)** | **-** | **5,765,915** |
| سال کے لیے خالص نقصان | - | - | - | (1,485,767) | - | - | (1,485,767) |
| سال کے لیے دیگر جامع آمدنی | - | - | - | - | 10,985 | - | 10,985 |
| سال کے لیے مجموعی جامع آمدنی | - | - | - | (1,485,767) | 10,985 | - | (1,474,782) |
| **31 دسمبر 2019ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ)** | **1,070,125** | **1,503,803** | **207,002** | **1,995,276** | **(485,073)** | | **4,291,133** |
| سال کے لیے خالص نقصان | - | - | - | (4,821,027) | - | - | (4,821,027) |
| سال کے لیے دیگر جامع نقصان | - | - | - | (3,434) | (112,831) | (5,000) | (121,265) |
| سال کے لیے مجموعی جامع نقصان | | | | (4,824,461) | (112,831) | (5,000) | (4,942,292) |
| **31 دسمبر 2020ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ)** | **1,070,125** | **1,503,803** | **207,002** | **(2,829,185)** | **(597,904)** | **(5,000)** | **(651,159)** |

منسلک نوٹس 1 تا 45 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| **عمران ابراہیم** | **ہارون راشد** | **فیصل وحید** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# رقوم کے بہاؤ کا بیان

**31 دسمبر 2020ء تک**

| | نوٹ | 2020ء | 2019ء |
|---|---|---|---|
| | | (ہزار روپے) | |
| **آپریٹنگ سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| آپریشنز سے حاصل ہونے والی رقوم | 36 | **2,677,755** | 4,499,953 |
| اداشدہ مالی لاگتیں | | **(955,893)** | (921,901) |
| اجارہ واجبات کا اداشدہ سودی حصہ | | **(23,423)** | (22,942) |
| اداشدہ انکم ٹیکس | | **(591,835)** | (1,332,366) |
| طویل مدتی قرضے | | **4,454** | (8,509) |
| طویل مدتی ادائیگیاں | | **960** | 723,418 |
| دورانِ سال ادا کیے جانے والے بعد از ریٹائرمنٹ فوائد | 33.2.4 | **(10,834)** | (11,013) |
| **آپریٹنگ سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم** | | **1,101,184** | 2,926,640 |
| **سرمایہ کاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| معین سرمایہ جاتی اخراجات | | **(3,103,741)** | (2,500,938) |
| آپریٹنگ اثاثوں کے تلف کیے جانے سے حاصل ہونے والی وصولیاں | | **12,795** | 500 |
| معاون سے حاصل ہونے والا مقسومہ | 7.1 | **760,439** | 613,657 |
| سیونگ اکاؤنٹس سے حاصل ہونے والا سود | 29 | **28,475** | 35,021 |
| **سرمایہ کاری سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم** | | **(2,302,032)** | (1,851,760) |
| **مالکاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| اجارہ واجبات کا اداشدہ زرِ اصل | | **(569,216)** | (816,788) |
| طویل مدتی قرضے | | **4,000,000** | - |
| اداشدہ مقسومے | | **(2,773)** | (13,324) |
| **مالکاری سرگرمیوں سے پیدا ہونے والی (میں استعمال ہونے والی) خالص رقوم** | | **3,428,011** | (830,112) |
| **رقم اور رقم کے مساوی اشیا کی خالص (کمی) / اضافہ** | | **2,227,163** | 244,768 |
| مدت کے آغاز پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا | | **(5,834,797)** | (6,079,565) |
| **مدت کے اختتام پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا** | 37 | **(3,607,634)** | (5,834,797) |

منسلک نوٹس 1 تا 45 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| **عمران آر ابراہیم** | **ہارون راشد** | **فیصل وحید** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# مالی گوشواروں کے نوٹس

**31 دسمبر 2020ء تک**

1 **کمپنی اور اس کے آپریشنز**

1.1 شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) محدود واجبہ کمپنی ہے جو پاکستان میں قائم کی گئی اور جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ ہے۔ کمپنی شیل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، برطانیہ (فوری مالک) کی ذیلی ہے، جو رائل ڈچ شیل پبلک لمیٹڈ کمپنی (حتمی مالک) کی ذیلی ہے۔ کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی، پاکستان پر واقع ہے۔

1.2 کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔

1.3 جغرافیائی مقامات اور کاروباری یونٹس کے پتے

| | |
|---|---|
| ہیڈ آفس | **شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی، پاکستان** |
| لیوب آئل بلینڈنگ پلانٹ | پلانٹ نمبر 22، آئل انسٹالیشن ایریا، کیماڑی، کراچی |

ریجنل مارکیٹنگ، سیل آفس اور انوائسنگ پوائنٹس پورے ملک میں قائم ہیں۔ کمپنی پاکستان اور شمالی علاقوں میں اپنی ریٹیل آپریشنز کی سائٹس اور ڈیلرز کے تحت چلنے والی سائٹس کی ملکیت رکھتی ہے، جن کی تفصیلات کا اظہار کمپنیز ایکٹ 2017ء (ایکٹ) کے چوتھے شیڈول کے تقاضے کے مطابق ان مالی بیانات میں کیا گیا ہے۔

1.4 کووڈ 19 وبائی مرض کا ان مالی بیانات پر اثر

کووڈ 19 وبائی مرض کی وجہ سے حکومت کی ہدایات کے مطابق مارچ 2020ء کے بعد سے معاشی اور سماجی سرگرمیوں میں نمایاں اور بے مثال کمی آئی۔ اس صورت حال نے پاکستان میں معیشت کے مختلف شعبوں میں کاروباری اور مالیاتی دشواریاں پیدا کیں۔ تاہم، ضروری صارفی سپلائی کے کاروبار میں شامل کمپنیوں کو لاک ڈاؤن سے خارج کر دیا گیا، جس میں پٹرولیم اور متعلقہ مصنوعات کی خریداری، اسٹوریج اور مارکیٹنگ شامل تھی تاکہ ضروری معیاری آپریٹنگ طریقہ کار (ایس او پیز) کی سختی سے تعمیل کی جاسکے۔ اس کے نتیجے میں، کمپنی کے سیلز دفاتر، اسٹوریج پوائنٹس اور کاروباری دفاتر کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔

تاہم، کووڈ 19 نے بنیادی طور پر تیل کی بین الاقوامی قیمتوں میں بہت زیادہ اتار چڑھاؤ، اس کی خالص قابل قدر قیمت (این آر وی) میں انوینٹری کو متروک کرنے اور فروخت کی مانگ میں تیزی سے کمی کی وجہ سے کمپنی کو متاثر کیا ہے (دیکھیے نوٹ 1.5)

1.5 رپورٹنگ کی تاریخ تک، کمپنی کا نقصان قبل از ٹیکس 4815261 ہزار روپے ہو چکا ہے اور مجموعی خسارے اور منفی ایکویٹی بالترتیب 2829185 ہزار روپے اور 651159 ہزار روپے ہو چکی ہے۔ موجودہ دور میں منفی صورت حال کی وجہ بنیادی طور پر تیل کی عالمی قیمتوں میں غیر معمولی اتار چڑھاؤ اور کووڈ 19 کی وجہ سے ہونے والے لاک ڈاؤن کی وجہ سے طلب میں ہے جس کے نتیجے میں کمپنی نے سال کی پہلی ششماہی میں 8،108،112 ہزار روپے کا نقصان قبل از ٹیکس درج کیا۔ جیسے ہی تیل کی بین الاقوامی قیمتوں میں استحکام کے ساتھ ملک میں معاشی سرگرمیوں بحالی آئی اور، سال کی دوسری ششماہی میں کمپنی نے 3،292،851 ہزار کا منافع قبل از ٹیکس درج کیا۔ تیل کی عالمی قیمتوں میں استحکام اور ملک میں معمول کی معاشی سرگرمیوں کی بحالی سے، منیجمنٹ سمجھتی ہے کہ منیجمنٹ کے تیار کردہ کاروباری منصوبوں اور بورڈ کی طرف سے کی جانے والی اس کی تائید کی بنا پر مستقبل قریب میں کمپنی نفع آوری کی جانب پلٹے گی۔

1.6 بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 9 دسمبر 2020ء کو ہونے والے اپنے اجلاس میں اپنے موجودہ شیئر ہولڈرز کو ہر 1 عام شیئر کے لیے 1 رائٹ شیئر کے تناسب سے 108 روپے فی شیئر (پریمیم 98 روپے فی شیئر) کی مالیت پر رائٹ شیئرز جاری کر کے مزید سرمایہ بڑھانے کی منظوری دی۔۔ اجرا کا کل حجم 11،557،332 ہزار روپے ہے۔ سال کے اختتام کے بعد، رائٹس کی سبسکرپشن کا عمل مکمل ہو چکا ہے اور کمپنی کو سبسکرپشن کی رقم مکمل طور پر مل گئی ہے۔

2 **آپریشنز کی بنیادیں**

2.1 **کمپلائنس کا بیان**

مالی گوشوارے ان اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے مطابق تیار کیے گئے ہیں جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے ، درج ذیل ہیں:

- انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز (آئی اے ایس) 34، عبوری مالی رپورٹنگ، انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ (آئی اے ایس بی) کی جانب سے جاری کردہ، جسے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت مشتہر کیا گیا تھا؛ اور
- کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے اور شرائط

جہاں کہیں کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے کی شرائط آئی اے ایس 34 کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں تھیں، وہاں کمپنیز ایکٹ 2017ء کے ہدایت نامے کی شرائط پر عمل کیا گیا ہے۔

2.2 **اکاؤنٹنگ کی پابندی**

یہ مالی بیانات تاریخی لاگت کے کنونشن کے تحت تیار کیے گئے ہیں، علاوہ ان کے جن کے بارے میں خصوصی طور پر بیان کیا گیا ہو۔

2.3 **اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات میں نئے معیار کا اطلاق، ترامیم و توضیح اور مالی رپورٹنگ کا فریم ورک**

ان مالی گوشواروں کی تیاری میں استعمال کی گئی اکاؤنٹنگ کی پالیسیاں وہی ہیں جن کا اطلاق گذشتہ مالی سال میں کیا گیا تھا، ماسوا بیان کردہ درج ذیل کے :

## 2.3.1 معیاری، اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات میں ترمیم اور مالی رپورٹنگ کا فریم ورک جو سال کے دوران موثر ہوا

کمپنی نے مندرجہ ذیل معیار، اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات میں ترمیم اور مالی رپورٹنگ کے فریم ورک کو اپنایا ہے جو موجودہ سال کے لیے موثر ہو گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| آئی ایف آر ایس 3 | کاروبار کی تعریف (ترامیم) |
| آئی ایف آر ایس 9 / آئی اے ایس 39 / آئی ایف آر ایس 7 | انٹرسٹ ریٹ بینچ مارک ریفارمز (شرحِ سود کی نشانیہ اصلاحات) (ترامیم) |
| آئی ایف آر ایس 14 | ریگولیٹری ڈیفرل اکاؤنٹس (ضوابطی تاخیری کھاتے) |
| آئی اے ایس 1 / آئی اے ایس 8 | مادے کی تعریف (ترامیم) |
| آئی ایف آر ایس 16 | کووڈ19 سے متعلق کرائے کی رعائتیں (ترامیم)؛ اور مالی رپورٹنگ کے لیے تفہیمی فریم ورک |

ان معیارات، ترامیم اور رپورٹنگ کے معیارات اور مالی رپورٹنگ کے فریم ورک کے اطلاق سے ان مالی گوشواروں پر کوئی ٹھوس اثر نہیں پڑا ہے۔

## 2.3.1 اکاؤنٹنگ معیارات کے منظور شدہ معیارات، ترامیم اور اصلاحات جو ابھی تک مؤثر نہیں ہوئیں

درج ذیل معیارات، آئی ایف آر ایس میں ترامیم اور اکاؤنٹنگ کے معیارات میں بہتری جیسا کہ پاکستان میں ان کا اطلاق ہے، وہ متعلقہ معیارات، ترامیم یا اصلاحات درج ذیل تاریخوں سے مؤثر ہوں گی:

| ترامیم | | تاریخ نفاذ (شروع ہونے والی سالانہ مدت یا اس کے بعد سے) |
|---|---|---|
| آئی ایف آر ایس 9 / آئی اے ایس 39 / آئی ایف آر ایس 7 / آئی ایف آر ایس 4 / آئی ایف آر ایس 16 | انٹرسٹ ریٹ بینچ مارک ریفارمز - مرحلہ دوم (ترامیم) | یکم جنوری 2021ء |
| آئی ایف آر ایس 3 | تفہیمی فریم ورک کے حوالے سے (ترامیم) | یکم جنوری 2021ء |
| آئی اے ایس 16 | جائیداد، پلانٹ، آلات: مطلوبہ استعمال سے قبل وصولیاں (ترامیم) | یکم جنوری 2021ء |
| آئی اے ایس 37 | مشکل معاہدے- کسی معاہدے پر عمل کی لاگت (ترامیم) | یکم جنوری 2021ء |
| آئی اے ایس 1 | واجبات کی درجہ بندی بطور حالیہ اور غیر حالیہ (ترامیم) | یکم جنوری 2023ء |
| آئی ایف آر ایس 10 / آئی اے ایس 28 | سرمایہ کار اور اس کے معاونین یا مشترکہ کاروبار کے مابین اثاثوں کی فروخت یا حصہ (ترامیم) | تاحال حتمی نہیں |

| آئی اے ایس بی کے جاری کردہ اکاؤنٹنگ معیارات میں بہتری (2018ء تا 2020ء) | | آئی اے ایس کی تاریخ نفاذ (شروع ہونے والی سالانہ مدت یا اس کے بعد سے) |
|---|---|---|
| آئی ایف آر ایس 9 | مالی واجبات کی عدم شناخت کے لیے '10 فیصد' ٹیسٹ میں فیس | یکم جنوری 2022ء |
| آئی اے ایس 41 | زراعت - عرفی مالیت کی پیمائش میں ٹیکس | یکم جنوری 2022ء |

مذکورہ بالا معیارات، آئی ایف آر ایس میں ترامیم اور اکاؤنٹنگ کے معیارات میں بہتری سے ان کے ابتدائی اطلاق کی مدت میں کمپنی کے مالی بیانات پر کوئی مادی اثر متوقع نہیں۔

مزید یہ کہ، آئی اے ایس بی کی جانب سے مندرجہ ذیل نئے معیارات جاری کیے گئے ہیں جن کے پاکستان میں اطلاق کے مقصد سے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ابھی مطلع نہیں کیا ہے:

| معیارات | | آئی اے ایس بی تاریخ نفاذ (شروع ہونے والی سالانہ مدت یا اس کے بعد سے) |
|---|---|---|
| آئی ایف آر ایس 1 | آئی ایف آر ایس کا پہلی بار اطلاق | یکم جنوری 2004ء |
| آئی ایف آر ایس 17 | بیمہ معاہدے | یکم جنوری 2023ء |

## 2.4 اکاؤنٹنگ کے اہم تخمینے، مفروضات اور فیصلے

ان مالی گوشواروں کی تیاری منظور شدہ اکاؤنٹنگ معیارات کی تائید سے کی گئی ہے، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، جس کے لیے انتظامیہ کو فیصلے، تخمینے اور مفروضے کی ضرورت ہوتی ہے جو پالیسیوں کے اطلاق اور اثاثوں، واجبات، آمدنی اور اخراجات کی اطلاع شدہ رقم کو متاثر کرتی ہے۔ تخمینے اور اس سے وابستہ مفروضے تاریخی تجربے اور دیگر مختلف عوامل پر مبنی ہوتے ہیں جو کہ حالات کے تحت معقول سمجھے جاتے ہیں، جس کے نتائج اثاثوں اور واجبات کی مالیت کے بارے میں فیصلے کی بنیاد بنتے ہیں جو دوسرے ذرائع سے آسانی سے ظاہر نہیں ہوتے۔ مفروضوں پر مبنی تخمینوں کا مسلسل بنیادوں پر جائزہ لیا جاتا ہے۔ اگر نظر ثانی صرف اسی مدت کو متاثر کرتی ہے تو اکاؤنٹنگ تخمینوں میں نظر ثانی اس مدت میں تسلیم کی جاتی ہے جس میں تخمینے پر نظر ثانی کی جائے یا نظر ثانی کی مدت اور مستقبل کے ادوار میں، اگر نظر ثانی موجودہ اور مستقبل دونوں ادوار کو متاثر کرتی ہو۔

انتظامیہ کی طرف سے کیے گئے تخمینے، مفروضے اور فیصلے جو اگلے مالی سال کے اندر اثاثوں اور واجبات کی رقوم اور واجبات کے مادی ردوبدل کے خطرے سے مشروط ہیں، درج ذیل ہیں:

i. قابلِ استعمال عرصے کا تعین، فرسودگی / متروک کرنے کا طریقہ کار اور جائیداد، پلانٹ اور سازوسامان اور غیر مادی اثاثوں کی باقی ماندہ مالیت ((نوٹس 3.1، 3.2، 3.3، 4.1، 5 اور 6)؛

ii. مالی اور غیر مالی اثاثوں کی مضرت (نوٹ 3.4، 4.8، 9، 12.3 اور 14.9)؛

iii. مندرجہ مالیت میں کمی کے لیے زیرِ تجارت اسٹاک میں خالص قابل حصول قیمت کا جائزہ اور متروک ہونے کے لیے زیرِ تجارت اسٹاک کا جائزہ (نوٹ 3.9، 11.1 اور 11.6)؛

iv. اثاثے کی ریٹائرمنٹ کی پابندی کی شق (نوٹ 3.13.2 اور 17)؛

v. ریٹائرمنٹ اور دیگر سروس فوائد کے حوالے سے وصول اور قابل ادائیگی رقوم کا تخمینہ (نوٹس 3.12 اور 33)؛

vi. جاری اور مؤخر ٹیکس کی فراہمی (نوٹس 3.8، 10 اور 31)؛

vii. اتفاقی واجبات کا تعین (نوٹس 3.17، 14.8 اور 23)؛

viii. تجدید اور اختتامی اختیارات کے ساتھ معاہدوں کی لیز کی مدت کا تعین (نوٹس 3.2، 3.14 اور 19)؛ اور

ix. اجارے - بڑھتی ہوئی قرضے کی شرح کا تخمینہ لگانا (نوٹس 3.14 اور 19)۔

## 3 نمایاں اکاؤنٹنگ پالیسیوں کا خلاصہ

### 3.1 جائیداد، پلانٹ اور آلات

ان کا تخمینہ نفی لاگت مجموعی فرسودگی اور مجموعی مضرت کے نقصانات، اگر کوئی ہو، پر لگایا جاتا ہے،، علاوہ فری ہولڈ اراضی کے، جس کا بیان نفی لاگت مجموعی فرسودگی اور مجموعی مضرت کے نقصانات، اگر کوئی ہو، میں کیا جاتا ہے؛

جاری کام کے سرمائے کو نفی لاگت پر مجموعی مضرت کے نقصانات، اگر کوئی ہو تو، سے بیان کیا جاتا ہے۔ تنصیب اور تعمیراتی مدت کے دوران ہونے والے مخصوص اثاثوں سے متعلق تمام اخراجات سرمایہ کاری کے تحت کیے جاتے ہیں۔ انھیں پراپرٹی، پلانٹ اور آلات کے مخصوص زمروں میں منتقل کر دیا جاتا ہے، جب یہ استعمال کے لیے دستیاب ہوں۔

اس کے بعد کے اخراجات کو اثاثوں کے طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا جب تک یہ امکان نہ ہو کہ مستقبل میں ان اخراجات سے وابستہ معاشی فوائد کمپنی کو پہنچیں گے اور لاگت کو قابل اعتماد انداز سے ماپا جا سکتا ہے۔ دیکھ بھال اور معمول کی مرمت کا خرچہ منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان پر لیا جاتا ہے۔

فرسودگی کو راست طریقے (straight-line method) کا استعمال کرتے ہوئے نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کی مد میں عائد کیا جاتا ہے، جبکہ آپریٹنگ اثاثہ کی لاگت کو اس کی مدتِ استعمال کے تخمینے کو اس کی تخمینہ کردہ مالیت سے منہا کر دیا جاتا ہے، جیسا کہ ان مالی گوشواروں کے نوٹ 4.1 میں دیا گیا ہے۔ مالی صورتِ حال کے ہر بیان پر، بقایا مالیتوں، مدتِ استعمال اور فرسودگی کے طریقوں کا جائزہ لیا جاتا ہے، اور ردوبدل کیا جاتا ہے، اگر مناسب ہو تو۔

اضافی آلات پر فرسودگی اسی مہینے سے وصول کی جاتی ہے جس میں کوئی اثاثہ استعمال کے لیے دستیاب ہو جبکہ اس مہینے میں کوئی فرسودگی وصول نہیں کی جاتی جس میں کسی اثاثے کو متروک قرار دیا جاتا ہے۔

فروخت کی آمدنی اور اثاثے کی مندرج رقم کے مابین فرق کی نمائندگی سے، کسی اثاثے کے ضائع کرنے یا ترکِ استعمال پر حاصل ہونے والے نفع یا نقصان کو تلف کی مدت میں نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں بطور آمدنی یا اخراجات تسلیم کیا جاتا ہے۔

اگر اثاثے کی مندرج رقم اس کے تخمینہ شدہ واجب الوصول سے زائد ہو تو، کسی اثاثے کی مندرجہ مالیت فوری طور پر وصولی کی رقم میں لکھ دی جاتی ہے۔

### 3.2 حقِ استعمال کے اثاثے

کمپنی لیز کے آغاز کی تاریخ (یعنی وہ تاریخ جب سے اثاثہ استعمال کے لیے دستیاب ہے) پر حقِ استعمال کے اثاثے کو تسلیم کرتی ہے۔ استعمال میں آنے والے اثاثوں کی کسی بھی جمع شدہ فرسودگی اور مضرت کے نقصان اور لیز کے واجبات کی دوبارہ پیمائش کے تصفیے سے لاگت منہا کر کے پیمائش کی جاتی ہے۔ استعمال میں آنے والے اثاثوں کی لاگت میں لیز کے واجبات کی مقدار، ابتدائی براہ راست اخراجات، اور ہونے کی تاریخ آغاز پر یا اس سے قبل کی گئی لیز کی ادائیگیاں منہا رعایتیں شامل ہیں۔ حقِ استعمال کے اثاثوں کو لیز کی مدت کے دوران راست طریقے کی بنیاد پر فرسودہ سمجھا جاتا ہے۔

### 3.3 غیر مادی اثاثے

یہ، اگر کوئی ہوں تو، مجموعی بالاقساط ادائیگی اور مجموعی مضرت کے نقصانات منہا لاگت کی بنیاد پر درج کیے جاتے ہیں۔

اس کی مدتِ استعمال پر راست طریقے کی بنیاد پر مالی بیانات کے نوٹ 6 میں دی گئی شرح کے مطابق لاگو کر کے بالاقساط ادائیگی کو منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں عائد کیا جاتا ہے۔ کمپنی سالانہ بنیادوں پر قسط کی شرحوں کی مناسبیت کا جائزہ لیتی ہے۔ اضافوں پر قسط اس مہینے سے وصول کی جاتی ہے جس میں کوئی غیر مادی اثاثہ استعمال کے لیے دستیاب ہوتا ہے جبکہ اس مہینے کے لیے کوئی قسط وصول نہیں کی جاتی جس میں کوئی غیر مادی اثاثہ متروک کیا جاتا ہے۔

فروخت کی آمدنی اور مندرجہ رقم کے مابین فرق کی نمائندگی کرنے والے کسی غیر مادی اثاثے کے تصرف یا ترکِ استعمال پر حاصل ہونے والے نفع یا نقصان کو تلف کرنے کی مدت میں منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں بطور آمدنی یا اخراجات تسلیم کیا جاتا ہے۔

## 3.4 مضرت

### 3.4.1 مالی اثاثوں کی مضرت

کمپنی منافع یا نقصان کے ذریعے مناسب قیمت پر نہ رکھے جانے والے تمام قرض کے آلات کے لیے متوقع کریڈٹ نقصانات (ECL) کے لیے الاؤنس کو تسلیم کرتی ہے۔ ای سی ایل معاہدے کے مطابق واجب الادا نقد رقم کے بہاؤ اور تمام نقد بہاؤ جو کمپنی کو حاصل ہونے کی توقع ہے، کے درمیان فرق پر مبنی ہیں اور حقیقی مؤثر شرح سود میں تخفیف پر چھوٹ دی جاتی ہے۔ موجود رہن کی فروخت پر حاصل ہونے والے نقد بہاؤ میں یا دیگر کریڈٹ بڑھانے کی انکیشمنٹ سے نقد بہاؤ شامل ہوں گے، جو معاہدے کی شرائط کا لازمی حصہ ہیں۔

ای سی ایل کو دو مراحل میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ کریڈٹ ایکسپوزر کے لیے جن میں ابتدائی شناخت کے بعد سے خطرۂ قرض میں کوئی خاص اضافہ نہیں ہوا ہے، ای سی ایل قرضے کے نقصانات کے لیے فراہم کیے جاتے ہیں جو دیوالیے کے نتیجے میں اگلے 12 ماہ (12 ماہ کے ای سی ایل) میں ممکن ہوتے ہیں۔ ان کریڈٹ ایکسپوزرز کے لیے جن میں ابتدائی شناخت کے بعد سے خطرۂ قرض میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، دیوالیے کے وقت سے قطع نظر، باقی ماندہ ایکسپوزر پر متوقع قرضے نقصانات کے لیے نقصان الاؤنس کی ضرورت ہوتی ہے (تاعمر ای سی ایل)۔

تجارتی قرضوں کے علاوہ دیگر مالی اثاثوں کے لیے، کمپنی ای سی ایل کا حساب لگانے میں عمومی اپروچ کا اطلاق کرتی ہے۔ یہ معاہدے کے مطابق واجب الادا رقوم کے بہاؤ اور ان تمام رقوم کے بہاؤ اور کے درمیان فرق پر مبنی ہے جن کی کمپنی کو توقع ہے کہ اصل مؤثر شرح سود کی تخفیف پر رعایت ملے گی۔ متوقع رقوم کے بہاؤ میں مکفولہ جائداد کی فروخت سے نقد بہاؤ یا دیگر قرضوں میں اضافہ شامل ہوں گے جو معاہدے کی شرائط کے لیے لازمی ہیں۔

تجارتی قرضوں کے لیے، کمپنی ECL کے ایک آسان طریقہ کار کا اطلاق کرتی ہے۔ لہذا، کمپنی خطرۂ قرض میں تبدیلیوں کا سراغ نہیں لگاتی، بلکہ اس کی بجائے ہر رپورٹنگ کی تاریخ پر تاعمر ای سی ایل پر مبنی نقصان الاؤنس کو تسلیم کرتی ہے۔ کمپنی نے ایک جیسی خصوصیات اور ڈیفالٹ ریٹس رکھنے والے صارفین کے بڑے پورٹ فولیو کے لیے صارفین کے کریڈٹ ریٹنگ کی بنیاد پر ایک پرووژن میٹرکس قائم کیا ہے جس سے وصول کی جانے والی رقم کمپنی کے ماضی کے خسارۂ قرض کے تجربے پر مبنی ہے، جن میں قرض گیروں اور معاشی ماحول سے مخصوص پیش بینی عوامل کے لیے ردوبدل کی گئی ہے۔

جب معاہداتی ادائیگی کو 90 دن گزر چکے ہوں، بشرطیکہ ایسے عوامل موجود ہوں، تو کمپنی سمجھتی ہے کہ مالی اثاثہ دیوالیے کے خطرے کا شکار ہے۔ تاہم، بعض صورتوں میں، کمپنی کسی مالی اثاثے کو اس وقت بھی دیوالیہ سمجھ سکتی ہے جب اندرونی یا بیرونی معلومات سے ظاہر ہوتا ہے کہ کمپنی کی جانب سے کسی بھی کریڈٹ کے اضافے کو مدنظر رکھنے سے پہلے ہی کمپنی کے پاس معاہدہ کی بقایا رقم وصول کرنے کا امکان نہیں ہے۔ جب معاہداتی رقم کی وصولی کی کوئی معقول توقع نہ ہو تو وہ مالی اثاثہ متروک سمجھا جاتا ہے۔

### 3.4.2 غیر مالی اثاثوں کی مضرت

رپورٹنگ کی ہر تاریخ میں غیر مالی اثاثوں کی مندرج مالیت کا اندازہ کیا جاتا ہے تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ مضرت کا کوئی اشارہ ہے یا نہیں۔ اگر ایسا کوئی اشارہ موجود ہے تو، اثاثہ کی وصولی کی رقم کا تخمینہ لگایا جاتا ہے تاکہ مضرت کے نقصان کی حد، اگر کوئی ہے، تو اس کا تعین کریں۔ مضرت کا منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں اخراجات کے طور پر درج کیا جاتا ہے۔ واجب الوصول رقم اثاثے کی مناسب قیمت منہا تلف کی لاگت ہے اور استعمال کی قدر سے بلند ہے۔ استعمال کی قیمت کا تخمینہ مستقبل کے نقد بہاؤ میں قسط کے ذریعے ڈسکاؤنٹ ریٹ کے ذریعے لگایا جاتا ہے جو کہ پیسے کی حالیہ قدر اور موجودہ اثاثوں کے لیے مخصوص خطرے کی عکاسی کرتا ہے جس کے لیے مستقبل کے نقد بہاؤ کا تخمینہ ایڈجسٹ نہیں کیا گیا ہے۔ مضرت کا اندازہ لگانے کے مقصد کے لیے، اثاثوں کی سب سے نچلی سطح پر گروپ بندی کی جاتی ہے جس کے لیے رقوم کے الگ الگ شناختی بہاؤ (نقد پیدا کرنے والے یونٹ) ہوتے ہیں۔

اگر نقصان کی وصولی کا اندازہ لگانے کے لیے استعمال ہونے والے تخمینوں میں کوئی تبدیلی آجائے تو مضرت کا نقصان پلٹ جاتا ہے۔ مضرت کا نقصان اس حد تک پلٹتا ہے کہ اثاثے کی مندرج رقم اس حد سے زیادہ نہ ہو جس کا تعین کیا جاچکا ہو، فرسودگی یا قسط کا خالص، بشرطیکہ مضرت کا نقصان پہلے تسلیم نہ کیا گیا ہو۔ مضرت کے نقصان کو فوری طور پر نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں درج کیا جاتا ہے۔

## 3.5 معاونین میں سرمایہ کاری

معاونین وہ تمام ادارے ہیں جن پر کمپنی کا نمایاں اثر ورسوخ ہے لیکن کنٹرول نہیں ہے، جس کی عام طور پر 20 فیصد یا اس سے زیادہ کی حصہ داری لیکن ووٹنگ کے حقوق کے 50 فیصد سے بھی کم کے ذریعے نمائندگی کی جاتی ہے۔ اہم اثر ورسوخ سرمایہ کاروں کی مالی اور آپریٹنگ پالیسیوں اور فیصلے میں حصہ لینے کی طاقت ہے۔ معاونین میں سرمایہ کاری حساب اکاؤنٹنگ کا ایکویٹی طریقہ استعمال کرتے ہوئے کیا جاتا ہے اور ابتدائی طور پر اسے لاگت تسلیم کیا جاتا ہے۔

کمپنی کی جانب سے معاونین کے حصول کے بعد اس کے منافع یا نقصان کو کمپنی کے منافع یا نقصان میں اور معاونین کے حصول کے بعد ان کا حصہ جامع آمدنی میں دیگر جامع آمدنی کی مد میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ حصول کے بعد کی مجموعی حرکیات کو سرمایہ کاری کی مندرجہ مالیت کے طور پر ایڈجسٹ کیا جاتا ہے۔ معاونین سے موصول ہونے والے منافع منقسمہ سرمایہ کاری کی مندرج مالیت کو کم کرتے ہیں۔ جب معاونین میں کمپنی کے نقصانات کا حصہ معاون میں اس کے انٹرسٹ، بشمول کوئی طویل مدتی واجبہ کے مساوی یا اس سے زیادہ ہو جاتا ہے تو، کمپنی مزید نقصانات کو تسلیم نہیں کرتی، جب تک کہ اس کے معاون کی طرف سے واجبات کا ادراک یا ادائیگی نہ کی جائے۔

سرمایہ کاری کی مندرج رقم کی مضرت کی جانچ اور کی واجب الادا رقم (زیرِ استعمال بلند مالیت اور عرفی قیمت منہا فروخت کی لاگت) کے اس کی مندرج مالیت اور خسارے کا موازنہ کرتے ہوئے کی جاتی ہے، اگر کوئی ہو تو، اور بطور نفع یا نقصان تسلیم کی جاتی ہے۔

### 3.6 مالی آلات

ایک مالی آلہ وہ معاہدہ ہے جو ایک کاروباری ادارے کے مالی اثاثے اور کسی دوسرے کاروباری ادارے کی مالی ذمہ داری یا ایکویٹی آلہ کو بڑھاتا ہے۔

### 3.6.1 مالی اثاثے

**الف) ابتدائی پہچان اور پیمائش**

مالی اثاثوں کی پہچان پر درجہ بندی کی جاتی ہے اور اس کے بعد میں اس کی دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت یا منافع یا نقصان کے ذریعے عرفی مالیت کی لاگتِ بالاقساط کے حساب سے پیمائش کی جاتی ہے۔

ابتدائی پہچان میں مالی اثاثوں کی درجہ بندی مالی اثاثوں کے معاہدے کے مطابق نقد بہاؤ کی خصوصیات اور ان کے انتظام کے لیے کمپنی کے کاروباری ماڈل پر منحصر ہے۔ تجارتی واجبات کے استثناء کے ساتھ، اگر مالی اثاثہ منافع یا نقصان، لین دین کے اخراجات کے ذریعے مناسب قیمت پر نہ ہو تو کمپنی ابتدائی طور پر مالی کی اس کی مناسب قیمت پر پیمائش کرتی ہے۔ تجارتی واجبات کی پیمائش آئی ایف آر ایس 15 کے تحت طے شدہ لین دین کی قیمت پر کی جاتی ہے۔

کسی مالی اثاثہ کی درجہ بندی اور اس کی تخمینہ شدہ قیمت یا ایف وی او سی آئی کے لیے، اس کو نقد بہاؤ کو بڑھانے کی ضرورت ہے جو کہ بقایا اصل زر پر صرف اصل اور سود (ایس پی پی آئی) کی ادائیگی ہے۔ اس پڑتال کو ایس پی پی آئی ٹیسٹ کہا جاتا ہے اور یہ آلے کی سطح پر کیا جاتا ہے۔ مالی اثاثوں کے انتظام کے لیے کمپنی کے کاروباری ماڈل سے مراد یہ ہے کہ وہ اپنے مالی اثاثوں کا انتظام کس طرح کرتی ہے تاکہ نقد بہاؤ پیدا ہو۔ کاروباری ماڈل اس بات کا تعین کرتا ہے کہ نقد بہاؤ معاہدے کے مطابق نقد بہاؤ اکٹھا کرنے، مالی اثاثوں کی فروخت، یا دونوں کے نتیجے میں ہو گا۔

مالی اثاثوں کی خرید و فروخت جس کے لیے مارکیٹ میں باضابطہ یا کنونشن کے ذریعے قائم شدہ ٹائم فریم کے اندر اثاثوں کی ترسیل کی ضرورت ہوتی ہے (باقاعدہ طریقے سے تجارت)، تجارتی تاریخ کو تسلیم کیا جاتا ہے، یعنی وہ تاریخ جب کمپنی اثاثہ خریدنے یا بیچنے کا معاہدہ کرتی ہے۔

**ب) ازاں بعد پیمائش**

بعد میں پیمائش کے مقاصد کے لیے، کمپنی اپنے مالیاتی اثاثوں کی درج ذیل زمروں میں درجہ بندی کرتی ہے۔

- بالاقساط لاگت پر مالی اثاثے (قرض کے آلات)
- ایف وی او سی آئی میں نامزد کردہ مالی اثاثے جن کی عدم شناخت (ایکویٹی آلات) پر مجموعی فوائد اور نقصانات کی ری سائیکلنگ نہیں ہے؛ اور
- ایف وی پی ایل پر مالی اثاثے۔

**بالاقساط لاگت پر مالی اثاثے (قرض کے آلات)**

اگر کمپنی مندرجہ ذیل دونوں شرائط کو پورا کرتی ہے تو کمپنی مالی اثاثوں کی بالاقساط لاگت پر پیمائش کرتی ہے۔

- معاہداتی رقوم جمع کرنے کے مقصد سے مالی اثاثے رکھنے کے لیے ایک کاروباری ماڈل
- مالیاتی اثاثہ کی معاہداتی شرائط مخصوص تاریخوں پر نقد بہاؤ میں اضافہ کرتی ہیں جو کہ اصل کی ادائیگی اور اصل رقم پر سود کی ادائیگی ہے۔

بالاقساط لاگت پر مالیاتی اثاثوں کو بعد میں مؤثر سود (EIR) کا طریقہ استعمال کرتے ہوئے ماپا جاتا ہے جو مضرت سے مشروط ہوتا ہے۔ اثاثے کے منسوخ، تبدیل یا، خراب ہونے پر حاصلات اور خسارے کو نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

**ایف وی او سی آئی میں نامزد کردہ مالی اثاثے**

ابتدائی پہچان کے بعد، جب کمپنی آئی اے ایس 32 مالیاتی آلات کے تحت ایکویٹی کی تعریف پر پورا اترتی ہے تو ایف وی او سی آئی میں نامزد کردہ ایکویٹی آلات کے طور پر اپنی ایکویٹی سرمایہ کاری کی غیر مستحکم درجہ بندی کرنے کا انتخاب کر سکتی ہے؛ پریزنٹیشن ٹریڈنگ کے لیے منعقد نہیں کی جاتیں۔ درجہ بندی کا تعین انفرادی آلات کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

ان مالی اثاثوں پر حاصلات اور نقصانات کو کبھی بھی نفع یا نقصان کے لیے ری سائیکل نہیں کیا جاتا۔ جب ادائیگی کا حق قائم کیا گیا ہو، منافع منقسمہ کو یا نفع یا نقصان میں دیگر جامع آمدنی کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے سوائے اس کے جب کمپنی اس طرح کی آمدنی سے مالی اثاثہ کی لاگت کے کچھ حصے کی وصولی کے طور پر فائدہ اٹھائے، ایسی صورت میں، اس طرح کے فوائد اوسی آئی میں درج کیے جاتے ہیں۔ ایف وی اوسی آئی میں نامزد کردہ ایکویٹی آلات مضرت کی تشخیص سے مشروط نہیں ہیں۔

**ایف وی پی ایل پر مالی اثاثے**

ٹریڈنگ کے لیے رکھے گئے مالی اثاثے، ایف وی پی ایل کی ابتدائی پہچان پر متعین مالی اثاثے، یا مناسب مالیت پر پیائش کے لیے درکار لازمی اثاثے ایف وی پی ایل پر مالی اثاثوں میں شامل ہیں۔ اگر مالی اثاثے مدتِ قریب میں فروخت کرنے یا خریدنے کے مقصد سے حاصل کیے جاتے ہوں ے تو ان کی درجہ بندی بطور ٹریڈنگ کی جاتی ہے۔ کاروباری ماڈل سے قطع نظر نقد بہاؤ کے ساتھ مالی اثاثے جو صرف اصل اور سود کی ادائیگی نہیں ہوتے ہیں ان کی نفع یا نقصان کے ذریعے مناسب قیمت پر درجہ بندی اور پیائش کی جاتی ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے قرض کے آلات کو معمولی قیمت پر یا ایف وی اوسی آئی میں درجہ بندی کرنے کے معیار کے باوجود قرض کے آلات ابتدائی شناخت پر ایف وی پی ایل میں نامزد کیے جاسکتے ہیں اگر ایسا کرنے سے اکاؤنٹنگ کا فرق ختم ہو جاتا ہے یا ان میں خاطر خواہ کمی واقع ہو جاتی ہے۔

ایف وی پی ایل میں مالی اثاثے مناسب مالیت پر خالص تبدیلیوں کے ساتھ مالی صورتِ حال کے گوشواروں میں نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں درج کیے جاتے ہیں۔

اس زمرے میں مشتق آلات اور درج شدہ ایکویٹی بھی شامل ہے جسے کمپنی نے ناقابلِ تنسیخ طور پر ایف وی اوسی آئی میں درجہ بندی کے لیے منتخب نہیں کیا تھا۔ جب حق ادائیگی قائم ہو جاتا ہے تو فہرستی ایکویٹی پر سرمایہ کاریوں کو نفع یا نقصان کے بیان میں دیگر جامع آمدنی کے طور پر تسلیم کر لیا جاتا ہے۔

کمپنی نے ایف وی پی ایل میں کوئی اثاثہ نامزد نہیں کیا ہے۔

**ج) ترکِ استعمال**

ایک مالیاتی اثاثہ (یا جہاں قابل اطلاق ہو، مالیاتی اثاثے کا ایک حصہ یا اسی طرح کے مالیاتی اثاثوں کے ایک گروپ کا حصہ) بنیادی طور پر اس وقت متروک کیا جاتا ہے (یعنی کمپنی کی مالی پوزیشن کے بیان سے ہٹا دیا جاتا ہے) جب:

- اثاثے سے نقد رقوم وصول کرنے کے حقوق ختم ہو چکے ہوں، یا؛
- کمپنی نے اثاثے سے نقد رقوم وصول کرنے کے اپنے حقوق منتقل کر دیے ہیں یا موصولہ نقد آمدنی کو بغیر کسی تاخیر کے کسی تیسرے فریق کو 'پاس تھرو' انتظام کے تحت مکمل طور پر ادا کرنے کی ذمہ داری قبول کی ہے اور یا تو (الف) کمپنی نے اثاثے کے تمام خطرات اور فوائد کو کافی حد تک منتقل کیا، یا (ب) کمپنی نے اثاثے کے تمام خطرات اور فوائد کو نہ تو منتقل کیا اور نہ ہی برقرار رکھا، بلکہ اثاثے کا کنٹرول منتقل کیا۔

جب کمپنی نے کسی اثاثے سے نقد بہاؤ وصول کرنے کے اپنے حقوق منتقل کر دیے ہیں، تو اس کا جائزہ لیتے ہیں کہ کیا اس نے ملکیت کے خطرات اور فوائد کو برقرار رکھا ہے، اور کس حد تک۔

جب کمپنی نے اثاثے کے تمام خطرات اور فوائد کو نہ تو منتقل کیا اور نہ ہی برقرار رکھا، اور نہ ہی اثاثے کا کنٹرول منتقل کیا، کمپنی منتقل شدہ اثاثہ کو اپنی مسلسل شمولیت کی حد تک تسلیم کرتی رہے۔ اس صورت میں، کمپنی اس سے منسلک ذمہ داری کو بھی تسلیم کرتی ہے۔ منتقل شدہ اثاثہ اور اس سے منسلک ذمہ داری کو اس بنیاد پر ناپا جاتا ہے جو ان حقوق اور ذمہ داریوں کی عکاسی کرتی ہے جو کمپنی نے برقرار رکھی ہیں۔

مسلسل شمولیت جو منتقل شدہ اثاثے پر ضمانت کی شکل اختیار کرتی ہے اس کی پیائش اثاثے کی اصل مندرج رقم کے زیریں اور بالائی حد پر جاتی ہے جو کمپنی کو واپس کرنے کے لیے درکار ہو سکتی ہے۔

**3.6.2 مالی واجبات**

**الف) ابتدائی شناخت اور پیائش**

ابتدائی پہچان کے طور پر، مالی ذمہ داریوں کی درجہ بندی ایف وی پی ایل میں مالی واجبات، قرضوں اور ادھاروں، تجارتی ادائیگیوں یا مؤثر hedge میں hedging آلات کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

قرضوں اور قرض گیریوں اور واجبات کی صورت میں تمام مالی ذمہ داریوں کو ابتدائی طور پر عرفی مالیت خالص بلاواسطہ لین دین کی لاگتوں پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

**ب) ازاں بعد پیائش**

**ایف وی پی ایل پر مالی اثاثے**

ٹریڈنگ کے لیے رکھے گئے مالی واجبات اپنی نفع یا نقصان کے ذریعے عرفی مالیت پر ابتدائی پہچان کے بعد عرفی مالیت پر مالی واجبات بذریعہ نفع یا نقصان میں شامل ہیں۔ ٹریڈنگ کے لیے رکھے گئے مالی واجبات پر فوائد یا خساروں کو نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی ن کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ نفع یا نقصان کے ذریعے مندرج مالیت پر ابتدائی پہچان سے متعین کی گئی مالی ذمہ داریوں کا تعین پہچان کی ابتدائی تاریخ پر کیا جاتا ہے، بشرطیکہ وہ آئی ایف آر ایس 9 کے معیار پر پوری اترتی ہوں۔

کمپنی نے ایف وی پی ایل میں کسی مالی ذمہ داری کا تعین نہیں کیا ہے۔

**بالاقساط لاگت پر مالی ذمہ داریاں**

ابتدائی شناخت کے بعد، EIR طریقہ استعمال کرتے ہوئے بالاقساط لاگت اپر دھار اور ادائیگیوں کی پیمائش کی جاتی ہے۔ EIR کے بالاقساط لاگت طریقے کو استعمال کرتے ہوئے جب ذمہ داریاں ترک کی جائیں تو فوائد اور کے نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں حاصلات اور نقصانات کو تسلیم کیا جاتا ہے۔

حصول پر کسی کسی بھی رعایت یا پریمیم کو مد نظر رکھتے ہوئے فیس یا اخراجات پر غور کرتے ہوئے بالاقساط لاگت کا تخمینہ کیا جاتا ہے جو EIR کا لازمی حصہ ہے۔ EIR کو بالاقساط منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں مالیاتی اخراجات کے طور پر شامل ہے۔

قرضوں کی درجہ بندی موجودہ ذمہ داریوں کے طور پر کی جاتی ہے جب تک کہ کمپنی کو رپورٹنگ کی تاریخ کے بعد کم از کم بارہ ماہ تک ذمہ داری کے تصفیہ کو موخر کرنے کا غیر مشروط حق حاصل نہ ہو۔ غیر ملکی کرنسی میں قرض لینے کے حوالے سے پیدا ہونے والے مبادلے کے فوائد اور نقصانات کو قرض لینے کی رقم میں شامل کیا جاتا ہے۔

**ج) ترکِ استعمال**

مالی ذمہ داری کو اس وقت ترک کیا جاتا ہے جب واجبہ کے تحت ذمہ داری ختم یا منسوخ یا ختم ہو جاتی ہے۔ جب ایک موجودہ مالی ذمہ داری کو ایک ہی قرض دہندہ سے کافی حد تک مختلف شرائط پر تبدیل کیا جاتا ہے، یا موجودہ ذمہ داری کی شرائط میں کافی حد تک ترمیم کی جاتی ہے، اس طرح کے تبادلے یا ترمیم کو اصل ذمہ داری کی شناخت اور نئی ذمہ داری کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔ متعلقہ مندرجہ مالیت میں فرق منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

### 3.6.3 مالی آلات کی تلافی

مالی اثاثے اور مالی واجبات ختم کر دیئے جاتے ہیں اور خالص رقم صرف مالی بیانات میں درج کی جاتی ہے جب کمپنی کو قانونی طور پر نافذ کرنے کا حق حاصل ہو اور کمپنی خالص بنیادوں پر تصفیہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، یا اثاثوں کا ادراک اور ذمہ داریوں کا بیک وقت تصفیہ کرنا چاہتی ہے اس طرح کے اثاثوں اور واجبات کی آمدنی اور اخراجات کی اشیاء بھی تلافی کی جاتی ہیں اور خالص رقم مالی بیانات میں درج کی جاتی ہے۔

### 3.7 مالی اثاثوں کے علاوہ امانتیں، پیشگیاں، پیش ادائیگیاں، اور دیگر واجبات

یہ ابتدائی طور پر مناسب مالیت پر بیان کیے گئے ہیں اور بعد میں موثر شرح سود کے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے بالاقساط لاگت پر پیمائش کی گئی ہے۔
غیر ملکی کرنسی میں امانتوں، ایڈوانسز اور دیگر وصولیوں کے حوالے سے پیدا ہونے والے مبادلہ فوائد یا نقصانات کو ان کی متعلقہ رقم میں شامل کیا جاتا ہے اور نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں درج کیا جاتا ہے۔

### 3.8 ٹیکس

### 3.8.1 جاریہ

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے مطابق جاریہ ٹیکس کا تخمینہ لگایا جاتا ہے۔

### 3.8.2 مؤخر

اثاثوں اور واجبات کی ٹیکس بنیادوں اور مالی گوشواروں میں ان کی مندرج مالیت کے درمیان پیدا ہونے والے تمام عارضی اختلافات پر بیلنس شیٹ ذمہ داری کے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے مؤخر ٹیکس کو تسلیم کیا جاتا ہے۔ موخر ٹیکس واجبات تمام قابل ٹیکس عارضی اختلافات کے لیے تسلیم کیے جاتے ہیں۔ موخر ٹیکس اثاثوں کو تمام قابلِ کٹوتی عارضی اختلافات کے لیے اس حد تک تسلیم کیا جاتا ہے کہ یہ عارضی اختلافات مستقبل میں پلٹ جائیں گے اور قابل ٹیکس آمدنی دستیاب ہو گی جس سے عارضی اختلافات کو استعمال کیا جا سکے۔

مالی پوزیشن کی تاریخ کے ہر بیان پر موخر ٹیکس اثاثوں کی مندرج مالیت کا جائزہ لیا جاتا ہے اور اسے اس حد تک کم کر دیا جاتا ہے کہ یہ امکان باقی ہی نہیں رہتا کہ قابل ٹیکس منافع دستیاب رہے اور موخر ٹیکس اثاثوں کے تمام یا کچھ حصے سے استفادہ کیا جا سکے۔

چونکہ ٹیکس کی فراہمی جزوی طور پر معمول کی بنیادوں کے تحت اور جزوی طور پر حتمی ٹیکس نظام کے تحت کی گئی ہے، لہٰذا، موخر ٹیکس کی ذمہ داری کو پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے جاری کردہ ٹی آر 27 کے مطابق تناسب کی بنیاد پر تسلیم کیا گیا ہے۔

مؤخر ٹیکس اثاثے اور واجبات کی پیمائش ٹیکس کی شرحوں پر کی جاتی ہے جس کا اطلاق اس مدت کے دوران متوقع ہو جب اثاثے حاصل ہو جاتا ہے یا ذمہ داری طے ہو جاتی ہے، مالی صورتِ حال کی تاریخ کے بیان کے ذریعہ نافذ کی گئی ہے یا کافی حد تک نافذ کی گئی ہے۔ مؤخر ٹیکس نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں عائد یا جمع کیا جاتا ہے۔

### 3.9 زیرِ تجارت اسٹاک

ان کی مالیت پست لاگت پر کی جاتی ہے، جن کا تخمینہ اول آمد اول اخراج اور خالص قابل وصول قدر کی بنیاد پر کیا جاتا ہے سوائے ٹرانزٹ میں موجود اسٹاک کے۔ لاگت میں انوائس کی مالیت، کسٹم ڈیوٹی جیسے

چارجز اور اسی طرح کے لیویز اور دیگر براہ راست اخراجات شامل ہیں لیکن قرض لینے کی لاگت شامل نہیں ہے۔ تیار شدہ مصنوعات کے بانڈڈ اسٹاک کے لیے لاگت میں انوائس کی قیمت اور تاوقتیکہ اخراجات پر مشتمل ہے۔

اسٹاک ان ٹرانزٹ کی مالیت قیمت پر ہوتی ہے جس میں رپورٹنگ کی تاریخ تک انوائس ویلیو کے علاوہ اس پر ہونے والے دیگر چارجز شامل ہوتے ہیں۔

خالص قابل حصول مالیت کاروبار کی عام روش میں تخمینہ شدہ قیمت فروخت کو ظاہر کرتی ہے جو فروخت کے لیے ضروری ہے۔

انتظامیہ کے بہترین تخمینے کی بنیاد پر فرسودہ اور سست حرکت پذیر اسٹاک میں تجارت کے لیے شرط عائد کی گئی ہے اور اسے نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

**3.10 نقد اور اس کے مساوی**

نقد رقوم کے بہاؤ کے بیان کے مقاصد سے، موجود نقدی اور بینکوں کی خالص قلیل مدتی قرض گیریاں نقد اور نقد کے مساوی اشیا میں شامل ہیں۔

**3.11 شیئر کیپیٹل**

عام حصص کی ایکوئٹی کے طور پر درجہ بندی کی جاتی ہے اور ان کی عرفی مالیت پر پہچانا جاتا ہے۔ نئے حصص یا اختیارات کے اجراء سے براہ راست منسوب اضافی اخراجات کو ایکوئٹی میں آمدنی سے کٹوتی، ٹیکس کے خالص کے طور پر دکھایا گیا ہے۔

**3.12 ریٹائرمنٹ اور ملازمت کے دیگر فوائد**

سوائے کچھ تارکینِ وطن کے جن کے لیے ان کے متعلقہ شیل ریٹائرمنٹ بینیفٹ فنڈز کی رکنیت کے ذریعے فوائد فراہم کیے جاتے ہیں، عملے کے ریٹائرمنٹ کے فوائد میں درج ذیل شامل ہیں:

**3.12.1 واضح استفادی منصوبے**

**i. منظور شدہ فنڈڈ گریجویٹی اسکیم**

کمپنی مینجمنٹ اور یونینائزڈ اسٹاف کے لیے علیحدہ منظور شدہ فنڈڈ گریجوٹی اسکیمیں چلاتی ہے۔ ان اسکیموں میں شراکت داری کی ایکچوریئل سفارشات کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ ایکچوریئل قدر کا تخمینہ یونٹ کریڈٹ طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے کیا جاتا ہے۔ ایکچوریئل فائدہ یا نقصان (دوبارہ پیمائش) کو فوری طور پر 'دیگر جامع آمدنی' میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

**ii. منظور شدہ فنڈڈ پنشن**

کمپنی مینجمنٹ اور یونینائزڈ اسٹاف کے لیے علیحدہ منظور شدہ فنڈڈ پنشن سکیمیں چلاتی ہے۔ ان اسکیموں میں شراکت داری کی ایکچوریئل سفارشات کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ ایکچوریئل قدر کا تخمینہ یونٹ کریڈٹ طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے کئے جاتے ہیں۔ ایکچوریئل فائدہ یا نقصان (دوبارہ پیمائش) کو فوری طور پر 'دیگر جامع آمدنی' میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

**iii. بعد از ریٹائرمنٹ ان فنڈڈ طبی فوائد**

کمپنی تمام انتظامی عملے کے لیے بعد ریٹائرمنٹ ان فنڈڈ طبی فوائد پیش کرتی ہے۔ ایکچوریل سفارشات کی بنیاد پر اسکیم کے لیے سالانہ فراہمی کی جاتی ہے۔ ایکچوریئل قدر کا تخمینہ یونٹ کریڈٹ طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے کئے جاتے ہیں۔ ایکچوریئل فائدہ یا نقصان (دوبارہ پیمائش) کو فوری طور پر 'دیگر جامع آمدنی' میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

**3.12.2 واضح اشتراکی منصوبے**

**i. منظور شدہ واضح اشتراکی پراویڈنٹ فنڈ**

کمپنی تمام ملازمین کے لیے منظور شدہ متعین شراکتی پراویڈنٹ فنڈز چلاتی ہے۔ کمپنی اور ملازم دونوں کی طرف مساوی ماہانہ شراکت مینجمنٹ ملازمین کے لیے بنیادی تنخواہ کے 4.5 فیصد اور غیر انتظامی ملازمین کے لیے 10 فیصد بنیادی تنخواہ کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ شراکت کردہ رقم نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں درج کی جاتی ہے۔

**ii. منظور شدہ واضح اشتراکی پنشن فنڈ**

کمپنی نے 2013ء کے دوران مینجمنٹ ملازمین اور اس کے بعد شامل ہونے والے تمام نئے ملازمین کے لیے ایک منظور شدہ متعین شراکتی پنشن فنڈ متعارف کرایا جنہوں نے متعین بینیفٹ پنشن اور گریجوٹی فنڈ سے متعین شراکتی پنشن فنڈ میں منتقلی کا انتخاب کیا۔ کمپنی ملازم کی بنیادی تنخواہ کے 10.5 فیصد کی شرح سے شراکت کرتی ہے جو منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں درج کی جاتی ہے۔

ریٹائرمنٹ کے فوائد ان سکیموں کے تحت ملازمین کی ملازمت کی مقررہ اہلیت کی تکمیل پر عملے کے لیے قابل ادائیگی ہیں۔

**3.12.3 ملازمین کی اعانتی غیر حاضریاں**

کمپنی اس سال میں ملازمین کی اعانتی غیر حاضری کا معاوضہ ادا کرتی ہے جس میں یہ کمائی جاتی ہیں۔ اسکیم کے تحت واجبات کا تخمینہ ملازمین کی موجودہ چھٹی کے استحقاق کی بنیاد پر اور ملازمین کی موجودہ تنخواہ کی سطحوں کو استعمال کرتے ہوئے لگایا جاتا ہے۔

**3.13 فراہمی**

3.13.1 ان کو مالی صورتِ حال کے بیان میں تسلیم کیا گیا ہے جہاں کمپنی کے پاس ماضی کے واقعے کے نتیجے میں قانونی یا تعمیری ذمہ داری عائد ہو، یہ ممکن ہے کہ ذمہ داری اور رقم کا قابل اعتماد تخمینہ لگانے کے لیے وسائل

کے معاشی فوائد کو شامل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ مالی حالت کی تاریخ کے ہر بیان پر فراہمی کا جائزہ لیا جاتا ہے اور موجودہ بہترین تخمینے کی عکاسی کے لیے ایڈجسٹ کیا جاتا ہے۔

3.13.2 اثاثوں کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کی فراہمی موجودہ ضروریات، ٹیکنالوجی اور قیمتوں کی سطح پر منحصر ہے اور موجودہ قیمت کا حساب اثاثوں کی مفید معاشی زندگی پر رعایتی رقم کے حساب سے کیا جاتا ہے۔ ذمہ داری کو تسلیم کیا جاتا ہے۔ (متعلقہ جائیداد، پلانٹ اور آلات کے حصے کے طور پر اس ہی رقم کے ایک حصے کے طور پر) اسے واجبہ تسلیم کیا جاتا ہے جب معقول تخمینہ لگایا جا سکے۔ نظر ثانی کے نتیجے میں تبدیلی کے اثرات کو وقت کے مطابق یا فراہمی کے اصل تخمینہ کی مقدار کو ممکنہ بنیاد پر شامل کیا جاتا ہے۔

## 3.14 اجارے / لیز

کمپنی معاہدے کے آغاز پر اس بات کا جائزہ لیتی ہے کہ آیا کوئی معاہدہ لیز پر ہے یا نہیں۔ آیا غور کرنے کے لیے معاہدہ کچھ مدت کے لیے نشان دہی کردہ اثاثے کے استعمال اور کنٹرول کرنے کا حق دیتا ہے۔

### 3.14.1 کمپنی بطور اجارہ کار

کمپنی تمام لیز کے لیے پہچان اور پیمائش کا ایک ہی طریقہ کار لاگو کرتی ہے، سوائے قلیل مدتی لیز اور کم مالیت کے اثاثوں کی لیز کے۔ کمپنی لیز کی ادائیگی اور استعمال میں آنے والے اثاثوں کو لیز کے واجبات تسلیم کرتی ہے جو مذکورہ اثاثوں کے استعمال کے حق کی نمائندگی کرتی ہے۔

### 3.14.2 قلیل مدتی اجارے اور پست مالیتی اثاثوں کے اجارے

کمپنی اپنی قلیل مدتی لیز پر قلیل مدتی لیز کی چھوٹ کا اطلاق کرتی ہے (یعنی وہ لیز جن کی اجراء کی تاریخ 12 ماہ یا اس سے کم ہے اور جن میں خریداری کا آپشن نہیں ہے)۔ قلیل مدتی لیز پر لیز کی ادائیگی کو لیز کی مدت کے دوران راست لائن کی بنیاد پر اخراجات کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

### 3.14.3 لیز کے واجبات

لیز کے آغاز کی تاریخ پر، کمپنی لیز کی ادائیگیوں کی موجودہ قیمت کے حساب سے لیز کے واجبات کو تسلیم کرتی ہے جو لیز کی مدت کے دوران کی جائے گی۔ لیز کی ادائیگیوں میں مقررہ ادائیگیاں (بشمول مادے کی مقررہ ادائیگی) منہا کوئی بھی قابل حصول لیز مراعات، متغیر لیز کی ادائیگی جو کسی اشاریے یا شرح اور باقی ماندہ ضمانتوں کے تحت متوقع ادائیگی کی جانے والی رقم پر منحصر ہوتی ہے۔ لیز کی ادائیگیوں میں خریداری کے آپشن کی قیمت بھی شامل ہے جو کمپنی کی طرف سے مناسب طریقے سے استعمال کی جاتی ہے اور لیز کو ختم کرنے کے لیے جرمانے کی ادائیگی بھی شامل ہے۔ متغیر لیز کی ادائیگی جو کسی انڈیکس یا شرح پر انحصار نہیں کرتی ہے اس کو اخراجات کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے (جب تک کہ وہ انوینٹری تیار کرنے پر خرچ نہ ہوں) جس مدت میں ادائیگی کو متحرک کرنے والا واقعہ یا حالت پیش آئے۔ لیز شروع ہونے کی تاریخ پر لیز کی ادائیگی کی موجودہ قیمت کا حساب لگانے میں، کمپنی لیز میں شامل سود کی شرح استعمال کرتی ہے۔ ایسی صورت میں جہاں لیز میں شامل سود کی شرح آسانی سے متعین نہ ہو، کمپنی اپنی افزوں قرض گیری شرح استعمال کرتی ہے۔

آغاز کی تاریخ کے بعد، لیز کی واجبات کی رقم بڑھا دی جاتی ہے تاکہ سود میں اضافہ ہو اور لیز کی ادائیگیوں میں کمی ہو۔ اس کے علاوہ، اگر کوئی ترمیم، لیز کی مدت میں تبدیلی، لیز کی ادائیگی میں تبدیلی یا بنیادی اثاثہ خریدنے کے آپشن کی جانچ میں تبدیلی ہو لیز کے واجبات کی مندرج رقم کی دوبارہ پیمائش کی جاتی ہے۔

### 3.14.4 توسیع و تنسیخ کے ساتھ لیز معاہدوں کے لیے لیز کی مدت کا تعین

کمپنی لیز کی مدت کا تعین لیز کی غیر منسوخ مدت کے طور پر کرتی ہے، نیز کسی بھی مدت کے لیے اگر یہ معقول حد تک استعمال کی گئی ہو، تو لیز میں توسیع کے آپشن کا احاطہ کیا گیا ہے یا اگر یہ معقول حد تک یقینی ہے کہ اسے استعمال نہ کیا جائے۔ لیز کو ختم کرنے کے آپشن کے ساتھ کسی بھی مدت کا احاطہ کیا گیا ہو،

